عضلاتی اعصابی تا عضلاتی غدی
حصہ دوم
مفرد ادویہ کے مرکبات
بمطابق قانون مفرد اعضاء
مصنف:
صوفی
حکیم رفاقت علی سالکی چشتی
شاگرد رشید:
حکیم یٰسین دنیاپوری

کتاب کا نام	:	مفرد ادویہ کے مرکبات (حصہ دوم)
مصنف	:	حکیم صوفی رفاقت علی
ناشر	:	عون وعدن برادران، لاہور
مطبع	:	باباجانی پرنٹرز، لاہور
طبع اول	:	نومبر 2015ء
تعداد	:	1100
قیمت	:	=/500 روپے علاوہ محصول ڈاک

ملنے کے پتے

یسین دواخانہ لاہور

علم دین سنٹر، بالمقابل کربلا گامے شاہ، لاہور

0301-4760408--042-37358721

ادارہ مطبوعات سلیمانیہ

رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 042-37232788

(عضلاتی اعصابی، عضلاتی غدی)

مفرد ادویہ کے مرکبات

حصہ دوم

دنیائے طب میں اس سے پہلے کسی نے بھی مفرد ادویہ کے مرکبات پر جامع کتاب نہیں لکھی ہم نے اسے قانون مفرد اعضاء کے مطابق ترتیب دیا ہے۔ قانون مفرد اعضاء کی چھ تحریکات کی مطابقت کے مطابق مفرد ادویہ کے مرکبات بھی چھ تحریکات میں تقسیم کئے ہوئے ہیں۔ تاکہ عام آدمی بھی مستفید ہو سکے۔

خادم فن

حکیم صوفی رفاقت علی چشتی

0306-4376396---0333-4738297

شاگرد رشید الحاج حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حضرت الحاج حکیم انقلاب دوست محمد صابر ملتانی کے فارماکوپیا کے عین مطابق حبوب کی شکل میں ادویات دستیاب ہیں۔ دیگر قرابادینی ادویات اور کشتہ جات بھی دستیاب ہیں۔

☆☆☆☆☆

طب کی دنیا میں
حیرت انگیز عظیم انقلاب

ہیپاٹائٹس بی اور سی کا وائرس 10 دن سے 21 دن تک نیگیٹو انشاءاللہ ہو جاتا ہے۔

منجانب

حکیم صوفی رفاقت علی چشتی

0306-4376396

فہرست ادویہ عضلاتی اعصابی

عضلاتی غدی ادویہ کی فہرست

معنون

ہم اپنی اس علمی وفنی کوشش کو جو خالص خلق خدا کی رہنمائی کے لئے لکھی گئی ہے۔ اپنے والدین گرامی کے نام اور اپنے مرشد کامل حضرت سیّد ذی وقار علی سالک شاہ گیلانی دامت برکاتہم العالیہ (مونگنا والا شریف ضلع شیخوپورہ) کے نام اور اپنی پیاری بیٹی جویریہ کے نام منسوب کرتا ہوں۔ حضرت سیّد علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی فیضان نظر سے بندۂ ناچیز خاکسار اس قابل ہوا کہ دوسری کتاب حصہ دوئم مفرد ادویہ کے مرکبات کو لکھنے کا شرف حاصل ہوا۔

خادم فن

حکیم صوفی رفاقت علی سالکی چشتی

C-157، ڈی بلاک، گلشن راوی، لاہور

مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلَّمْ۔

اللہ رب العزت کا شکر ہے اور حضور نبی کریم ، رحمۃ للعالمین ، نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر رحمت سے بندۂ ناچیز کو خلق خدا کی رہنمائی کے لئے مفرد ادویہ کے مرکبات پر کتاب لکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

دنیا طب میں اس سے پہلے کسی نے بھی مرکبات کے مزاج تحریر نہیں کئے۔ یہ سعادت بندۂ ناچیز کو بتوفیق الٰہی نصیب ہوئی۔ ہر نسخہ کا مزاج اور اس کے افعال واثرات بھی تحریر کئے گئے۔ اس سے عام آدمی بھی علاج معالجہ کرنے سے مستفیض ہوسکتا ہے۔ ادویہ کے مرکبات بنانا کوئی آسان کام نہیں ہے بہت مشکل کام ہے۔ ہر حکیم کے لئے ادویہ کا مزاج اور ان کے افعال واثرات کا جاننا ضروری ہے پھر علاج معالجہ پر دسترس پا سکتا ہے۔

مرکبات کی تقسیم:

مرکبات دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اول مرکبات سادہ جس کو آمیزہ کہتے ہیں۔ دو یا دو سے زیادہ ادویہ کو بغیر کسی استحالہ کے ملایا جائے جسے انگریزی میں مکسچر کہتے ہیں۔

دوم مرکبات کیمیاویہ جس کو امتزاج کہتے ہیں دو یا دو سے زیادہ ادویات کی ایسی ملاوٹ جس میں استحالہ سے اس طرح یک جان کر دیا جائے۔ پھر ان اجزاء کو الگ نہ کیا جا سکے جس کو انگریزی میں کمپاؤنڈ کہتے ہیں یعنی ایسے مرکبات جس کو ملانے کے لئے آگ یا کھرل کی حرارت یا متضاد ادویات کے اثر و متاثر ہونے سے آپس میں استحالہ کھا کر مرکب ہو جائے اور پھر جدا نہ ہو سکیں۔

آخر میں اتنا عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میں نے زیر نظر کتاب میں ہر قسم کی خوبیاں پیدا کرنے میں اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں چھوڑی لیکن انسان کے کام میں خامیاں ممکن ہیں۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین و ناظرین جو کمی محسوس کریں گے اس سے مجھے آگاہ ضرور کریں گے اور میری غلطیوں کو معاف کرتے ہوئے غلطیوں کی نشاندہی کر کے بذریعہ فون یا خط ضرور اطلاع دیں گے۔ تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان غلطیوں کی تلافی کی جائے۔

میرے اور میرے والدین اور پوری اُمت مسلمہ کے لئے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

گر قبول اُفتد زہے عزو شرف

خادم فن حکمت
حکیم صوفی رفاقت علی سالکی چشتی پکھیالوی
بمقام پکھیالہ، ڈاکخانہ خاص تحصیل مریدکے
ضلع شیخوپورہ
0306-4376396--0333-4738297

مفرد ادویہ کے مرکبات (حصہ دوم)

عضلاتی اعصابی (خشک سرد) ادویہ، اغذیہ کے افعال و اثرات

محرک عضلات، محلل اعصاب اور مسکن غدد ہے۔ خلط سودا پیدا کر کے رطوبات کو گاڑھا کرتا ہے۔ یعنی کیمیائی طور پر خون میں رطوبات کو کم کرتا ہے۔ حابس و قابض ہے۔ مقوی معدہ و امعاء ہے۔ محرک قلب و مسکن جوش خون (غدد) دافع بلغم ہے۔ اس سے قلب و عضلات کی کیمیائی تحریک (خلط سودا) پیدا ہوتی ہے۔

مرکبات آمله۔ مزاج عضلاتی اعصابی (سرد، خشک)

معجون تبخیر معدہ

آملہ	ہرڑ زرد	بھیڑے	ریوند چینی	قلمی شورہ	نوشادر
2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ
الائچی خورد	طباشیر	مصطگی رومی	شہد	گل قند	
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	15تولہ	15تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شہد اور گل قند ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1ماشہ کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے ہمراہ پانی دیں۔ صبح، دوپہر، شام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل و مقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔
تبخیر معدہ، بھوک کا نہ لگنا، کھایا پیا ہضم نہ ہونے کے لئے مفید ہے۔ متلی، قے کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اکسیر معدہ

ھوالشافی

آملہ	کالانمک	ہرڑ زرد	جدوار	میٹھا سوڈا	ست پودینہ
1تولہ	6ماشہ	1تولہ	3ماشہ	3ماشہ	1ماشہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا سفوف بنالیں آخر میں ست پودینہ ملالیں۔

مقدار خوراک: 4رتی تا ایک ماشہ ہمراہ پانی۔

افعال واثرات میں محرک، عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ کیمیائی طور پر خون میں خلط سودا پیدا کر کے بلغمی رطوبات کو کم کرتا ہے۔ خون کے قوام کو گاڑھا کرتا ہے۔ قے، اسہال، ابکائی، گیس و تبخیر، درد شکم دیگر اعصابی (بلغمی) تحریکات کے ازالہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے سوکڑا (فربہ بدن)

ھوالشافی

پوست آملہ	دہی
10تولہ	40تولہ

ترکیب تیاری: اول دہی کو کسی کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیں۔ جب سب پانی الگ ہو جائے تو پھر پوست آملہ کا سفوف بنا کر اس میں دہی کا پانی ملا کر کھرل کریں پھر دہی میں گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ (والدہ) یا پانی میں حل کر کے دے دیں۔

نوٹ! جوان کے لئے ایک گولی سے 2 گولی تک دے سکتے ہیں۔

افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ خلط سودا پیدا کر کے رطوبات کو روکتا ہے۔ بچوں کے سوکڑے، اسہال اور اعصابی تحریکات و دیگر علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون مقوی دماغ

مربہ آملہ	ہلیلہ	ہلیلہ سیاہ	بہمن سرخ	بہمن سفید	چینی
1 کلو	1 کلو	1پاؤ	1.5پاؤ	1.5پاؤ	2 کلو

ترکیب تیاری: اوّل مربہ جات کو صاف کریں پھر کوٹ کر باریک کریں۔ پھر خشک ادویہ کا سفوف بنا کر چینی کا قوام تیار کر کے مربہ جات ڈال کر ملالیں۔ پھر مذکورہ ادویہ کا سفوف ملالیں۔ پس معجون مقوی دماغ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے ۳ تولہ تک ہمراہ دودھ صبح وشام، نہار منہ

افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن جگر ہے۔ دائمی نزلہ زکام، ضعف دماغ، اعصاب خفقان قلب، ضعف معدہ و اسہال، پیچش، جریان، سرعت انزال، مادہ منی کے قوام کو آہستہ آہستہ گاڑھا کر کے امساک پیدا کرتا ہے۔ اس کے استعمال کرنے سے مادہ منویہ میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے اور مستقل استعمال سے قدرتی طور پر امساک پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون مفرح قلب

مربہ آملہ	مربہ سیب	بہمن سرخ	بہمن سفید	تخم بالنگو
ڈیڑھ پاؤ	1پاؤ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

تخم ریحان	سنگھاڑا	کمرکس	مغز کدو	مغز بادام
1تولہ	1تولہ	1تولہ	3تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: اوّل مربہ جات کو گھوٹ کر باقی مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا دیں۔ پھر چینی کا قوام بنا کر یا شہد میں سب ادویہ کا سفوف ملا دیں۔ پس معجون مفرح تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک تولہ سے ۲ تولہ ہمراہ دودھ یا پانی۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ مفرح قلب، دافع جریان، ممسک دیگر۔ اعصابی تحریکات کی علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اکسیر کثرت طمث

حوالشافی: آملہ۔ گیرو پھٹکری، بریان، ہموزن

ترکیب تیاری: پہلے پھٹکری کو بریان کرلیں پھر باقی مذکورہ ادویہ کا سفوف کر کے ملا دیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ تا ۲ ماشہ تک ہمراہ شربت انجبار یا دودھ کی کچی لسی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ کثرت حیض کی مریضہ کی تحریک عضلات غدی ہوتی ہے۔ کیونکہ مریضہ کو فوری طور پر ایسی ادویہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو کہ جریان خون کو فوری طور پر بند کردے۔ اس لئے قانون مفرد اعضاء کے مطابق عضلات کی مشینی تحریک کو عضلات کی کیمیائی تحریک میں تبدیل کر کے فی الفور شفائی اثرات مرتب کئے جا سکتے ہیں۔ حابس و قابض مزاج کی حامل ادویہ وقتی طور پر بہت ہی جلد کام تو کرتی ہیں۔ مگر مستقل علاج نہیں ہوتا۔ اس لئے خشکی کا علاج برودت ہے۔

رازکی بات:

جسم کے کسی حصہ سے بھی خون آرہا ہو تو رطوبات کو پیدا کردیا جائے۔ تو خون کا آنا معکوف ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے قانون مفرد اعضاء کے غدی اعصابی تا اعصابی غدی مزاج کی حامل ادویہ اور اغذیہ دی جاتی ہیں۔ یہ اصول علاج جو بیان کردیا گیا ہے جریان خون، اسہال، پیچش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

خضاب لاجواب

حوالشافی: آملہ۔ لیموں کا رس حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: حسب ضرورت لے کر خوب پیس لیں۔ کپڑے سے چھان کر کے بوقت ضرورت لیموں میں حل کر کے بطور مہندی لیپ کرلیں۔ اوّل ہفتہ میں تین بار لگانے سے بال اصلی سیاہی پر آجائیں گے۔ پھر ہفتہ میں ایک بار استعمال کریں۔

شاہی ہیئر آئل

آملہ	بھیڑے	باچھڑ	میتھرے	تخم جامن	سیکا کائی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: ادویہ کو کوٹ کر نیم کوفتہ کر کے پانی 1/2 کلو میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش یہاں تک دیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ پھر پانی کو پُن کر سرسوں کے تیل 1.5 (ڈیڑھ) پاؤ میں ملا دیں۔ ہلکی آنچ پر یہاں تک پکائیں کہ پانی جل جاوے تو ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کرلیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ بالوں کو گھنا، نرم و ملائم، بالوں کے گرنے، لمبا کرنے، سکری و خشکی دور کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات آلو بخارا ۔مزاج عضلاتی اعصابی (سرد خشک)

خیساندہ قبض کشا

خیساندہ قبض کشا	آلو بخارا	تمر ہندی	ہلیلہ زرد	بھیڑے	ہلیلہ سیاہ

درج بالا تمام چیزیں مساوی الوزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو رات کو حسب ضرورت پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر نہار منہ ہر روز استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ جریان، قبض، یرقان، لولگنا، ہاتھ پاؤں کی جلن بوجہ غدی تحریک۔ نزلہ حار۔ دیگر اعصابی اور غدی تحریکات کے لئے موزوں ہے۔

☆☆☆☆☆

چٹنی مفرح قلب (چٹنی مقوی قلب مسکن جگر)

آلو بخارا	املی	زرشک	منقہ	خام آم کا گودا	چینی
1 پاؤ	1 پاؤ	1 چھٹانک	1 چھٹانک	1 پاؤ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ماسوائے خام آم کے باقی مذکورہ اشیاء کو اچھی طرح مصفا کر کے رات پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر گودا آم ملا کر چینی کے قوام میں ملا دیں۔ بس خوش ذائقہ چٹنی تیار ہے۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ کیمیائی طور پر خون میں خلط سودا پیدا ہو جاتی ہے۔ خون کے قوام کو گاڑھا کرتی ہے۔ مقوی قلب و مفرح جگر ہے۔ قے۔ ابکائی۔ اسہال۔ پیچش۔ جریان مذی۔ خاص کر حاملہ

خواتین کے قے کو روکنے۔ جی متلانے کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف ہاضم

آملہ مقشر	پودینہ خشک	فلفل سیاہ	کالا نمک	شیرہ آلو بخارا
1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	6 ماشہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: آلو بخارا کا شیرہ بنا کر مذکورہ ادویہ میں ملا دیں پھر خشک ہونے کے بعد کوٹ کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی معدہ امعاء ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر صالح خون پیدا کرتا ہے۔ گیس و ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات اسپند: مزاج۔ عضلاتی اعصابی (خشک و سرد)

سفوف برائے شوگر

ھوالشافی: تخم اسپند (حرمل) حسب ضرورت۔ دہی 1 پاؤ۔

ترکیب استعمال: چائے والا چمچ۔ ایک پاؤ دہی میں ملا کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک قلب و عضلات و محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ خون میں کیمیائی طور پر خلط سودا پیدا کرتی ہے۔ شوگر۔ مقوی باہ۔ مقوی اعصاب۔ دیگر اعصابی تحریک کے لئے موزوں ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے شوگر

ھوالشافی:

تخم اسپند	خراطین مصفا

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: خراطین کو ترش لسی میں نمک ڈال کر رکھ چھوڑیں۔ تھوڑی دیر کے بعد دھو لیں۔ خراطین مصفا ہو جائیں گے۔ خشک کر کے دونوں کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح وشام ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی یا بیضہ مرغ کی زردی کے ساتھ دیں۔

افعال و اثرات: عضلاتی غدی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن و مقوی غدد ہے۔ اعصابی شوگر، بلغمی شوگر۔ اس شوگر میں پیشاب کی کثرت اور کھل کر زیادہ مقدار میں آتا ہے۔ اور بار بار آتا ہے۔ یہی حقیقی شوگر ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے نقرس وجع المفاصل

ھوالشافی:

اسپند	گوگل مصفا	دہی	اجوائن

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب۔ و مسکن و مقوی غدد ہے۔ نقرسی دردیں۔ وجع المفاصل۔ دیگر اعصابی تحریک کی علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب اسپند (برائے احتلام)

اسپند	قرنفل	دارچینی	مغز جائفل	عقرقرہ	کنجد	افیون

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: ادویہ کا سفوف بنا کر چھان کر شہد کے ساتھ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: 1 تا 2 گولی ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ جریان، احتلام، سرعت انزال کے لئے موزوں ہے۔ دیگر اعصابی تحریکات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب وجع المفاصل

ھوالشافی: تخم ہرمل حسب ضرورت لے کر پانی میں جوش دیں، حالت جوش میں دیسی گھی ڈال دیں۔ پانی خشک ہونے کے بعد شہد کی مدد سے گولیاں بنالیں۔ ایک جب صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں

افعال و اثرات: میں محرک عضلات و مقوی اعصاب، محلل و مسکن غدد ہے۔ اعصابی اور غدی دردوں کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات اتیس ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف برائے بخار

مو اشیائی

اتیس	کاکڑا سنگی	فلفل دراز

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

مقدار خوراک: 2رتی سے 4رتی ہمراہ شہد۔

ترکیب استعمال: جملہ ادویہ کو سفوف بنا کر شہد میں ملا کر چٹائیں۔

خواص: بچوں کے دست، قے، کھانسی، بخار کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے بخار کہنہ

مو اشیائی

اتیس	برگ نم	گلوبز	مرچ سیاہ
3تولہ	5تولہ	10تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ نیم کوفتہ کر کے 1 کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔

صبح پانی کو یہاں تک جوش دیں کہ پانی 1 پاؤ رہ جانے پر چھان کر اس پانی میں مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا دیں۔

گورتی	ست گلو	طباشیر نقرہ	ریوند عصارہ	کرنجوہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	5تولہ
الائچی دانہ	کشتہ ابرک سفید	کشتہ ابرک سیاہ	کشتہ ہڑتال ورقیہ	کونین
6ماشہ	2تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: بخار کہنہ، باری کا بخار، وبائی موسمی بخار کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے بخار

مغز کرنجوہ	مگاں
2تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ بخار کہنہ، باری کے بخار، اعصابی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات انار

مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

(چورن لاجواب)

انار دانہ	دار چینی	سنڈھ	زیرہ سیاہ	الائچی خورد دانہ
۵تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
ہڑ زرد	آملہ	مگاں	کالی مرچ	نمک سونچر
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ مقوی معدہ امعاء، نظام انہضام کو تیز کر کے بھوک لگاتا ہے۔ کھایا پیا خوب اچھی طرح ہضم ہوتا ہے۔ کھٹی میٹھی ڈکاریں، گیس، تبخیر معدہ شکم درد، متلی، قے کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف لیکوریا

انار	گل انار	گل پستہ	کشتہ قلعی	کشتہ شاخ مرجان

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: کشتہ قلعی تیار کرنے کی ترکیب، قلعی کے چاول بنالیں۔ پھر برگ کیلا میں تہہ بہ تہہ چاول قلعی ایک کوزہ گل میں رکھ گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

ترکیب تیاری: کشتہ شاخ مرجان، شاخ مرجان کو عرق گلاب میں بجھاؤ دیں۔ بعد ازاں گودا گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

ادویہ کا سفوف بنا کر کشتہ جات میں اچھی طرح کھرل کریں۔

مقدار خوراک: 1رتی ہمراہ دودھ صبح نہار منہ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، مقوی و محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ لیکوریا، جریان خون، گھبراہٹ قلب بوجہ اعصابی یا غدی تحریک کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت انار برائے بخار

ھوالشافی: پوست انار (1پاؤ)......چینی (1 کلو)

ترکیب تیاری: معروف طریقہ کے مطابق شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ تا دو چمچ۔ صبح دوپہر، شام۔ صبح نہار منہ شربت کا ایک گلاس بنا کر پئیں۔ دوپہر کو کھانے کے ایک گھنٹہ بعد۔ شام کو ایک گھنٹہ بعد۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ پرانے بخار، مقوی معدہ واعصاب ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف تریاقی بواسیری

چھلکا انار کابلی	چاکسو مقشر	سرمہ سفید	دانہ الائچی خورد

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک ۲ ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ باسی پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ خونی بواسیر، جریان، خون ہر قسم، پیچش، اسہال، دیگر اعصابی تحریک کیلئے موزوں ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف شکری (برائے بواسیر خونی)

پوست انار	بڑی داڑھی	گل انار	شکر سرخ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	3تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شکر سرخ میں ملا دیں۔

مقدار خوراک: صبح نہار منہ 6 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔خونی بواسیر، جریان خون، اسہال، پیچش، لیکوریا، سرعت انزال کے لئے موزوں ہے۔

☆☆☆☆☆

پوٹلی خروج رحم یا مقعد

گل انار	گل کیکر دیسی	پوست کیکر	پوست کیلا

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: حسب ضرورت تقریباً ایک وقت کے لئے ہر ایک ایک تولہ لے کر رات کو پانی 1 کلو میں بھگو دیں۔ جوش آنے پر نیم گرم پن کر استنجا کروائیں اس طرح دن میں دو بار کریں۔ بعد ازاں لنگوٹ کس دیں۔ ایک ہفتہ یہ عمل دہرائیں۔

کھانے کے لئے مندرجہ ذیل ادویہ دیں۔

حب مقوی خاص، عضلاتی اعصابی ملین۔ ایک ایک حب، صبح، دوپہر، شام ہمراہ جوشاندہ لونگ (2 عدد)، دار چینی (ایک ماشہ)۔ صبح و شام کھانے کے بعد استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

☆☆☆☆☆

سفوف گل انار

پیشاب میں خون آنا

گل انار	دم الاخوین	گل ارمنی	سنگجراحت	شب یمانی بریاں	گوند کتیرا	کوزہ مصری

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے ہمراہ شربت انجبار دن میں 3 بار دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔محرک عضلات محلل اعصاب و مقوی مسکن غدد ہے۔تقطیر البول، خروج رحم، نکسیر، لیکوریا کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

چٹنی برائے قے، اسہال

انار دانہ	پودینہ سبز	املی	آلو بخارا	کالی مرچ	زرشک شریں
1 تولہ	6 ماشہ	6 عدد	3 عدد	5 عدد	6 ماشہ

ترکیب تیاری: چٹنی حسب ضرورت معروف طریقہ کے مطابق بنا لیں۔

مقدار خوراک: چھوٹے بچہ کے لئے ایک ماشہ بھر چٹائیں۔

بڑوں کے لئے ایک چمچ کھانے والا۔

نوٹ! اگر مرض میں شدت زیادہ ہو تو ہر 5 تا 10 منٹ کے بعد کھلائیں

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ قے، ابکائی، اسہال، ہیضہ، پیچش کے لئے نہایت مفید ہے۔

نوٹ! گرمی کے موسم کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ لو لگنا، گرمی کا زیادہ محسوس ہونا، پسینہ زیادہ آنا، بدبوئے دہن کے لئے یہ چٹنی بہت ہی مفید ہے۔

(۱) شربت انار، یرقان پیلا، ہیپاٹائٹس B اور C۔

ھوالشافی: آب انار سفید (1/2 کلو)۔ چینی (1 کلو)

ترکیب تیاری: معروف طریقے سے شربت بنا لیں۔

(۲) کشتہ ہیرا کسیس (سبزکائی)

ترکیب تیاری: ہیرا کسیس کو کوزہ گلی میں بند کر کے آگ 2 کلو کی دیں۔ بس کشتہ ہیرا کسیس تیار ہے۔

(۳) شربت انار میں 6 ماشہ کشتہ ہیرا کسیس ملا دیں۔ (۴) صبح نہار منہ

(۵) پودینہ کا جوشاندہ بنا کر پُن کر اس میں شربت انار ایک چھٹانک ملا کر پلائیں ایک گھنٹہ یا دو گھنٹہ کے بعد حلوہ دیسی گھی سے تر کھلائیں یا چوری کھلائیں۔ اعصابی غذائیں کھلائیں۔

انشاء اللہ شربت کی بوتل ختم ہونے پر یرقان پیلا سے مکمل صحت یابی ہو جائیگی۔

مرض کی شدت کے پیش نظر دوسری بوتل کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مذکورہ عمل بالا کی طرح استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

یہ نسخہ مجھے میرے ایک قریبی دوست حاجی مقصود احمد صاحب (لاہور) نے بتایا۔ ان کے بقول کہ یہ ہمارا صدری نسخہ پردادا کو ایک سنیاسی نے بعوض خدمت بتایا تھا۔ جو کہ نسل در نسل ہم اسے استعمال کر رہے ہیں۔ اور یرقان کے مریض شفایاب ہو رہے ہیں بشرطیکہ ہمارے طریقہ کے مطابق استعمال کیا جائے تو کبھی بھی ناکامی نہیں ہوتی ہے۔ میری تمام ان اطباء کرام سے التماس ہے جو بھی اس نسخہ کو استعمال کروائیں، وہ اپنی دعاؤں میں میرے لئے اور میرے آباؤ اجداد کے لئے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ طالب دعا: حاجی مقصود احمد لاہور۔

☆☆☆☆☆

سفوف هاضم

انار دانہ	پودینہ	فلفل سیاہ	برنجاسف	نوشادر
1 تولہ	3 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ
پوست دانہ سماق	کھانے والا نمک	ست پودینہ	ست اجوائن	
1 تولہ	6 ماشہ	1 ماشہ	1 ماشہ	

ترکیب تیاری: مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ست اجوائن اور ست لیموں ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی معدہ و امعاء، تبخیر، کھٹی میٹھی ڈکار، درد شکم کے لئے مفید ہے۔ مزاج عضلاتی، اعصابی مزاج (خشک سرد)

☆☆☆☆☆

مرکبات ابرک سیاہ

حب برائے غدہ قدامیہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

(پراسٹیٹ گلینڈز)

ھوالشافی:

ابرک سیاہ	روغن بھلاواں
5 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ کو قینچی سے کاٹ کر روغن بھلاواں میں یہاں تک کھرل کریں کہ ٹکیہ بن جائے۔ خشک ہونے پر 10 کلو اپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل چار بار کرنے سے سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ پھر

قلمی شورہ	گندھک آملہ سار	نوشادر	جوکھار
6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ

کا سفوف بنا کر محفوظ کریں۔ 1 تولہ کشتہ ابرک کا سفوف بھی ملالیں۔ پس مرکب غدہ قدامیہ تیار ہے۔

خواص: پراسٹیٹ گلینڈز (غدہ قدامیہ)، سوزاک، تقطیر البول، پیشاب میں جلن، پتھری گردہ مثانہ، کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ ابرک سفید ۔ برائے بخار

هوالشافی:

ابرک سفید	آب گھیگوار
1چھٹانک	1پاؤ

ترکیب تیاری: ابرک کو پہلے قینچی سے باریک کر کے آب گھیگوار میں کھرل یہاں تک کریں کہ آب گھیگوار ختم ہو جائے۔ پھر ٹکیہ خشک کر کے گلی کوزہ میں بند کر کے 10 کلو کی آگ دیں۔ بہترین کشتہ برآمد ہو گا۔

مقدار خوراک: 1رتی سے 2رتی تک ہمراہ نیم گرم پانی سے استعمال کریں

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ معدہ کو طاقت دے کر بھوک کو بڑھاتا ہے اور طاقت دیتا ہے۔ امعاء کو تقویت دے کر اسہال کو روکتا ہے۔ ذیابیطس، نزلہ زکام، کھانسی بلغمی، دمہ، سیلان الرحم، جریان خون، بخار کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے تپ محرقہ

کشتہ ابرک سفید	کشتہ صدف مرواریدی	کشتہ سنکھ
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: کشتہ ابرک سفید، گھیگوار والا۔ کشتہ صدف، گلو نغدہ میں رکھ کر 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہو جائے گا۔

ترکیب سنکھ کشتہ: سنکھ (1پاؤ)۔ ہاتھو کا نغدہ (1 کلو) میں رکھ رکھ 20 کلو کی آگ دیں تیار ہو جائے گا۔ کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

تینوں کشتہ جات کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا 2رتی ہمراہ جوشاندہ ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔

اجزاء جوشاندہ:

عناب	خاکسی	منقی	برگ گاؤزبان	پانی
9عدد	2ماشہ	9دانہ	1تولہ	1پاؤ

سردی کے موسم میں جوشاندہ بنا کر پلائیں۔ گرمی کے موسم میں خیساندہ بنا کر پلائیں۔

خیساندہ ادویہ کو کوٹ کر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح پن لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل ومقوی اعصاب و مسکن غدد ہے۔ اعصابی تحریک کے لئے تحلیل کی صورت میں شفا ہو گی۔ غدی تحریک میں تسکین کی صورت میں۔ حمی کے لئے مفید ہو گی۔

☆☆☆☆☆

حب تپ محرقہ

ست گلو	طباشیر کبود	کشتہ عقیق	کشتہ ابرک سفید
9ماشہ	3ماشہ	3ماشہ	6ماشہ
کشتہ سنگجراحت	الائچی خورد	مغز بادام شیریں	
6ماشہ	2تولہ	6عدد	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: 1تا2 گولی ہمراہ عرق بادیان، صبح، دوپہر، شام دیں

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جگر کو تسکین دے کر حرارت کو روکتا ہے۔ تپ محرقہ، کھانسی کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سل ودق

کشتہ ابرک سفید	کشتہ مرجان	سبز کاہی	گل احمر
2 تولہ	2 تولہ	1 تولہ	2 تولہ
کہربا شمعی	ریوند خطائی	ست گلو	
2 تولہ	1 تولہ	2 تولہ	

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی تا 2 رتی ہمراہ شربت انجبار یا شربت بزوری دیں

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ غدی تحریک کی سل ودق کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات افسنتین

سفوف دافع ورم کبد

افسنتین رومی	طباشیر کبود	ست گلو	پودینہ جنگلی	کشتہ ہڑتال گودنتی	کافور
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی تا 1 ماشہ ہمراہ پانی یا عرق بزوری۔

نوٹ! بہتر یہی ہے کہ عرق بزوری کے ساتھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے (خشک سرد)۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ حمی صفراوی و بلغمی، ورم جگر، یرقان اصفر و سفید، و دیگر غدی اور اعصابی

تحریکات کے لئے موزوں ہے۔

نوٹ! یہ دوا فوری طور پر امراض جگر میں تسکین کی صورت میں فائدہ کرتی ہے اور امراض دماغ میں تحلیل کی صورت میں مستقل طور پر امراض کا خاتمہ کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے وجع المرارہ (درد پتہ)

افسنتین	بیخ ریباس	ملح النار	ہیراکسیس	سوڈا بائی کارب
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
آب کگرونده	آب شاہترہ	آب مکو	آب قرب (مولی)	
1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	ڈیڑھ پاؤ	

ترکیب تیاری: ادویہ کا سفوف بنا کر پھر مذکورہ پانیوں کو ملا کر پن کر آگ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ قوام غلیظ مانند رب تیار ہو جائے پھر مذکورہ ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: 2 حب ہمراہ عرق کاسنی، عرق بادیان، شربت بزوری، ملا کر دو گھنٹہ بعد از غذا صبح و شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد و محلل عضلات و مسکن اعصاب ہے۔ درد پتہ، گردہ و مثانہ، حالبین، پتھری، ورم جگر، عظم جگر، وطحال، یرقان زرد و سیاہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب افسنتین عظم جگر

افسنتین	جوہر نوشادر	کشتہ فولاد	طباشیر کبود	الائچی خورد	کوزہ مصری
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	1تولہ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: جوہر نوشادر کو نکالنے کا طریقہ کار۔ نوشادر کا سفوف بنا کر اس کے ہم وزن کھانے والا نمک ملا کر دو سکوروں میں ڈال کر گلمت کر کے آگ پر رکھیں۔ دو تین دفعہ یہ عمل دہرائیں۔ بہترین جوہر زرد رنگ کا برآمد ہوگا۔ اسے مذکورہ ادویہ میں ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔ حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: دو حب ہمراہ شربت بزوری دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ ورم کبد، عظم جگر، حمیٰ صفراوی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف افسنتین

افسنتین	ریوند خطائی	شورہ قلمی	سنڈھ	کالی مرچ	نوشادر
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد و محلل عضلات و مسکن اعصاب ہے۔ حمی سوداوی، ہیپاٹائٹس B، C، قے، ابکائی، دیگر غدی عضلاتی اور عضلاتی تحریکات کی علامات کے ازالہ کے لئے بہترین دوائی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اکسیر جگر

افسنتین رومی	ریوند خطائی	نوشادر	سنبل الطیب
3تولہ	5تولہ	1تولہ	2تولہ
سازج ہندی	شورہ قلمی	فلفل سیاہ	کشتہ فولاد
1تولہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 2 ماشہ ہمراہ عرق بزوری صبح وشام بعد از غذا (دو گھنٹہ پیشتر)

افعال و اثرات: غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد و محلل عضلات و مسکن اعصاب ہے۔ ہیپاٹائٹس B اور C، عظم طحال، گیس و ریاح معدہ، امعاء گردہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مراق

افسنتین	گل سرخ	گل گاؤزبان	مصطگی رومی	عود	الائچی کلاں	طباشیر
5ماشہ	3ماشہ	3ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر عرق کیوڑہ یا سادہ پانی سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: دو حب کھانے کے بعد ہمراہ پانی دیں۔

خواص: مالیخولیا مراقی، تبخیر معدہ، امراض جگر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

جوشاندہ برائے برص

ھوالشافی:

انجیر	چاسکو	تخم پنواڑ	بابچی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری و خوراک: 1 تولہ روزانہ ۲ کپ پانی میں یہاں تک جوش دیں کہ پانی ایک کپ رہ جانے پر چھان کر مریض برص کو پلائیں۔ صبح منہ نہار۔

نوٹ! پھوک کو مقام معاوف برص پر رگڑ کر لگائیں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ لگاتار یہ عمل ہر صبح نہار منہ دہراتے رہیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات انزروت ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

دوائے انزروت برائے کان درد

انزروت شہد۔ وقفہ دیں حسب ضرورت

ترکیب تیاری: شہد میں روئی کی بتی بھگو کر انزروت کو باریک کر کے چھڑک کر کان میں ڈال دیں۔ کان درد اور زخم کے لئے مفید ہے۔

ڈراپر برائے کان درد

انزروت (1 حصہ)...... پیاز کا پانی (3 حصہ)

ترکیب تیاری: پیاز کے پانی میں انزروت ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں بعد میں چھان کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک تا دو قطرے کان میں ڈالیں۔ درد کو تسکین ہوگی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ کان سے پیپ آنا، درد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شافہ مدرحیض

ھوالشافی: انزروت (1 تولہ)۔ مصبر (5 تولہ)

ترکیب تیاری: حسب دستورہ پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے بوزن 2 ماشہ شیاف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت اندام نہانے میں رکھوائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ احتباس طمث اور بوجہ اعصابی تحریک کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات انجیر ......مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشاندہ بواسیر

انجیر	گھی	دودھ
5 عدد	ایک چمچ	ایک پاؤ

ترکیب تیاری: انجیر کو دودھ میں جوش دیں۔ جوش آنے کے بعد دیسی گھی ڈال دیں۔ نیم گرم پلائیں۔ (رات کو سوتے وقت)

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بواسیر

بادی وخارش کے لئے مفید ہے۔ قبض کشائی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات السی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

مرہم برائے حرکت النار (جلے ہوئے کیلئے)

روغن السی، چونا کا مقطر پانی۔ دونوں ہم وزن لیں

ترکیب تیاری: دونوں کو کھرل میں ڈال کر چند منٹ کھر کریں۔ مرہم بنا کر محفوظ کرلیں۔

فوائد: جلتے ہوئے پر فوراً مرہم لگائیں، فوراً درد اور جلن ختم ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات املی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب برائے سرعت انزال

ہوالشافی: تخم املی سوختہ میں مغز نکال لیں۔ مغز املی، تخم بینگن، پرانا گڑ درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: ان کو ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

طریقہ استعمال: ایک حب صبح وشام ہمراہ دودھ 7 دن کافی ہے۔ اگر مرض پرانا ہوتو 3 ہفتہ کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ سرعت انزال اور مذی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات باجرہ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

اورام، اعصابی پلٹس

ہوالشافی: باجرہ (حسب ضرورت)۔ سرکہ انگوری (حسب ضرورت)

ترکیب تیاری: باجرہ کا سفوف بنا کر سرکہ میں گوندھ کر اس کی روٹی پکا کر اعصابی اورام پر باندھنے سے یقینی شفا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تخم بارتنگ ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف برائے نکسیر

ہوالشافی: تخم بارتنگ۔ تخم سمندر سوکھ۔ ہم وزن

ترکیب تیاری: سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ تا 2 ماشہ ہمراہ پانی یا دودھ صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل و مقوی اعصاب مسکن غدد ہے۔ نکسیر، جریان خون، جسم کے کسی بھی حصہ سے غیر طبعی طور پر آنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ

تخم بارتنگ	سمندر سوکھ	بیج بند	کوزہ مصری

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ دیں۔

ہفتہ تا دو ہفتہ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب مقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔ منی و قوام کو غلیظ کر کے سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بانس۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشاندہ بندش حیض

کونپلیں بانس	شہد

ترکیب تیاری: کونپلوں کا جوشاندہ بنا کر شہد سے میٹھا کر کے پلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ بوجہ اعصابی تحریک کے بندش حیض کے اس جوشاندہ کا پلانا مفید ہے۔ چھپاکی کے لئے اس کا جوشاندہ بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

منجن

بانس کی جڑ۔ چھلکا بادام۔ دونوں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر محفوظ کرلین۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں۔ دانتوں کو مضبوط اور درد کو روکتا ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کر کے دانتوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ بدبوئے دہن دور کرتا ہے۔

۲) بچھو کے کاٹے ہوئے پر اس کے شگوفہ کا ضماد کرنے سے فوراً تسکین ہو کر درد دور ہو جاتا

ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بسد۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف مقوی قلب

بسد	خون سیاؤشاں	گیرو
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: بسد کر عرق گھیکوار میں کھرل کرلیں۔ قرص بنا کر خشک کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ پھر مذکورہ ادویہ ملا کو سفوف محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی تا 1 ماشہ۔ ہمراہ دودھ، گھی دیں۔

افعال و اثرات: محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کو وقتی طور پر روکتا ہے۔

نوٹ! یہ بات یاد رکھیں۔ جریان خون کسی مقام سے خارج ہو رہا ہو تو اس کی تحریک عضلاتی اعصابی یا عضلاتی غدی ہوگی۔ کیونکہ جسم میں رطوبات کی کمی کے نتیجہ میں خشکی کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے خون آتا ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ عضلاتی اعصابی ادویہ بذات خود خشک سرد ہیں تو یہ کیسے خون کو روکتی ہیں۔

جواب: اصول علاج تو یہ ہے کہ رطوبات کو بڑھایا جائے۔ تاکہ خشکی کا غلبہ کم ہو کر رطوبات پیدا ہو جائیں تو خون خود بخود بند ہو جائے گا۔ مگر تمام طبی کتب اور اطباء کرام خون کو روکنے کے لئے حبس الدم ادویہ کا استعمال کرنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ جو کہ اصول علاج نہیں ہے۔ حامیین قانون مفرد اعضاء، عضلاتی اعصابی ادویہ کی تشریح یوں بیان فرماتے ہیں کہ سرد خشک ادویہ وقتی طور پر شریان میں سکیڑ پیدا کر کے ان کا منہ بند کر دیتی ہیں۔ اگر طبیعت میں طاقت آجائے تو دوبارہ خون نہیں آتا مگر

پہلے کی نسبت خون زیادہ آنا شروع ہو جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں سمجھ لیں کہ عضلاتی اعصابی رواع ادویہ ہوتی ہیں۔ جو کہ خون کے دباؤ کو وقتی طور پر روک دیتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

سرمہ برائے نزول الماء

بسد	سرمہ سیاہ	ہلیلہ سیاہ	نیلا توتیا (ایک رتی)

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر اچھی طرح کھرل کر کے عرق اجوائن ایک پاؤ میں یہاں تک کھرل کریں کہ عرق اجوائن ختم ہو جائے۔ تو خشک کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

فوائد: دھند، جالا، اندھیرا (رات کو دکھائی نہ دینا)، آنکھوں سے پانی کا زیادہ آنا کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بلادر ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب برائے بال سیاہ

بلادر	کچلہ مدبر	افسنتین	اسطوخودوس	مصبر
1 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	3 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کے سفوف بنا کر حب نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات و محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ مقوی باہ۔ نزلہ گیرا (اعصابی) کی وجہ سے بالوں کا سفید ہونا قبل از وقت بڑھاپا کا

ہونا یہ نسخہ کم از کم 6 ماہ تک استعمال کیا جائے تو یقیناً بال سیاہ ہو جائیں گے۔ بشرطیکہ غذا بھی عضلاتی غدی کھائی جائے۔

☆☆☆☆☆

اطریفل شباب آور

برائے نزلہ زکام

بلادر	ہلیلہ	بلیلہ	آملہ
5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: بلادر کی ٹوپی اتار کر بلادر کو بڑی احتیاط کے ساتھ باریک کریں۔ لیکن اس کے تیل کی بوند آنکھ یا جسم کے کسی حصہ میں لگنے نہ پائے۔ اس کے لگنے سے آبلے، جلن یا سوجن ہو جاتی ہے جو نا قابل برداشت ہوتی ہے۔ اگر اتفاق سے ایسا ہو جائے تو تل کا تیل یا روغن اخروٹ اس کا تریاق ہے۔ فوری طور پر اثر انداز ہو کر آرام آ جاتا ہے۔

جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر پھر چینی کا قوام بنا کر ادویہ ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ سے 1 تولہ۔ دن میں صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا، نزلہ زکام، سردرد، عصابہ، جریان، لیکوریا، کھانسی، دیگر تمام اعصابی امراض و علامات کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

برفی شباب آور

بلادر ٹوپی کے بغیر	نارجیل تازہ	چینی
5 تولہ	ڈیڑھ کلو	3 کلو

ترکیب تیاری: پہلے بلادر کو باریک پیس لیں۔ پھر نارجیل کو باریک کرلیں۔ دونوں کو ملا کر خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ تاکہ یک جان ہو جائیں۔ چینی کا قوام بنا کر ادویہ ملا کر ٹھنڈا ہونے پر برفی کاٹ لیں۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک، صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔ مقوی باہ تمام رطوبتیں علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مسہل

برائے دمہ بلغمی

بلادر	ہلیلہ سیاہ	ہرڑ جلابہ
1 تولہ	1 تولہ	10 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ تمام رطوبتیں امراض و علامات کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔ دائمی نزلہ زکام، بلغمی کھانسی، بلغمی دمہ کو بذریعہ اسہال خارج کرنے اور مقوی باہ اور ممسک بھی ہے۔ اس کے علاوہ لیکوریا، جریان، شوگر،

سلسل بول، آتشک کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بلوط ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف بلوط برائے لیکوریا

بلوط	ہلیلہ سیاہ	کرکس	سیتا سپاری

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشے تک ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلاتی محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سیلان الرحم، مقوی رحم، اس کا سفوف منہ میں لگانے سے چھالوں کو آرام آجاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ ہیرا

کیلشیم کا نعم البدل، قوت کا خزانہ، بوڑھوں کا سہارا، مقوی باہ وممسک۔
اس کی صرف 7 خوراکیں کافی ہیں۔

کشتہ ہیرا 1 رتی کو 1 تولہ مروارید اعلیٰ قسم ہمراہ عرق گلاب کے ساتھ کھرل کیا جائے۔ پھر اسے شوگر کے مریض کے لئے مقدار خوراک 1 چاول سے 2 چاول صبح نہار منہ ہمراہ دودھ دیا جائے تو 1 ماہ کے کورس کرنے سے شوگر ہمیشہ کے لئے نارمل رہتی ہے۔

قیمت کشتہ ہیرا فی رتی =/5000 روپے

☆☆☆☆☆

مرکبات بنولہ ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف درد کمر (مہروں)

مغز بنولہ	اسگندناگوری

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے ہمراہ دودھ نیم گرم، صبح نہار منہ۔شام 5 بجے نہار منہ

افعال و اثرات: میں کمر درد، مہروں میں فاصلہ زیادہ ہونا، درد کے لئے موزوں ہے۔اس کے علاوہ مولد منی، مغلظ منی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ

مغز بنولہ	تخم اونٹنگن	تخم سمندر سوکھ	تالمکھانہ	تخم ریحان

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔(نوٹ) تخم ریحان ثابت ہی ڈالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے، صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔جریان، مذی، سرعت انزال، پیچش، اسہال، جریان خون کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بوہڑ ......مزاج: عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف مغلظ

بوہڑ کا دودھ	موصلی سفید	پھلی کیکر (بغیر دانہ)
حسب ضرورت	5تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: پھلی کیکر، موصلی سفید کا سفوف بنا کر بوہڑ کے دودھ میں تر کر کے چھاؤں میں خشک کریں۔بعد ازاں سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشے تا 2 ماشے ہمراہ دودھ دیں۔صبح نہار منہ۔گیارہ دن کافی ہے۔

نوٹ! گیارہ دن ہم بستری سے پرہیز کریں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے، محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔مذی، سرعت انزال، کہنہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف خروج رحم

ریش برگد	ریش پیپل	تخم سروالی
5تولہ	5تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ سفوف، صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔محرک عضلات و مقوی اعصاب مسکن غدد ہے۔خروج رحم، سیلان الرحم، جریان خون، معین الحمل، اسقاط حمل بوجہ ضعف رحم کے

لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف معین حمل

ریش برگد	برادہ داندن فیل

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کا سفوف بنا کر ملا لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے، صبح نہار منہ، شام کو کھانے کے بعد ہمراہ دودھ یا پانی
-

افعال و اثرات: میں عضلاتی محرک، اعصابی محلل، غدی مسکن ہے۔ بعد از فراغت حیض خروج الرحم اور اسہال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بھنگ ......مزاج: عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف برائے موٹاپا

شورہ قلمی	برگ بھنگ تازہ
5 تولہ	1 کلو

ترکیب تیاری: برگ بھنگ کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان شورہ رکھ کر ہانڈی میں بند کر کے نیچے آگ جلائیں۔ آگ درمیان میں ہو۔ جب بھنگ سوختہ ہو جائے صرف شورہ نکال کر کھرل کر کے محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ صبح و شام کھلائیں۔ غذا نرم ہونی چاہیے۔

فوائد: جسم کی چربی، توند کا بڑھ جانا، چھاتی کا گوشت بڑھ گیا ہو، ہر قسم کے موٹاپا کے لئے

مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے ہچکی

ھوالشافی:

برگ بھنگ	شیر نسواں

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: برگ بھنگ کو بشکل سرمہ کر لیں۔ پھر شیر عورت میں حل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: ہچکی فوراً بند ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی باہ

تخم بھنگ	عقرقرحا	دارچینی	نخود بریاں مقشر
1/2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	2 تولہ
چھلکا اسپغول	اسگندناگوری	مغز بادام	
2 تولہ	1/2 تولہ	2 تولہ	

ترکیب تیاری: مغز بادام علیحدہ کھرل کر کے جملہ ادویہ کوٹ کر ملائیں۔

نوٹ! چھلکا اسپغول ثابت ہی سفوف میں ملا کر حب کنار دشتی بنا لیں۔ ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: جریان، سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون فلک سیر

تخم بھنگ	مغز فندق	مغز اخروٹ	مغز چلغوزہ	مغز کدو	مغز کاھو
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
افیون	مغز جائفل	جلوتری	مشک	عنبر	
1 تولہ	6 ماشہ	6 ماشہ	ڈیڑھ ماشہ	ڈیڑھ ماشہ	

ترکیب تیاری: عنبر اور مشک کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ بعدازاں سب ادویہ کا سفوف بنا کر عنبر، مشک ملالیں۔ تین گنا شہد ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے سے 6 ماشے تک، صبح و شام، ہمراہ دودھ

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی ہے۔ مقوی باہ و ممسک، جریان، منوم، رست اور قے کو روکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب نرینہ

تخم بھنگ	مازد	گڑ پرانا	تخم شولنگی	نکیہ مور
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	4 عدد

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ کر نکیہ مور کو قینچی سے کاٹ کر سفوف میں اچھی طرح کھرل کریں تاکہ یک جان ہو جائیں۔ گڑ ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ لونگ، دارچینی۔

یا دودھ گائے جس نے بچہ جنا ہو اگر اس کو دودھ آسانی سے میسر ہو تو اس کے ساتھ گولیاں کھلائیں بہت ہی مفید ہیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ وہ خواتین جن کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں ان کے لئے یہ تحفہ ہے۔

یہ گولیاں حمل کے ساٹھ دن کے بعد پندرہ دن تک استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ چاند جیسا بیٹا پیدا ہوگا۔ بشرطیکہ بوقت مخصوص دن جو مقرر کئے ہیں ان کے مطابق استعمال کریں۔

غذائیں، عضلاتی اعصابی، تا عضلاتی غدی کھلائیں۔

چار ماہ تک مربہ آملہ ہمراہ دہی یا لسی کھلائیں۔

ناشہ: آملیٹ، دوپہر بیسن کی روٹی، شام کو سبزیاں: آلو، گوبھی، بینگن، چنے، دال چنے، مٹر، گوشت بڑا، مرغ گوشت، اچار، دہی بھلے، فروٹ چاٹ، پھل، سیب، انار، لوکاٹ، ہر قسم کے ترش پھل مفید ہیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بھوپھلی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف جریان

بھوپھلی	تمر ہندی	لاجونتی	کشتہ قلعی
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر کشتہ قلعی میں ملالیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان، مذی، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان

بھوپھلی	تج	موچرس	دارچینی	مغز تمر ہندی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ، صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ جریان، مذی، اسہال، لیکوریا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

بھوپھلی والا کشتہ چاندی

مقوی باہ و ممسک

بھوپھلی	پترا چاندی
ایک چھٹانک	1تولہ

ترکیب تیاری: بھوپھلی خشک کو کوٹ کر پانی سے تر کر کے نغدہ بنالیں۔ اس نغدہ میں پترا چاندی دے کر بوری میں لپیٹ کر رات کو ایک کوئلہ جلا کر اس کے اوپر بوری رکھ دیں یہ عمل بالا تین مرتبہ دہرائیں کشتہ ہو جائے گا۔

مقدار خوراک: 1رتی صبح منہ نہار ہمراہ دودھ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ مقوی باہ سرعت انزال، سوزاک، کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف لیکوریا

بھوپھلی	پوست انار	مازو	کمرکس	بلیلہ سبز

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشے صبح وشام ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصابی، مسکن غدد ہے۔ لیکوریا، دست، قے، دردسر اعصابی کے لئے مفید ہے۔ اگر اس کا شافہ بنا کر اندام نہانی میں رات ہر روز رکھا جائے تو لیکوریا ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بہی دانہ سفوف (مقوی قلب)

سفوف بہی دانہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

بہی دانہ	اناردانہ	زرشک شریں	بلیلہ سیاہ بریاں

تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی تا ایک ماشہ ہمراہ شربت دینار دیں۔ صبح وشام

افعال واثرات: میں محرک قلب، محلل دماغ، مسکن غدد ہے۔ ضعف قلب، گھبراہٹ قلب، حرارت جگر، قے، اسہال، ابکائی، ضعف ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بہیڑہ معجون ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

معجون برائے سردرد بلغمی

بہیڑہ	آملہ مقشر	پوست ہلیلہ سیاہ بریاں	پوست ہلیلہ زرد	ابرک سیاہ	اسطوخودوس
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ
کشمش	بسفائج	مصطگی رومی	مویز منقیٰ	گھی دیسی	
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	10 تولہ	

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے گھی سے خوب چرب کر کے سفوف بنا کر سہ گنا شہد ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے سے 6 ماشے تک، صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ دماغ کی بلغمی رطوبات سے صاف کر کے سردرد کا خاتمہ کرتی ہے۔ جی متلانے، قے، اسہال بلغمی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ہلیلہ قلت الدم

ہلیلہ	آملہ	بہیڑہ	برادہ فولاد عمدہ	لسی دہی
1/2 کلو	1/2 کلو	1/2 کلو	1/2 کلو	5 کلو

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے برادہ فولاد شامل کر کے مٹی کے برتن میں ڈال کر لسی دہی ملا کر رکھ دیں۔ ایک ہفتہ لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے خوب

رگڑیں، باریک ہونے پر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ لسی دہی بوقت صبح کھلائیں۔

افعال و اثرات: محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی اعصاب و مسکن غدد ہے۔ امراض قلب حار، قلت الدم، چہرہ کی زردی اور پھیکا پن، اسہال، طبیعت میں خوشی اور چستی پیدا کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بیج بند ...... مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف تولیدی

بیج بند	تخم سرس	تخم بھنگ	تالمکھانہ	کوزہ مصری

تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ سے 2 ماشہ ہمراہ پانی صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔ تولید کرم کو بڑھانے کے لئے، سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان

بیج بند	لاجونتی	تالمکھانہ	سنگھاڑہ خشک	موصلی سفید	کوزہ مصری

تمام چیزیں ہم وزن لے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کوٹ کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشہ ہمراہ پانی، صبح و شام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی و مسکن غدد ہے۔
جریان، مذی، سرعت انزال، کمر درد کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بیری ......مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشاندہ برائے بال

برگ بیری	پوست ریٹھہ
1 چھٹانک	1 چھٹانک

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر رات کو پانی ۳ کلو میں بھگو دیں۔ صبح دو تین جوش آنے پر نیم گرم ہونے پر لے کر استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: اس کا پانی چھان کر سر کو اچھی طرح دھوئیں۔

افعال و اثرات: میں بالوں کو لمبا کرنے، خوشنما، چمک دمک، بالوں کی نشو و نما کرنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ چاندی (مقوی باہ)

برگ بیری (خشک)	چترا چاندی
1 کلو	1 تولہ

ترکیب تیاری: سب سے پہلے چترا چاندی کے چاول بنالیں پھر ان چاولوں کو برگ بیری اور پٹ سن (بوری) کو کاٹ کر ٹکڑیں بنالیں پھر ان میں تہہ بہ تہہ برگ بیری اور چاولوں کو

دے کر ایک گیند بنا کر رات کو آگ لگا دیں صبح احتیاط سے چاول چن لیں بہت شگفتہ کشتہ تیار ہوگا۔ اتنا لطیف کشتہ ہوتا ہے کہ پوری کی سوئی میں مل جاتا ہے۔ یہ میں نے ایک مرتبہ اپنے ہاتھوں سے کیا ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ روزانہ تین ہفتہ دیں۔ 7 دن کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ ضعف قلب کی وجہ سے ڈر خوف کو دور کرتا ہے۔ خوشی اور چوک و چابند کرنے اور مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بیل گری ......مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف بیل گری کمردرد

بیل گری	بیخ انجبار	موچرس	کشتہ فولاد

تمام چیزیں ایک ایک تولہ لے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی و مسکن غدد ہے۔
کمر درد، لیکوریا، کثرت حیض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف سنگرھنی

بیل گری	خس	اندر جو شیریں	گل دھاوا

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مقوی و مسکن غدد ہے۔ کھانے کے بعد بعض لوگوں کو حاجت پیش آتی ہے اسے سنگرہنی کہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ دوا بہت ہی مفید ہے۔ پیچش کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پرسیاؤشاں۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

چٹنی قے

پرسیاوشاں (کھوہ بوٹی) 2 تولہ..... ہری مرچ 1 عدد۔ کالی مرچ 2 عدد۔

ترکیب تیاری: معروف طریقہ کے مطابق چٹنی بنالیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ قے، اسہال، درد شکم و ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

جوشاندہ برائے بلغمی کانسی

پرسیاؤشاں	خوب کلاں	منقی	پوست عناب	گل بنفشہ	پانی
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پانی میں دو سے تین گھنٹے بھگوئیں۔ جوش یہاں تک دیں کہ پانی ایک پاؤ رہ جائے پھر چھن کر شہد سے میٹھا کر کے پلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ اعصابی دمہ، کھانسی، تشنجی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پنا (زمرد) عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب جواھر مھرہ عنبری برائے مقوی قلب

(۱) زمرد، یاقوت، پکھراج، مروارید، شاخ مرجان، فیروزہ، زہر مہرہ خطائی، طباشیر، کہربا شمعی، ورق طلاء، ورق نقرہ۔ ہر ایک 6 ماشہ

(۲) عنبر 4 ماشہ۔ مشک، سلاجیت 3، 3 ماشہ۔ نارجیل دریائی 1.5 ماشہ۔ جدوار 1.5 ماشہ۔ عرق کیوڑہ 1 چھٹانک، عرق بعد مشک 1 چھٹانک، عرق گلاب 1 چھٹانک،

ترکیب تیاری: عنبر اور مشک کے علاوہ تمام چیزیں کھرل کریں یکے بعد دیگرے۔ بعد ازاں عنبر، مشک آخر میں کھرل کر لیں اور مذکورہ ادویہ میں ملا دیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی کی گولی بنالیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ مقوی قلب، مقوی اعصاب مسکن غدد ہے، دافع خفقان قلب، معین حمل بوجہ اعصابی تحریک کے مقوی باہ اور محافظ شباب ہے۔

نوٹ! جب کسی بھی مرض کی سمجھ نہ آئے تو یہ مرکب یقیناً شفا کا سبب بنے گا۔

نوٹ! اگر جواہرات کو مغز کول ڈوڈا ایک کلو کے نغدہ میں دے کر 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پھر جواہرات کو 1 کلو مغز بادام تازہ نکال کر نغدہ میں دے کر 10 کلو

اوپلوں کی آگ دیں بہترین کشتہ ہوگا پھر عرقیات میں کھرل کریں تو بہت ہی اچھا ہوگا۔ پھر مذکورہ ادویہ کو ملادیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پھٹکڑی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

اکسیر سفوف ہیپاٹائٹس بی اور سی

پھٹکڑی بریاں	سہاگہ بریاں	تخم سرسوں	آب ترب (مولی)	کوزہ مصری	آب جل نم بوٹی
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	1پاؤ	5تولہ

ترکیب تیاری: پہلے پھٹکڑی اور سہاگہ کو آب مولی میں کھرل کریں پھر آب جل نم میں کھرل کریں بعد ازاں کوزہ مصری ڈال کر کھرل کریں پھر تخم سرسوں کھرل کر کے سفوف کو محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 6ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت صندل ایک چھٹانک پانی میں ملا کرپئیں۔

نوٹ! یہ شربت ہیپاٹائٹس بی کے لئے مفید ہے۔ اگر ہیپاٹائٹس سی ہو تو اس کے لئے عرق مکو، عرق کاسنی دونوں کو ملا کر صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد محلل عضلات مسکن اعصاب ہے۔ یرقان پیلا اور سیاہ کیلئے مفید ہے۔ غدی تحریک کی ہر علامات کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے معرق برائے بخار کہنہ

پھٹکڑی سرخ	کالانمک	کافور	گل احمر	شیر عشر
5تولہ	5	6ماشہ	6ماشہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: گل احمر (ہرمچی) کے سوا باقی سب مذکورہ ادویہ کو باریک کر کے شیر عشر میں تر بہ تر کردیں۔ پھر روغنی کجی مین ڈال کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر ادویہ کو نکال کر پیس کر سفوف ہرمچی میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ ہمراہ آب نیم گرم یا چائے کے ساتھ دیں۔

افعال و خواص: جملہ اقسام تپ، پانچ منٹ میں پسینہ لا کر بخار رفع کرتی ہے۔ علاوہ ازیں درد معدہ، اور ہر قسم کے درد کا فوری علاج ہے۔ انٹی فیبرین اور اسپرین وغیرہ سے بے نیاز کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم برائے کینسر پھوڑا

سہاگہ خام	پھٹکڑی خام

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر گل حکمت کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ پھر

مذکورہ کشتہ	ویزلین
3تولہ	10تولہ

ترکیب تیاری: کشتہ کو ویزلین میں اچھی طرح ملا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: پہلے مقام پھوڑا کو برگ نم اور پھٹکڑی کے گرم شدہ پانی سے دھوئیں۔ بعد ازاں مرہم کپڑا پر لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں اسی طرح صبح وشام یہ عمل دہرائیں۔ انشاءاللہ چند یوم میں اس مرض سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆

منجن ڈینٹل کیئر پاؤڈر

پھٹکڑی بریاں	طوطیا بریاں	کمیلہ	کالی مرچ	دندانسہ	کافور
50 گرام	50 گرام	50 گرام	50 گرام	50 گرام	50 گرام
چاک پاؤڈر	ٹیلکم پاؤڈر	کریازوٹ آئل	لونگ کا تیل	کاربالک ایسڈ	
50 گرام	50 گرام	50 گرام	50 گرام	50 گرام	

ترکیب تیاری: پہلے کافور اور کاربالک کو ملالیں۔ پھر کریازوٹ اور لونگ کے تیل کو ملالیں پھر ان دانوں کو آپس میں ملالیں۔ باقی مذکورہ اشیاء کو مثل غبار بنالیں پھر سب کو یک جان کرلیں پس منجن تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دن میں تین بار کھانے کے بعد ایک ایک چٹکی لگائیں۔

فوائد: دانتوں میں قدرتی چمک دمک، دانت کو کیڑا لگنے، درد اور ٹھنڈا گرم لگنے سے محفوظ، ماسخورہ کو تین روز میں ختم کرتا ہے۔ ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات منجن بدبوئے دھن

پھٹکڑی سوختہ	گندھک آملہ

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: مسوڑھوں اور دانتوں پر ملیں خوب رطوبت خارج اور منہ سے ہر قسم کی بدبو دور ہو جائے گی۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے یرقان

هوالشافی: پھٹکڑی شگفتہ.......گل آک.......ہم وزن

ترکیب تیاری: پھٹکڑی شگفتہ کو گل آک میں اچھی طرح کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی منہ نہار صبح کو سردی کے موسم میں شہد کے ہمراہ شربت بنا کر دیں۔ گرمی کے موسم میں دہی کی لسی کے ہمراہ دیں۔ 21 دن کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل، اعصاب مسکن غدد ہے۔ یرقان زرد، ہیپاٹائٹس بی (ورم جگر) کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان خون

سفوف پھٹکڑی شگفتہ	سفوف اعصابی غدی تریاق
4رتی	4رتی

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک خوراک صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ یا پانی لیں۔

فوائد: جریان خون جسم کے کسی حصہ سے بھی آتا ہو کے لئے مفید ہے۔ مثلاً نکسیر،

کثرت طمث، بول الدم، بواسیر خونی کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ یہ میرا معمول مطب نسخہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف شب یمانی (برائے بول الدم)

حوالشافی: پھٹکڑی (حسب ضرورت)......شیر مدار (حسب ضرورت)

ترکیب تیاری: پھٹکڑی کا سفوف بنا کر شیر مدار لیں تر کریں۔ قرص بنا کر خشک ہونے کے بعد گل حکمت کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ میں سرد ہونے پر سحق کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: بچوں کیلئے 2 چاول۔ بڑوں کیلئے 2 رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

افعال و اثرات: بول الدم، پیشاب کے جم جانے میں مفید ہے۔ یعنی کہ بول کیلوسی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف امساک (بغیر نشہ)

حوالشافی: پھٹکڑی شگفتہ کو بوہڑ کے دودھ میں تر و خشک کر کے محفوظ کرلیں۔ سایہ میں خشک کریں۔

مقدار خوراک: 4 رتی ہمراہ دودھ صبح وشام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ منی کے قوام کو گاڑھا کر کے لحات شب کو بڑھاتا ہے۔ اسہال خونی کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف معین حمل

حوالشافی: پھٹکڑی شگفتہ......پھلی کیکر خشک بغیر دانہ۔ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ معین حمل ہے۔ ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد اس کا استعمال بامراد کرتا ہے۔ لیکوریا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پیپل۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف معین حمل

ریش پیپل	برادہ دندان فیل	قلب الحجر
6 ماشہ	1 تولہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے قلب الحجر کو اچھی طرح کوٹ کر مذکورہ ادویہ میں ملا دیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔ فراغت حیض کے بعد، استقرار حمل کے لئے مفید ہے۔ اور اولاد نرینہ کے لئے بھی مفید ہے۔ 60 دن کے بعد 7 دن کافی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف تولیدی مقوی جراثیم

تخم پیپل	تخم بوہڑ	پھلی کیکر بغیر دانہ

تمام ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ 7 دن کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ کرم تولیدی کی افزائش بڑھاتا ہے۔ کمزور کرم کو طاقت ور بناتا ہے۔ ناپید کو پیدا کرتا ہے۔ معین حمل بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ترکیب تیاری: پوست پیپل کو جلا کر راکھ بنالیں۔ تقریباً ایک کلو راکھ ہونی چاہئے۔ اس راکھ میں ہڑتال ورقیہ ایک تا دو تولہ رکھ کر اچھی طرح محفوظ کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا۔ سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں غدی اعصابی ہے۔ بخار، دمہ کشی، کھانسی، دق کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

مرکبات تپتی (تین پتوں والی بوٹی) کھٹی مٹھی بوٹی، کھٹکل بوٹی

چٹنی مقوی قلب

برگ کھٹکل بوٹی (تپتی)	خشک املی	مرچ سیاہ	طباشیر

تمام چیزیں ہم وزن لیں اور چینی سہ گنا۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو باریک کر کے چینی کے قوام میں ملا دیں بس چٹنی مقوی قلب تیار ہے۔

مقدار خوراک: 6 ماشے سے ایک تولہ تک صبح وشام

افعال و اثرات: مین محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بخار، گھبراہٹ قلب، قے، ابکائی، ہیضہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆

مرکبات تخم ریحان ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف پیچش

ھوالشافی: تخم ریحان۔ تخم نیلوفر۔ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں نیم بریاں کرلیں۔ سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے 1.5 ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت انجبار

افعال و اثرات: محرک عضلات محلل، اعصاب مسکن غدد ہے۔ پیچش کہنہ، اسہال، جریان خون کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف امساک

تخم ریحان	عقرقرحا	کوزہ مصری
8 تولہ	1 تولہ	برابر ادویہ

ترکیب تیاری: عقرقرحا اور کوزہ مصری کا سفوف بنا کر تخم ریحان میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں مسکن غدد، محلل اعصاب، محرک عضلات ہے۔ منی کو قوام کو غلیظ کر کے لمحات شب کو بڑھاتا ہے۔ اسہال، پیچش کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان کهنه

ھوالشافی:

عقرقرحا	تخم ریحان	چھلکا اسپغول	کوزہ مصری
1 تولہ	8 تولہ	4 تولہ	7 تولہ

ترکیب تیاری: عقرقرحا، کوزہ مصری کو کھرل کر کے باقی مذکورہ اشیاء کو ثابت ہی ملا دیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشے تا 1 تولہ روزانہ صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان کہنہ، سرعت انزال و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان

تخم ریحان	مصطگی رومی	دانہ الائچی کلاں	عقرقرحا	مازو سبز
4 تولہ	2 تولہ	2.5 تولہ	6 ماشہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ سے 6 ماشہ ہمراہ پانی باسی صبح نہار منہ، شام کو ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب ومقوی ومسکن غدد ہے۔ جریان، احتلام، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ترنج ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشانده قے روک

ھوالشافی: ترنج 1 تولہ۔ نمک، چینی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: ترنج کو 1 پاؤ پانی میں جوش دیں کہ نصف رہ جائے۔ پھر چینی اور نمک حسب ذائقہ ملا کر نوش کریں۔

فوائد: قے، ابکائی، دل ڈوبنے کے لئے مفید ہے

☆☆☆☆☆

مرکبات تلسی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

﴿سردائی برائے ڈینگی بخار﴾

ھوالشافی: برگ تلسی 1 تولہ۔ کالی مرچ 7 عدد۔

ترکیب تیاری: برگ تلسی کو گھوٹ کو پھر کالی مرچ ڈال کر کھرل کر کے پانی حسب ضرورت ملا کر مریض کو پلائیں۔ اسی طرح صبح وشام پلائیں۔

فوائد: ڈینگی بخار، درد ہیضہ، اسہال کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف سنگرہنی۔

برگ تلسی خشک در سایہ	مغز جائفل	مازو	زہر مہرہ خطائی

تمام ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ سے 2 ماشہ تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ لونگ، [illegible]

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے، محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ محرک ... ضعف قلب، ضعف معدہ و امعاء کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

تریاق مچھر

تلسی کے پتوں کا رس جسم کے ننگے حصوں پر مل دیں۔ مچھر، مکھی اور بچھو قریب نہیں ہوں گے۔ اگر اس کا رس شہد کی مکھیوں پر چھڑکا جائے تو شہد کی مکھیاں بھاگ جاتی ہیں۔

روغن تحفظات حشرات الارض

برگ تلسی	روغن سرسوں
5 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: برگ تلسی کو 1/2 کلو پانی میں بھگو کر صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف باقی رہ جائے۔ پانی کو چھان کر تیل میں جلالیں۔ بس روغن تحفظ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو جسم پر مالش کرلیں۔ مچھروں کے کاٹنے سے محفوظ ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تمباکو۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

مرہم برائے زخم

تمباکو خشک	برگ کیکر خشک	تیل سرسوں
1 تولہ	2 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو باریک کرکے پیس لیں۔ پھر تیل میں ملا کر تھوڑی دیر کھرل کریں بس مرہم تیار ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔

ایسے اعصابی زخم جن سے ہر وقت رطوبت بہتی رہتی ہے۔ اس کے استعمال کرنے سے فوراً درست ہو جاتے ہیں۔ کان بہنے کے لئے ی بتی بنا کر کان میں لگانے سے زخم بند ہو جاتے ہیں۔ بغیر تیل کے بھی زیادہ بہنے والے زخموں میں سفوف استعمال کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جامن۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

﴿سفوف برائے شوگر﴾

تخم جامن	مغز کرنجوہ	برگ نم
1 تولہ	2 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ غدی

اعصابی شوگر کو تسکین کی صورت میں فائدہ ہوگا۔ مگر یہ وقتی طور پر شوگر کنٹرول ہوگی۔ شوگر سے مکمل طور پر نجات حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے ذیابیطس

مغز جامن	تخم	تالمکھانہ	سمندر سوکھ	حرمل

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن جگر ہے۔ شوگر، اعصابی اور غدی کے لئے بھی مفید ہے۔ اسکے علاوہ جریان، اسہال کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جلاپا ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف جلاپا برائے قبض

جلاپا	بیج ریاس	سقمونیا ولایتی
5 تولہ	5 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں

مقدار خوراک: 2 رتی تا 1 ماشہ ہمراہ پانی رات کو سوتے وقت دیں۔

نوٹ! حسب عمر کمی بیشی کرلیں۔

فوائد: قبض کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے قبض

جلاپا	زنجبیل	سقمونیا ولایتی	مصبر
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب بوقت خواب ہمراہ پانی یا نیم گرم دودھ۔

افعال و اثرات: میں غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد، محلل عضلات مسکن اعصاب ہے۔ قبض کیلئے مفید ہے۔ گیس اور ریاحی دردوں کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جدوار ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب مقوی باہ

جدوار	زعفران	عنبر

تمام ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملالیں۔ پھر زیتون کا تیل چند قطرے ڈال کر کھرل کریں کہ گولی بن جانے کے قابل ہو جائے۔

مقدار خوراک: دانہ جوار کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے، محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی ہے۔ مقوی باہ، دل کے وال کی بندش مقوی جسم و حرارت غریزی ہے

☆☆☆☆☆

حب جدوار مقوی باہ و ممسک

جدوار	اجوائن خراسانی	بادرنجبویہ	پنسلوچن	بہمن سرخ
1تولہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	1تولہ
بہمن سفید	بیخ لفاح	تخم خرفہ	جاوتری	جائفل
1تولہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ
کتیرہ گوند	گوند کیکر	کوزہ مصری	مغز بادام	مغز چلغوزہ
6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
افیون	زعفران	روغن بلسان	ورق نقرہ	
6ماشہ	6ماشہ	3ماشہ	حسب ضرورت	

ترکیب تیاری: ورق نقرہ کے علاوہ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: حب بقدر نخود بنا کر ورق لگائیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ وممسک ہے۔رقت منی، جریان منی، بلغمی کھانسی اورافیون چھڑانے کی عادت ان کے استعمال کرنے سے چھوٹ جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے مرگی (جدوار)

جدوار	عقرقرحا	جدبدستر	عودصلیب	بھنگ	خاکستر	کچھوا کھوپڑی	چھوٹی چندن

درج بالا تمام چیزیں ایک وزن سے لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شہد ملا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح ،دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔ لگاتار 3 ماہ کا

کورس ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ اعصابی مرگی کے لئے تیر بہدف نسخہ ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چرونجی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

دوائے چھپاکی و جوش خون

چرونجی	ناگ کیسر

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 2ماشے سے 3ماشے ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔چھپاکی، جوش خون کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چونا۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب برائے دست اطفال

گل انار	گل ارمنی	منقی	آب چونا

تمام چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: اول منقی کو اچھی توح کوٹ لیں پھر باقی ادویہ ملا کر کھرل کرکے آب چونا اتنا ڈالیں کہ گولی بننے کے قابل ہوجائے۔حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بچوں کیلئے پیٹ [illegible] درد کیلئے مفید ہے۔ ہڈیوں کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔ [illegible] برداشت کرنے کے قابل ہو جاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

مرہم برائے حرکت النار

اجزاء: چونا ان بجھا 1/2 کلو۔ گھی یا مکھن 2 تولے۔

ترکیب تیاری: چونہ کو پانی میں ڈال دیں۔ پھر اس کا مقطر لیں پھر مکھن یا گھی ڈال کر حل کریں۔

مواقع استعمال: جلے ہوئے مقام پر لگائیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ جلن فوراً دور ہوگی۔

☆☆☆☆☆

دیگر مرہم شفاء

آب چونا کا مقطر	شہد	آب گھیکوار

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: تینوں اشیاء کو باہم حل کر کے محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: جلے ہوئے مقام پر لگائیں فوراً جلن، درد اور آبلہ سے محفوظ رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات خس۔ دوائے ہیضہ

عطر خس	عرق پودینہ یا جوشاندہ
2 بوند	5 تولہ

ترکیب تیاری: عرق پودینہ میں عطر ملا کر پلائیں۔

فوائد: ہیضہ کے مریض کو یہ 1 کپ پلائیں فوراً آرام ہوگا۔ اعصابی سردرد کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت خس خفقان قلب

خس	پوست سنگترہ	کشنیز	صندل سفید
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ
زرشک	آلو بخارا	گل سرخ	
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو رات کو 2 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی کو یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ پُن کر 1.5 کلو چینی ڈال کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو چمچ صبح وشام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خفقان قلب، مفرح قلب، مسکن جگر، تسکین پیاس، بے چینی، گھبراہٹ، ضعف قلب، اسہال اعصابی، پیچش غدی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات خشخاش۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

شربت خشخاش برائے جریان خون

خشخاش	ملٹھی	گل بنفشہ	بادیان	چینی
1تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ	3پاؤ

ترکیب تیاری: معروف طریقہ کے مطابق شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2سے3 چمچ صبح وشام استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ اسہال، پیچش، نفس الدم، آنتوں کے جریان خون کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دارھلد۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

پوٹلی برائے آشوب چشم

دارہلد	پھٹکڑی	افیون	گھی	آٹا گندم
2ماشہ	2ماشہ	2ماشہ	1تولہ	1-1/2تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کرلیں پھر آٹا گندم کو گھی میں بریان کرلیں پھر تمام ادویہ ملادیں اس کے بعد تھوڑا سا پانی ملاکر حلوے سا قوام بنالیں اور پوٹلی میں محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: مندرجہ بالا حلوے کی دو پوٹلیاں بنالیں اور دونوں کو نیم گرم حالت میں دکھتی ہوئی آنکھوں پر رکھیں۔

فوائد: چند منٹ میں مریض کو آرام آجائے گا اور سکھ کی نیند سو جائے گا۔ یہی حلوہ مقام چوٹ پر رکھنے سے درد سے آرام ہوگا۔ خون تحلیل ہوجائے گا اور درد ختم ہوجائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دم الاخوین۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب بواسیر خونی

دم الاخوین	پوست بندق

جملہ ادویہ کا سفوف بناکر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بواسیر خونی کیلئے تیر بہدف دوا ہے۔ نکسیر اور ہر قسم کے جریان خون کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف استحاضہ

دم الخوین	تخم سلارا سوختہ	ہم وزن

ترکیب تیاری: سلارا کو بریاں کرکے دم الخوین ملاکر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3ماشہ سے 6ماشے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سیلان الرحم، استحاضہ ہر قسم کے جریان خون کیلئے مفید ہے۔ اسہال اور پیچش کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دندان فیل۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف معین الحمل

برادہ دندان فیل	قلب الحجر

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو اچھی طرح کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے سے 9 ماشے تک صبح وشام ہمراہ دودھ۔

افعال و اثرات: یہ محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ معین الحمل ہے بعد از فراغت حیض رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ 7 دن کھلائیں۔ ہر روز رات کو جماع بھی کریں انشاءاللہ حمل ضرور ٹھہر جائے گا۔ اگر پہلے مہینہ نہ ٹھہرے اسی طرح دوسرے مہینہ اگر نہ ہو پھر تیسرے مہینہ دوائی دہرائیں۔ انشاءاللہ حمل ہو جائے۔ یہ نسخہ اسقاط حمل کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شافہ معین حمل

برادہ دندان فیل	پھٹکڑی بریاں
5 ماشہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: دونوں کو اچھی طرح کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

مواقع استعمال: شافہ بنا کر رحم کے منہ کے اندر رکھوائیں۔ تین دن رات رکھیں۔ چوتھی رات ایسی عورت سے ہمبستری کی جائے تو حمل ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دھتورہ۔ عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب مسکن درد

تخم دھتورہ	اجوائن خراسانی	سنڈھ	کالی مرچ
6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: تخم دھتورہ کو پہلے بریاں کرلیں پھر باقی ادویہ کا سفوف بنا کر

ملا لیں۔

مقدار خوراک: حب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔ وقتی طور پر فوراً درد کو آرام آجاتا ہے۔ بادی بواسیر درد کے لئے میں نے اسے تیز بہدف پایا ہے۔ باقی جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو تو وقتی طور پر فوراً درد کو کنٹرول کرتی ہے۔ اسے بنا کر فائدہ اٹھائیں اور بندہ ناچیز کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

حب برائے ممسک

تخم جوز ماثل سیاہ	سنڈھ	ریوند خطائی	گوند کیکر	اجوائن خراسانی
3 تولہ	1 تولہ	2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: پہلے جوز ماثل کو آہنی توے پر بریاں کرلیں پھر جملہ اشیاء کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ رات کو ہمراہ دودھ، دارچینی کا ٹکڑا ڈال کر دیں۔ سات دن کافی ہے۔ اس کے بعد شائد ہی ضرورت پڑے۔ وقت خاص کے لئے ایک حب قبل از وقت دو گھنٹے پہلے دیں۔

افعال و اثرات: میں اعصابی غدی، مقوی باہ اور ممسک ہے۔ بوجہ غدی تحریک کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب بخار

تخم دھتورہ	کرنجوہ	مرچ سرخ

جملہ ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: سب کا سفوف بنا کر باہم ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے نصف رتی ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ بخار لرزاں اور باری کے بخار کے لئے بہترین دوا ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن اوجاع

روغن السی	روغن سرسوں	روغن کنجد	آب دھتورہ
10 تولہ	10 تولہ	10 تولہ	10 تولہ

ترکیب تیاری: سب کو ملا کر نرم آنچ پر پکائیں جب پانی جل جائے تو روغن کو پُن کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک:

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ مسکن درد والم ہے۔ درد کمر، اوجاع بلغمی، صفرادی، کو نہایت ہی مفید ہے۔ فالج، رعشہ، لقوہ کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دھماسہ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشاندہ برائے گلہڑ

دھماسہ	آئیوڈین نمک
1 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ڈیڑھ کپ پانی میں ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ ایک کپ پانی رہ جائے پھر پُن کر نمک ملا کر پلائیں۔

مقدار خوراک: کھانے کے بعد صبح وشام۔

فوائد: گلہڑ، اعصابی کینسر، پھوڑے پھنسی کے لئے مفید ہے۔ نیز بچوں کے قلاع الفم کے لئے اس کا جوشاندہ پلانا بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت مصفی خون

دھماسہ	منڈی بوٹی

جملہ ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی کو جوش دے کر پُن کر چینی ملا کر شربت بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ چمچ صبح وشام کھانے کے بعد۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ مصفی خون، اعصابی، اور غدی تحریکات کی علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات آب دھی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب برائے ناسور

آب دہی	رسونت	تخم بکائن
5 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: آب دہی کا مقطر لیں۔ پھر ادویہ کا سفوف بنا کر آب دہی کے ساتھ کھرل کریں۔ یہاں تک کہ آب دہی ختم ہو جائے۔ نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ ناسور، بواسیر خونی کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

ڈھاک ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب جریان

گوند ڈھاک	تخم جھنڈا تل سیاہ	افیون	ریش برگد	کافور
1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	2 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو جدا جدا پیس کر ملا لیں۔ پھر شیر برگد سے تر کر کے حب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۲-۳ حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان،

سیلان الرحم، رقت منی، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اعادہ شباب

ڈھاک کی جڑ	آملہ	بلیلہ زرد
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: روزانہ 6 ماشہ ہمراہ جوشاندہ لونگ دارچینی پودینہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ اعادہ شباب کے لئے اس سفوف کو 6 ماہ تا 1 سال تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ بال سفید کالے ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات روغن السی ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

روغن السی برائے حرقۃ النار

روغن السی	مقطر آب چونا

جملہ ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو باہم ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔

مواقع استعمال: مقام ماؤف پر لگائیں۔ فوراً تسکین پیدا ہو کر جلن ختم ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات روغن خشخاش۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

روغن منوم

روغن خشخاش	روغن کدو

جملہ ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو باہم ملالیں۔

مواقع استعمال: رات کو سر پر مالش کریں۔ انشاء اللہ مالش کرتے کرتے نیند آ جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زخم حیات۔ مزاج عضلاتی اعصابی

سفوف کدو کیڑے

برگ زخم حیات	باؤبڑنگ
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ ہمراہ پانی صبح منہ نہار پلائیں۔

فوائد: کیچوے کدو کیڑے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان

جست	زخم حیات خشک
1تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: جست کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں پھر زخم حیات کی چٹکی دیں پھر بڑیا پیپل کے ڈنڈا سے حل کریں۔ یہاں تک کہ زخم حیات کا سفوف ختم ہو جائے۔ خاکہ جست تیار ہو جائے گا۔ پھر شیر مدار سے تر کر کے قرص بنا کر خشک ہو جانے پر 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح تین بار عمل کریں۔ بہترین کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان، رقت منی، سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زرشک۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

تریاق ہیضہ

زرشک	اناردانہ	پودینہ خشک	منقیٰ

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: اوّل اناردانہ، منقیٰ، زرشک کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں پھر پودینہ اور مذکورہ ادویہ ڈال کر پانی میں جوش دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر مریض کو پلائیں۔

مقدار خوراک: 2 چمچ وقفہ وقفہ سے دیتے جائیں۔ جب آرام آجائے تو دوائی دینا موقوف کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ پیاس کی شدت کو سکون بخشتا ہے۔ قے اور اسہال کے لئے مفید ہے۔ خصوصاً چھوٹے بچوں کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زہرہ مہرہ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف پیچش

زہرہ مہرہ	الائچی سبز	طباشیر	ہلیلہ سیاہ بریاں

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے ہلیلہ سیاہ کو دیسی گھی لگا کر بریاں کریں۔ پھر سب کا سفوف بنا کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی محرک، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ اسہال اعصابی، پیچش غدی، جلن بول کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سپاری۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف باکرہ

سپاری (کاٹھی)	مائیں خورد	مازو	پھٹکڑی	پوست انار

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بشکل سرمہ بنالیں۔

ترکیب استعمال: ادویہ کی پوٹلی بنا کر رات کو رحم کے منہ کے پاس رکھوائیں۔

فوائد: سیلان الرحم، اور شرمگاہ بشکل باکرہ بنا دیتی ہے۔ (سات یوم کافی ہے)۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سرس۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

معجون برائے کنٹھ مالا (ہنجیراں)

تخم سرس کا سفوف	شہد
1 حصہ	2 گنا

ترکیب تیاری: سفوف سرس کو شہد میں اچھی طرح ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ کھانے والا صبح وشام دیں۔

فوائد: ہنجیروں کے لئے مفید ہے۔ سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ تولد کرم منی

تخم سرس	کوزہ مصری

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ صبح نہار منہ کھلائیں۔ مدت کورس ایک ماہ ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ رقت منی، مغلظ منی، تولد کرم منی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ممسک

مغز تخم سرس	مغز تخم تمر ہندی
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر شیر برگد میں کھرل کر کے حب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد وجگر ہے۔ مغلظ منی، مذی، سرعت انزال، جریان کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سرمہ ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب اٹھراہ

ھوالشافی: سرمہ۔ پوست ریٹھہ۔ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے سرمہ کو اچھی طرح بشکل غبار بنا کر مذکورہ دوائی میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: سیاہ مرچ جتنی حبوب بنالیں۔ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ اٹھرا، لیکوریا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سرمہ برائے نظر

سرمہ سیاہ	نوشادر	پھٹکڑی	قلمی شورہ	آب لیموں
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: آب لیموں سے مذکورہ اشیا، کو کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں، ٹکیہ کو گل حکمت کر کے بالو جنتر پکائیں (درمیانی آگ پر) سرخ رنگ کا سرمہ برآمد ہوگا۔ اس کو اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت لگائیں۔

فوائد: دھند، جالا، پھولا، کمزوری نظر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سرمہ ،برائے سفید موتیابند کیلئے

سرمہ سیاہ	کشتہ ہیرا
1تولہ	ایک چاول

ترکیب تیاری: سرمہ اچھی طرح کھرل کر کے کشتہ ہیرا ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کریں۔

مواقع استعمال: رات کو سوتے وقت دائیں آنکھ میں دو سلائی، بائیں آنکھ میں ایک سلائی لگائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ کمزوری، دھند، جالا، موتیا سفید کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سرمہ برائے سرخی آنکھ

حواشی: [?]

سرمہ سیاہ	نمک سونچر	مرچ سیاہ	سمندر سوکھ
3ماشہ	3ماشہ	3ماشہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو مثل سرمہ پیس کر ہمراہ آب لیموں 8عدد سے کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: سلائی سے آنکھ میں صبح وشام لگائیں۔

فوائد: خونہ [?]، دھند، جالا، کمزوری نظر، نزول الماء کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سماق۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

دوائے اسہال الدم

پوست دانہ سماق	حب الآس	تخم انجبار	سنگجراحت	دم الاخوین
1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ

ترکیب ساختن: پہلے تین اشیاء کو پانی میں جوش دے کر جوشاندہ بنالیں [?] اس جوشاندہ میں شربت انجبار بھی ملالیں۔باقی مذکورہ ادویہ باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ اسہال الدم، نکسیر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

غرارے دانت درد کے لئے

پوست سماق	برگ چنبیلی
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: ایک کپ پانی میں جوش دیں۔

مواقع استعمال: بوقت ضرورت نیم گرم جوشاندہ کے غرارے کریں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ دانت درد، مسوڑھوں سے خون آنا، دانتوں کی جڑوں کے کمزور ہونے کے لئے مفید ہے۔

مرکبات سمندر جھاگ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

منجن شاہی

سمندر جھاگ	نمک کھانے والا	مرچ سیاہ	پوست اخروٹ
2تولہ	3ماشہ	3ماشہ	1تولہ
پھٹکڑی بریاں	لونگ	دار چینی	الائچی دانہ کلاں
1تولہ	3ماشہ	3ماشہ	3ماشہ
کتھہ	ست پودینہ	ست اجوائن	
6ماشے	1ماشہ	1ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف لیں ست اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مواقع استعمال: دانتوں پر شہادت کی انگلی سے لگائیں۔

فوائد: دانتوں کو مضبوط کرنے، چمک پیدا کرنے، ٹھنڈا گرم لگنے، دانتوں میں

دودھ ہونے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سن۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

شربت مفید النساء

گل سرس	گوکھرو	اجوائن	کپاس کے خشک ڈوڈے	چینی
5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	3 پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی کو جوش دے کر چینی ملا کر شربت کا قوام بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو چمچ صبح و شام دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن و مقوی غدد ہے۔ حیض کا ادرار کرنے کے لئے بہترین شربت ہے۔

نوٹ! اس کے ساتھ اگر عضلاتی غدی اکسیر صبح و شام ایک ایک رتی دیا جائے تو بہت ہی مفید پایا گیا ہے۔ میرا مجرب عمل اس طرح ہے کہ میں اکسیر نمبر ۳ جوشاندہ۔ املتاس کے اندر کا گودا بمع بیج صاف کر کے صرف چھلکا استعمال کریں تقریباً 6 ماشہ کا جوشاندہ ایک کپ بنا کر پرانے گڑ سے میٹھا کر کے مریضہ کو پلاتا ہوں اور ساتھ ہی شربت مذکورہ پلاتا ہوں۔ ایک دو یوم میں حیض کا ادرار ہو جاتا ہے۔ یہ میرا معمول مطب نسخہ ہے۔ بنا کر اس سے فائدہ اٹھائیں اور بندہ ناچیز کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سنکھ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف معین حمل

سنکھ	نمک	آب لیموں
1 کلو	حسب ضرورت	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: سنکھ کو نمک کے پانی میں ابال کر صاف کر لیں۔ اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے روغنی ہانڈی میں ڈالیں اور اس پر لیموں کا پانی نکال کر اتنا ڈالیں کہ سنکھ چھپ جائے ہانڈی کو مضبوط گل حکمت کر کے خشک ہونے کے بعد ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ دوسری آگ آب چونا ڈال کر ایک من کی آگ دیں اور تیسری آگ آب نخود ڈال کر ایک من کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی کیپسول میں ڈال کر صبح و شام دیں۔ انشاءاللہ پہلے ماہ نہیں تو دوسرے ماہ حمل قرار پائے گا۔

افعال و اثرات: میں معین حمل کیلشیم کا نعم البدل ہے۔ لیکوریا، جریان، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف بخار کهنه

سنکھ	تھوایا کرنڈ
5 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: سنکھ کو کشتہ کرنے کی ترتیب یوں ہے کہ پہلے سنکھ کو سرکہ یا ترشی میں بجھا دیں کہ ٹوٹنے لگے پھر نقدہ تھوایا کرنڈ میں رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ

دیں۔ بہترین شگفتہ کشتہ سفید رنگ کا برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ۲ رتی۔ ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ بلغمی کھانسی ، بحہ گرفت کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سنگجراحت۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف جریان

سنگجراحت	ستاور	کشتہ قلعی	کوزہ مصری
1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	2 ماشہ

ترکیب تیاری: پہلی دونوں اشیاء کو باریک کر کے کوزہ مصری میں کھرل کر کے کشتہ قلعی ملا کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ تا 1 تولہ ہمراہ نیم گرم دودھ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ سیلان الرحم ، جریان، رقت منی، مغلظ منی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف سنگجراحت برائے اسہال صفراوی

سنگجراحت	پھٹکڑی سفید	سندھور
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو ملا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو

اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ ہمراہ شہد گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل ومقوی اعصاب مسکن غدد ہے۔ اسہال صفراوی کثرت، طمث، لیکوریا کے لئے مفید ہے اور کثرت پسینہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سکہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ سکہ برائے سلسل بول

حوالشافی:

سکہ	بڑھ کے خشک پتے
1 تولہ	2 تولہ

ترکیب تیاری: سکہ کو پگھلا کر بڑھ کے پتوں کا سفوف ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں اور بڑھ کے ڈنڈے سے رگڑتے جائیں سکہ کا خاکہ بن جائے گا۔ اس خاکہ کو گھیکوار سے کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور کوزے میں بند کر کے گل حکمت کر کے دو کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر شگفتہ نہ ہو پھر گھیکوار سے کھرل کر کے گل حکمت کر کے دو کلو کی آگ دیں۔ جب تک شگفتہ نہ ہو تو یہ عمل دہراتے رہیں پھر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی سے 2 رتی ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سلسل بول، جریان، سرعت انزال، مذی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر سوزاک کھنہ

سکہ	قلمی شورہ
1 تولہ	4 تولہ

ترکیب تیاری: سکہ کو پگھلا کر قلمی شورہ کی چٹکی دیں، ڈنڈا سے رگڑتے رہیں یہاں تک کر شورہ ختم ہو جائے پھر خوب کوٹ کر سفوف بنالیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ سوزاک، جریان کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سنگھاڑہ

سفوف پیچش

سنگھاڑہ	ستاور

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ چھاچھ (لسی)۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ پیچش، اسہال کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ منی

سنگھاڑہ	الائچی سبز	سمندر سوکھ	تج
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشے صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ مغلظ منی، سرعت انزال کو دور کرنے کے لئے دو یا تین ہفتہ روزانہ صبح منہ نہار ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔ بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سنکھیا۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

دوائے تریاق دق

ھوالشافی: سنکھیا سفید 1 تولہ۔ کھریا مٹی سفید 8 تولہ کے درمیان رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے سات کلو اوپلوں کی آگ دیں اور نکال کر یہ کشتہ ایک تولہ اور چھ ماشہ شنگرف کو چوبیس گھنٹے عرق کو کے ساتھ کھرل کریں۔ پھر چوبیس گھنٹے عرق چرائتہ میں کھرل کر کے چونسان بجھ 5 کلو کے اندر فرش لحاف دے کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ دوائے تریاق دق تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول شہد کے ہمراہ 7 دن تک۔ جب بخار ٹوٹ جائے تو احتیاطاً ہر ماہ ایک ہفتہ مذکورہ بالا ترتیب سے استعمال کراتے رہیں۔

☆☆☆☆☆

کشتہ سم الفار (امراض خبیثہ)

ڈلی سم الفار سفید	شیر مدار	پھل زقوم خاردار	شیر تھوہر (زقوم)
1 تولہ	حسب ضرورت	40 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ڈلی سم الفار کو دو ہفتہ شیر مدار میں تر رکھیں۔ مگر ہر تیسرے روز شیر مدار بدل دیا کریں اور پھل تھوہر بروہ شیر زقوم سے کھرل کر کے نغدہ بنا کر اس میں ڈلی سم الفار رکھ کر اس پر 4 مرتبہ کے بعد دیگر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: بقدر دانہ رائی ہمراہ مکھن دیں۔

نوٹ! زیادہ خوراک کھانے سے نقصان ہوگا مقرر کردہ مقدار خوراک سے تجاوز نہ کریں۔ صبح کھانا کھانے کے بعد ایک یا دو گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ آتشک کہنہ، کمی انتشار، امراض خبیثہ، مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی باہ

سم الفار	اذراقی مدبر	کشتہ فولاد
1 رتی	2 ماشہ	15 ماشہ

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کا سفوف بنا کر کشتہ فولاد ملا کر ہمراہ برگ پان سے کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ بنا کر محفوظ کر لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ اعصابی تحریک کی وجہ سے کمی انتشار ہو اس کے لئے مفید اور مقوی باہ اور ممسک بھی ہے۔ اس کے علاوہ کمی

خون، بوجہ اعصابی تحریک نزلہ زکام، ہچکیاں، ایگزیما کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سیب۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

جوشاندہ برائے تقطیر البول

چھلکا سیب	چینی
1 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: چھلکا سیب کو ڈیڑھ کپ پانی میں یہاں تک جوش دیں کہ پانی ایک کپ رہ جائے۔ چھان کر چینی ملا کر پلائیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک وقت کا جوشاندہ ہے۔ اسی طرح دن میں تین بار پلائیں

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ تقطیر البول۔ اس کے استعمال کرنے سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔

☆☆☆☆☆

جوارش شاہی مفرح قلب

مربہ سیب	مربہ آملہ	مربہ گاجر	دھنیا خشک
1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	2 تولہ
زرشک شیریں	صندل سفید	گل سرخ ایرانی	الائچی سبز
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ

ترکیب تیاری: پہلے مربہ جات کو اچھی طرح کھرل کر کے مذکورہ اشیاء کا سفوف بنا کر ملا لیں۔ مذکورہ مرکب سے تین گنا شہد یا چینی کا قوام بنا کر ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ ایک تولہ صبح و شام۔

فوائد: مفرح قلب، مسکن جگر، محرک اعصاب، گھبراہٹ قلب، بوجہ گرمی سے ہونے والی پیاس کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سیپ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

دوائے غدہ قدامیہ (عظم غدد)

سیپ	برگ نغدہ سرو
10 تولہ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: برگ سرو کے نغدہ میں سیپ کو دے کر گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ بہترین شگفتہ کشتہ ہوگا۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ عظم غدد، جملہ امراض بول کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات طباشیر۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف جگرانی

طباشیر بانسی	مغز کول ڈوڈے	دھنیا خشک	سرد چینی	صندل سفید
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

الائچی سبز	گل سرخ ایرانی	گل نیلوفر	زہر مہرہ خطائی
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کے برابر کوزہ مصری ملا لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ ہمراہ پانی صبح نہار منہ ہمراہ لسی دیں۔

افعال و اثرات: افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ یرقان اصفر، ورم معدہ و جگر، قے، ابکائی، تقطیر البول، سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆ سوزاک کے لئے ہمراہ شربت بزوری دیں۔

☆ یرقان کے لئے ہمراہ لسی دودھ دیں۔

☆ تقطیر البول کے لئے ہمراہ لسی دہی دیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف یرقان (پیلا)

طباشیر	ست گلو	ست لیموں	فلفل سیاہ	دانہ الائچی	شورہ قلمی
3 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ	1.5 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب ساختن: ہر دوا کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر پھر اچھی طرح کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشہ صبح و شام مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

بدرقہ: تخم کاسنی (1 تولہ کو پانی 1 پاؤ میں گھوٹ کر کپڑے سے چند بار چھان کر رکھیں۔ اب اس میں رس لیموں، یا سنگترہ ایک عدد لیں۔ اگر یہ دونوں چیزیں دستیاب نہ ہوں تو 1 تولہ املی کو پانی میں بھگو کر اس پانی کا شیرہ کاسنی میں ملا کر پلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی، محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی

اعصاب مسکن غدد ہے۔ یرقان، ورم جگر، ورم معدہ کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! اگر صلابت جگر یا ورم معدہ ہو تو اس روغن کی مقام معاوف پر مالش کریں۔

☆☆☆☆☆

سفوف دق الاطفال

طباشیر کبود	الائچی سبز	ست گلو	زیرہ سفید	بکرا کا جگر سوختہ	گلوکوز
6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	6ماشہ	2تولہ	9تولہ

ترکیب تیاری: پہلے جگر کو آہنی کڑاہی یا توا پر سوختہ کر کے سفوف بنائیں۔ پھر مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر اس میں ملا دیں پھر گلوکوزہ کا سفوف ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 2 رتی ہمراہ چہار عرق صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل و مقوی اعصاب مسکن و غدد ہے۔ دق الاطفال، سوکڑا پن، اسہال، پیچش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات فالسہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

شربت مفرح قلب

فالسہ	املی	آلو بخارا

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: گرینڈر کر کے جوس نکال لیں۔ پُن کر چینی ملا کر معروف طریقہ کے مطابق شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: 5 تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ مفرح قلب، قے، تنگی، شدت پیاس، بول فی الفراش ہر قسم اخراج خون کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کاکڑا سنگی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب کف

کاکڑا سنگی	ہلیلہ سیاہ بریاں	لونگ	زوفہ	گل بنفشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔ حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب، صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ بلغمی کھانسی، نزلہ زکام، دست، قے، بخار کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کحل برائے نزول الماء اور آشوب چشم

کاکڑا سنگی	رسونت	پھٹکری	افیون
1تولہ	6ماشہ	1تولہ	2ماشہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک مثل سرمہ کریں۔

مواقع استعمال: آنکھوں سے پانی بہنا، آشوب چشم، رمد بلغمی، روشنی برداشت نہ ہونا، اندھیرا آنا، کے لئے مفید ہے۔ ایک سلائی صبح، دوپہر، شام لگایا کریں۔ مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کانپھل۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

مقوی باہ انتشار کامل

کابھل	پوہ مین	لیبیتھین	بیربوٹی
7 تولہ	1 گرام	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر سیاہ مرچ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب تا ۲ حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک باہ، انتشار کامل ہوتا ہے۔ ممسک بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

منجن برائے درد دانت

کابھل	کالی مرچ	پھٹکری بریاں

جملہ تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

فوائد: درد دانت، ماخورہ، دانت مصفا کرنے کیلئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کقہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب لطف شباب

کقہ	سم الفار	عنبر
6 ماشہ	6 ماشہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: آب برگ پان دو سو عدد میں خوب کھرل کریں گولیاں بقدر باجرہ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب حلوہ میں رکھ کر کھلائیں اسکے بعد دودھ پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی قلب ہے۔ ہر قسم کی جسمانی کمزوری، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ ان حب کی قوت تین سال تک برقرار رہتی ہے۔

نوٹ: ایک دفعہ کا کورس کرنے سے سات دن یا دو ہفتہ کا کورس کافی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف بخار کہنہ

کقہ	سم الفار	الائچی خورد	ادرک
4 تولہ	3 ماشہ	1 تولہ	1 چھٹانک

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر ادرک کے پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں یہاں تک کہ پانی ختم ہو جائے۔

مقدار خوراک: 1 رتی صبح و شام ہمراہ عرق اجوائن سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بخار کہنہ، جریان، لیکوریا، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مسکن اور استحکام دندان

کتھ سفید	کافور	پھٹکڑی بریاں	بادام شیریں کا کوئلہ	افیون
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر افیون میں ملالیں۔

ترکیب استعمال: شہادت کی انگلی سے یا برش سے مسوڑھوں اور دانتوں پر لگائیں لگانے سے درد غائب ہو جائے گا۔

فوائد: دانتوں کو چمکدار کرتا ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کر کے دانت ہلنے سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ بدبوئے دہن، ماخورہ، دانتوں کو گرم سرد لگنا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے زخم آتشک

کتھ سفید	رال سفید	پارہ	گندھک	چونہ	زہرمہرہ

تمام چیزیں ایک ایک تولہ لیں۔

ترکیب تیاری: اوّل پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں پھر باقی ادویہ باریک کر کے کجلی میں ملادیں۔ بس دوائے ذرورہ تیار کر کے محفوظ کر لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ آتشک اور بہنے والے زخموں اور پھوڑے، پھنسیوں کے لئے بہترین دوا ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اسہال

کتھ	تخم جامن	کمر کس

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی صبح دوپہر شام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ اسہال، غدی پیچش، اعصابی تحریک ہر علامت کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کرنجوہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب برائے اکسیر شوگر

مغز کرنجوہ	برگ نم	کالی مرچ
3 حصہ	2 حصہ	1 حصہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: شوگر کی شدید صورت میں چار گولیاں بوقت صبح ہمراہ پانی، دوپہر دو گولی، شام کو دو گولی دیں۔

دو ہفتہ تک اسی ترتیب سے کھلائیں۔ جب شوگر نارمل ہو جائے تو پھر ایک گولی روزانہ کھلائیں۔ تین ماہ کے کورس سے شوگر سے مکمل نجات مل جائے گی۔

نوٹ! دوران کورس ہلکی مقدار سے چینی کا استعمال کرتے رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس کے مسلسل کھانے سے شوگر ختم ہو جاتی ہے۔ احتیاط ضرور کریں۔ یہ میرا معمول مطب نسخہ ہے۔ جو میں نے

بیان کر دیا ہے۔ بنائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ یہ نسخہ اعصابی اور غدی شوگر کے لئے تیر بہدف ہے۔ اعصابی تحریک میں تحلیل کی صورت میں اور غدی شوگر کو تسکین کی صورت میں کام کرے گا۔ عضلاتی شوگر کے لئے بھی مفید ہے۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ شوگر کے علاوہ اعصابی کھانسی، بخار، بواسیر، نواسیر کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے الرجی

مغز کرنجوہ	ریٹھہ	چاکسو

درج بالا تینوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: ادویہ کا سفوف بنا کر گود گھیکوار کے پانی سے کھرل کر کے حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔ یہی دوا 1 حصہ تیل سرسوں دو حصہ ملا کر مقام معاوف پر لگائیں۔ چند یوم میں شفا ہوگی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مصفی خون، خارش، چنبل، داد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر بخار

مغز کرنجوہ	آمیں	ست گلو	پھٹکڑی بریاں	کشتہ گودنتی
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

کشتہ سنکھ	کشتہ ابرک سفید	زہر مہرہ خطائی	سہاگہ بریاں	نوشادر
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
	ست پودینہ	ست اجوائن	الائچی سبز	
	3 ماشہ	3 ماشہ	6 ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر پھر ست پودینہ اور اجوائن ملا کر محفوظ کرلیں۔ گولیاں بقدر دو رتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی ہمراہ عرق گلو، عرق گاؤزبان ہر ایک پانچ تولہ سے صبح، دوپہر، شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ کہنہ سے کہنہ بخار کے لئے اکسیر ہے۔ ٹائیفائیڈ، اعصابی بخار اسکے کھلانے سے چڑھا ہوا بخار فوراً اُتر جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکباتِ کڑا اچھال۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوفِ سنگرھنی (یک روزہ علاج)

ھوالشافی: کڑا اچھال + دہی۔ دونوں چیزیں حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: کڑا اچھال کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ، دن بھر دہی کے ہمراہ دیں۔

نوٹ! پورا دن کڑا اچھال اور دہی کے سوا کوئی غذا نہیں دینی ہے۔ انشاء اللہ ایک ہی روز میں سنگرہنی کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی، سنگرہنی کیا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد فوراً

حاجت پیدا ہوتی ہے۔ (پاخانہ) دوسرے لفظوں میں یوں سمجھ لیں غیر منہضم پاخانے آتے ہیں جیسے کچے پاخانے کہتے ہیں۔ سنگرہنی کے لئے یہ تیر بہدف نسخہ ہے۔

نوٹ! اگر پہلے دن آرام نہ آئے تو دوسرے یا تیسرے روز یقیناً اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

☆☆☆☆☆

سفوف سنگرہنی

ہوالشافی: پھلی کیکر بغیر تخم + کڑا چھال۔ دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی یا لسی دیں۔ افعال و اثرات میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ سنگرہنی کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ اس کے علاوہ سیلان الرحم کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کوڈی (کوڈی)۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

خیساندہ کوڈی برائے پتھری گردہ

کوڈی	لیموں کا رس
11 عدد	1/2 پاؤ

ترکیب تیاری: کوڈی کو لیموں کے رس میں ڈال کر تین یا چار دن رکھیں۔

ترکیب استعمال: مذکورہ رس سے پُن کر چائے والی چمچ مریض گردہ کو پلائیں۔ صبح و شام۔ چند یوم پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ اعصابی تحریک کی پتھری کیلئے اور تحریک غدی پتھری کیلئے کسی حد تک تسکین کی صورت میں مفید ہو سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف سوزاک

کوڈی زرد	نغدہ برگ شیشم
1 پاؤ	1 کلو

ترکیب تیاری: پہلے کوڈیاں توڑ پھوڑ کر کے برگ شیشم کے نغدہ میں دے کر دو کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ بہترین کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: 2 رتی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سوزاک، مذی، جریان کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کونچ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف مغلظ

سانگھاڑہ	پھلی کیکر	دودھ بڑھ

جملہ تمام چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شیر بڑ ملا کر چھاؤں میں خشک کر کے حب نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: 2 حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن غدد ہے۔ منی کے قوام کو گاڑھا کرتا ہے۔ مذی، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کیکر۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

شافہ برائے بانجھ

کیکر کی سیاہ رطوبت	پھٹکڑی سفید بریاں
2 تولہ	2 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: 6 ماشہ کا شافہ یا بتی بنا کر یا ململ کے کپڑے کی پوٹلی بنا کر رحم کے منہ میں رکھیں۔

نوٹ! یہ عمل حیض سے پاک ہونے کے بعد کریں۔ ایک ہفتہ جاری رکھیں۔ اسکے بعد ہم بستری کریں۔ انشاء اللہ بامراد ہونگے۔ بانجھ پن، لیکوریا کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوران حمل خون جاری ہو جانے کا مجرب نسخہ

برگ کیکر سبز	پانی
1 تولہ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: پانی میں برگ ملا کر اس قدر جوش دیں کہ پانی 1 پاؤ رہ جائے پھر حسب ذائقہ میٹھا کر کے مریضہ کو دن میں تین بار پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔

☆☆☆☆☆

دوائے لیکوریا خاص

پھلی کیکر	سک کیکر	برگ کیکر	گوند کیکر

جملہ تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بدبودار لیکوریا کے لئے بھی مفید ہے۔

نوٹ! اس کا شافہ بھی بنا کر رحم میں رکھیں تو جلدی شفا ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گڑمار۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب گڑمار برائے ذیابیطس اعصابی

گڑمار	گلوخشک	مغز تخم جامن	زنجبیل
24 تولہ	12 تولہ	6 تولہ	6 تولہ
سلاجیت	کشتہ فولاد جامن والا		
ڈیڑھ تولہ	1 تولہ		

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام، ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ شوگر اعصابی اور غدی شوگر تسکین کی صورت میں فائدہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆

سفوف گڑمار ذیابیطس

گڑمار	کشتہ فولاد	کشتہ بیضہ مرغ	کلغی مرغ سوختہ
10 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 عدد

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی، اعصابی شوگر کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ اسہال، کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ذیابیطس

گڑمار	کریلہ خشک برگ سرخ	پوست درخت جامن
10 تولہ	10 تولہ	20 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پانی میں بھگودیں ہر روز ہلا دیا کریں۔ بعدازاں پانی کو آگ پر خشک کریں یہاں تک کہ قوام گولی بننے کے قابل ہو جائے۔ پھر نخودی گولیاں بنالیں۔ یا رب کی بجائے اس کا عرق کشید کرلیں وہ بھی بہتر رہے گا۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ شوگر، سلسل بول، جریان، لیکوریا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گل دھاوا۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف پیچش

گل دھاوا	مغز تخم جامن	گل انار	زنجبیل	لودھ پٹھانی	افیون
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	6 ماشہ	2 رتی

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ آب چاول دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات و محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ پیچش اور اسہال، لیکوریا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے اسہال

گل دھاوا	بیل گری	کتھہ سفید	موچرس	رال سفید

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔ یا کالی پتی کے قہوہ سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ پائخانے بے قاعدہ، اسہال، خونی پائخانہ، کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اسہال

گل دھاوا	اندرجو شیریں	تمر ہندی مغز	بیل گری
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

افعال و اثرات: مس محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ پیچش، اسہال، لیکوریا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گیرو۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف کثرت طمث

گیرو	سنگجراحت	کہربا شمعی	سمندر سوکھ	پھٹکڑی بریاں
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: مس محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ خون کثرت حیض، اس کے علاوہ خون خواہ جسم کے کسی بھی حصے سے آ رہا ہو کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے سوزاک

گیرو	پھٹکڑی بریاں	کہربا شمعی
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ تک صبح وشام ہمراہ لسی دیں۔

افعال و اثرات: مس محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جب پیشاب رک رک کر آتا ہو تو اس کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے مصفی خون

گیرو	شورہ	گندھک آملہ سار	پارہ
8تولہ	8تولہ	8تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: گندھک کو تھوڑا سا گھی لگا کر کڑاہی میں پگھلائیں پھر اس میں پارہ ڈال کر رگڑیں جب دونوں آپس میں مکس ہو جائیں تو شورہ ڈالیں۔ جب شورہ پگھل جائے تو گیرو شامل کر کے اچھی طرح سے ملا کر جب یہ سفوف ہو جائے تو اتار کر اچھی طرح پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: دن میں تین بار ایک نمبر کیپسول ہمراہ پانی دیں۔

☆☆☆☆☆

برائے قے الدم واسہال

گیرو	دم الاخوین	خون سیاوشاں

جملہ ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خونی قے، خون اسہال، خون خواہ کسی مقام جسم سے اخراج پا رہا ہو کے لئے مفید ہے۔ سیلان الرحم اور جریان کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گل ارمنی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

پچکاری احلیل برائے سوزاک

گل ارمنی	کافور	کبابہ	مصطلگی رومی
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو 1 پاؤ پانی میں ملا کر ایک شیشی میں دو تین دن دھوپ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال: حب دستکاری، پچکاری استعماری کرائیں۔ اس کے بعد یہ نسخہ سوزاک کے لئے استعمال کرائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گل مختوم۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف درد گردہ

گل مختوم	گل ملتانی	چہار مغز	مغز بادام
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ
گل سرخ	مغز چلغوزہ	گل ارمنی	
5تولہ	5تولہ	5تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6ماشے ہمراہ بدرقہ۔

☆☆☆☆☆

جوشاندہ دال کلھتی:

سرپھوکہ	گوکھرو	پوست خربوزہ
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

یہ ایک خوراک ہے۔ اس جوشاندہ کے ساتھ یہ دوائی کھلائیں صبح وشام۔

افعال و اثرات: میں درد گردہ، پتھری گردہ ومثانہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لاکھ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف لیکوریں

لاکھ پیپل	طباشیر	لودھ پٹھانی
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت انجبار دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لفاح۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کیپسول برائے شدید زکام

بیلاڈونا	کونین سلفیٹ
1رتی	8رتی

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

خواص: شدید سوزش کے لئے فوری اثر ہوتا ہے۔ نزلہ، زکام کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

ڈراپر برائے دردکان

ٹنکچر بیلاڈونا	ٹنکچر اوپیم
1ڈرم	1ڈرم

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کو ملا کر نیم گرم کرکے دو قطرے کان میں ڈالیں۔

خواص: کان درد کے لئے فوری اثر کرکے درد کو روکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لودھ پٹھانی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف محافظ حمل

لودھ پٹھانی	برادہ دندان فیل	طباشیر	آرد اصل السوس
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
	آملہ مقشر	کہربا شمعی	
	1تولہ	1تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ ہمراہ شیر گائے شہد سے میٹھا کرکے صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: کثرت اسقاط کی عادت میں بھی اور دوران اسقاط میں بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف سیلان الرحم

لودھ پٹھانی	انجبار	طباشیر نقرہ	چھوٹی الائچی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشے سے 2ماشے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ لیکوریا کے لئے بھی مفید ہے۔

ترکیب استعمال: عرق گاؤزبان 5 تولہ، عرق کاسنی 5 تولہ کے ہمراہ صبح وشام دیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ منی

لودھ پٹھانی	سمندر سوکھ	طباشیر نقرہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشے سے ۲ ماشے ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی، محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مغلظ منی، مذی، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لوھا۔ مزاج عضلاتی اعصابی مزاج (خشک سرد)

کشتہ فولاد برائے ضعف جگر

ہیرا کیس	میٹھا سوڈا

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو علیحدہ علیحدہ پانی میں حل کریں۔ پھر تیسرے برتن میں تھوڑا تھوڑا کر کے دونوں کا محلول ملائیں۔ ان کے ملتے ہی کیمیائی عمل شروع ہوگا۔ جب سکون

ہو جائے تو مزید پانی ڈال کر چند منٹ کے وقفہ کے بعد پانی احتیاط کے ساتھ گرائیں۔ اسی طرح 5یا6 بار عمل دہرائیں تا کہ میٹھا سوڈا اچھی طرح نکل جائے۔ بعد آہنی کڑاہی میں ڈال کر نرم آگ پر خشک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف رتی سے ایک رتی ہمراہ مکھن یا دودھ۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ نفث الدم، ضعف معدہ وجگر، سلسل بول کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت فولاد

پتھری فولاد	سوڈا بائی کارب	سوڈا سیلی سلاس	پانی	چینی
10 گرام	20 گرام	10 گرام	1 کلو	1/2 کلو

ترکیب تیاری: پانی میں آدھا کلو چینی ڈال کر حل ہونے پر پتھری فولاد ڈال کر آگ پر جوش دیں یہاں تک کہ شربت کا قوام بن جانے پر مذکورہ ادویہ ڈال دیں بس شربت فولاد تیار ہے۔

مقدار خوراک: 2 ٹیبل سپون، صبح وشام کھانے کے بعد دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل ومقوی اعصاب مسکن و غدد ہے۔ مقوی معدہ وقلب، اعصابی تحریک کی وجہ سے کمی خون کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ماجو پھل۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب مصفی خون

ماجو پھل (مازو)	پوست مازو	ہلیلہ زرد	آملہ	شاہترہ
اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	ارھائی تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ
سرپھوکہ	قصب الزریرہ	فلفل سیاہ	گندھک آملہ	
اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	سواتولہ	3تولہ	

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوکوٹ چھان کرحبوب بقدرنخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب صبح و شام ہمراہ پانی کھلائیں۔ بوقت ضرورت کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ بھی دیا جاسکتا ہے۔

افعال و اثرات: میں فساد خون اور جلدی امراض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مرجان۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ مرجان مرکب خاص برائے سرعت انزال

شاخ مرجان	عقیق	بکری کا دودھ	چاندی	قلعی
2تولہ	2تولہ	حسب ضرورت	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: پہلے شاخ مرجان اور عقیق کو کوٹ کر دودھ بکری اس قدر ملا کر کھرل کریں کہ ٹکیاں بن جائیں پھر خشک ہونے کے بعد گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔اس کے بعد

(۲) چاندی اور قلعی کو چرخ دے کر ہاون دستہ میں ڈال کر خوب کوٹیں کہ سفوف بن جائے جو باقی بچے اسکو پھر چرخ دیں کوٹ کر سفوف بنا کر اچھی طرح کھرل کریں۔

(۳) پھر نمبر 1 مذکورہ سفوف نمبر 2 مذکورہ سفوف میں ملا کر 1 پاؤ برگ گلاب سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں خشک ہونے کے بعد پھر 15 تولہ برگ مہندی کے نغدہ میں اس ٹکیہ کو رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں، سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: 1رتی سے 2رتی مکھن یا بالائی سے دیں۔اوپر سے دودھ پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل ومقوی اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان، لیکوریا، سرعت انزال، گھبراہٹ دل، سوزاک کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مکھانا۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف مکھانا

مکھانا	ثعلب مصری	سمندرسوکھ	تخم ریحان
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: ماسوائے تخم ریحان کے باقی ادویہ کا سفوف بنا کر تخم ریحان کو ثابت ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشے سے ۶ ماشے صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مغلظ منی، رقت منی، مولد منی، مذی، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات موچرس۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب موچرس برائے ممسک

ھوالشافی: دودھ بڑ (یعنی درخت بوڑھ) حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: موچرس کو کوٹ کر دودھ سے اچھی طرح تر کر کے حب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ اس کے ہمراہ مذکورہ بالا سفوف بھی ساتھ دیں تو بہت ہی مفید ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ منی کو قوام کو گاڑھا کر کے لحات شب کو بڑھاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف موچرس برائے امساک

موچرس	کشتہ صدف
1تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: موچرس کو اچھی طرح کھرل کر کے پھر کشتہ صدف ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ مثل غبار بن جانے پر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشے سے دو ماشے تک ہمراہ مکھن یا بارائی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ سرعت انزال، مغلظ منی، مذی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مروارید۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف جواہر مولد جراثیم

مصطگی رومی	طباشیر	الائچی خورد	مروارید
1تولہ	1تولہ	1تولہ	۹تولہ

ترکیب تیاری: پہلے مروارید کو عرق گلاب میں دو دن لگاتار کھرل کرکے مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر محفوظ کر لیں۔

نوٹ! مصطگی رومی کو بریاں کر کے سفوف بنا کر ادویہ میں ملا دیں۔

مقدار خوراک: 4رتی صبح منہ نہار ہمراہ قہوہ دارچینی دیں۔ اسی طرح شام 5 بجے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ کم جراثیم، مولد جراثیم، مغلظ منی، مولد منی ہے۔

اس کے ہمراہ سفوف مغلظ دیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مہندی۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

خیساندہ برائے یرقان

برگ مہندی	پانی
۲تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: برگ مہندی کو توڑ پھوڑ کر کے رات کو مٹی کے برتن میں

بھگو دیں صبح پانی چھن کر حسب ذائقہ شیریں کر کے منہ نہار مریض کو پلائیں۔ سات یوم کافی ہے۔

فوائد: یرقان پیلا کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ممسک

ھوالشافی: گل مہدی (حسب ضرورت)۔قند سیاہ (حسب ضرورت)

ترکیب تیاری: پھول مہدی کو پانی میں جوش دیں پانی چھن کر گڑ ملا دیں۔ یہاں تک کہ قوام گولیاں بننے کے مطابق ہو جانے پر سرد کر کے گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب بوقت شب خاص وقت سے پہلے ایک گھنٹہ استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ ممسک بغیر نشہ آور دوا ہے۔ رات کو استعمال کریں پھر خدا کی قدرت کا نظارہ کریں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات نسوت (تربد)۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب عرق النساء

تربد سفید	بلیلہ سیاہ	مصطلگی رومی	اجوائن خراسانی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
بادیان	زیرہ سیاہ	مصبر	حنظل سالم
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1عدد

ترکیب تیاری: حب دستور مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر بعد ازاں حنظل (تمہ) سالم کوٹ کر سفوف ملا کر خوب کھرل کر کے یک جان ہو جانے پر حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ۔صبح وشام دیں۔

افعال و خواص: عرق النساء وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف عرق النساء

تربد	مقل ارزق	سورنجان شیریں	فلفل سیاہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک صبح وشام ہمراہ عرق بادیان دیں۔

افعال و خواص: محرک غدد محلل عضلات، مسکن اعصاب ہے۔ نقرس، عرق النساء، وجع المفاصل کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات نیم ۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

حب بواسیر خونی

مغزنم	چھلکا اسپغول	گڑ پرانا

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے گڑ کو کوٹ کر مولی کے پانی میں حل کر کے مغزنم ملائیں۔ پھر چھلکا اسپغول ڈال کر ملائیں۔ پھر اچھی طرح کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں۔ حب بقدر رکھی

بنائیں دھوپ میں خشک ہونے پر دانہ نخود کے برابر ہو جائیں گے۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب ہمراہ پانی صبح، دوپہر، شام دیں۔

افعال و خواص: بواسیر خونی، قبض کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن بواسیری مسے

روغن نم	سرسوں کا تیل
1 ماشہ	4 ماشہ

ترکیب تیاری: روغنیات کو ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: چند یوم لگانے سے مسے گر جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے کینسر پھوڑا

تخم نم دودھ والے	مصبر
2 کلو	5 تولہ

ترکیب تیاری: تخم نم کو اچھی طرح کوٹ کر چھان لیں بعد ازاں مصبر کو کوٹ کر ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے، عضلاتی اعصابی گلٹی، کینسر پھوڑا اور مصفی خون ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف صندلین برائے یرقان

برگ نم	برگ حنا	ملٹھی مقشر	زرنباد
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
ہرمچی	صندل سفید	صندل سرخ	مجیٹھ
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ایک ماشہ سفوف حسب عمر ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اخوص: مصفی خون، مولد خون، مقوی قلب، مقوی جگر، مقوی امعاء، یرقان، اسہال، داد چنبل، اوجاع ریحی، اختلاج قلب، ضعف بدن، کے لئے مفید ہے۔

☆ بچوں کے لئے سیلان الاذن، دق الاطفال، قے، اسہال میں مفید ہے۔

☆ مستورات کے جملہ عوارض کے لئے مفید ہے۔ ضعف اعصاب کو دور کرتا ہے۔

ہدایات: دوران علاج قبض کا خیال رکھیں اگر قبض ہو جائے تو سبوس اسپغول یا کوئی ملین دوا سے دور کریں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات وسمہ ـ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

تیل برائے بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے

وسمہ	برگ مہدی	برگ بیری	بالچھڑ	آملہ	بیڑے
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ہلیلہ سیاہ	میتھرے	تخم جامن	پوست ریٹھے	تیل سرسوں
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو توڑ پھوڑ کر کے نصف کلو پانی میں رات کو بھگو دیں صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے پھر چھان کر تیل میں جلالیں۔ پھر محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: اس تیل سے ہر روز مساج کریں۔

فوائد: بالوں کو لمبے کرنے، گرنے سے روکتا ہے، چمک اور خوبصورتی اور گھنے، سکری خشکی کا خاتمہ کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ہڑتال گودنتی۔ مزاج عضلاتی اعصابی

سفوف برائے فریکچر (ٹوٹی) ہڈیاں

ھوالشافی:

کشتہ گاؤدنتی	کشتہ ابرک سیاہ	کشتہ بارہ سنگھا

درج بالا تینوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: تینوں کشتہ جات کو ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ رتی ہمراہ نیم گرم پانی دن میں ۳ بار ضرور دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ پرانے بخار، جسمانی دردیں، اور ہڈیوں کے فریکچر کے لئے اور اس کے علاوہ بلغمی کھانسی، دمہ کشی، نمونیہ کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔

نوٹ! ان امراض علامات کے لئے شہد کے ساتھ دیں۔

☆☆☆☆☆

حب برائے بخار کہنہ

ہڑتال گودنتی	نغدہ گلو
1 پاؤ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: ہڑتال کو نغدہ گلو میں رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں بہترین کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ایک ماشہ ہمراہ پانی صبح و شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بخار کہنہ، کھانسی اعصابی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف جریان کہنہ

ہڑتال گودنتی	نغدہ برگ کیکر تازہ
1 پاؤ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: ہڑتال کو برگ کیکر کے نقدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ بہترین شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ۴ رتی ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی صبح و شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان منی، مذی سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ہلیلہ۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

سفوف سر درد

ہلیلہ	بلیلہ	آملہ	دار چینی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ
اسطخودوس	کشنیز	مرچ سیاہ	
1تولہ	1تولہ	6ماشے	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ صبح وشام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ سر درد بلغمی، اور صفراوی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے قبض کشا

ہلیلہ زرد	ارنڈی کا تیل	مغز جمالگوٹہ
1/2 کلو	200 گرام	1تولہ

ترکیب تیاری: پہلے جمال گوٹہ کو اچھی طرح کھرل کریں بعد ازاں ہلیلہ زرد کا سفوف بمثل سرمہ کرکے جمال گوٹہ اچھی طرح کھرل کرکے کسٹرائل کا تیل ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ڈبل زیرو کیپسول بھر کر رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔

فوائد: دائمی قبض کشائی اور اصلاح جگر کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون درد شقیقہ

ہلیلہ کابلی	مغز کشنیز	مغز بادیان	چہار مغز
1/2 کلو	1/2 کلو	1/2 کلو	1 پاؤ
مغز بادام شیریں	روغن گاؤ	کوزہ مصری یا چینی	
1 پاؤ	1/2 کلو	1 کلو	

ترکیب تیاری: ہر سہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر دیسی گھی میں بریان کرلیں سرخ ہونے پر الگ رکھیں۔ اب مغز بادام اور چہار مغز کو پیس کر سب کو ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: 1تولہ بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سر درد دائمی، درد شقیقہ اور نزلہ، کیرا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے سنگرھنی

ہلیلہ سیاہ	کچور	سنڈھ	سونف سوختہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
انار دانہ	گوند کیکر بریاں	گیری	افیون
1تولہ	1تولہ	1تولہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: ہلیلہ سیاہ، سونف، گوند کیکر کو دیسی گھی میں بریاں کرلیں۔

بعد ازاں جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر افیون ملا کر خوب کھرل کریں کہ یک جان ہو جائیں۔ پھر شکر تری ادویہ کے برابر ملا لیں اور محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ سے 6 ماشہ ہمراہ دہی کی لسی سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ کھانے کے بعد پاخانہ نہ آنے یا بار بار پاخانہ آنے کے لئے بھی مفید ہے۔ کھایا پیا خوب ہضم کرنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ہلیلہ کلاں برائے بال

ہلیلہ کلاں	ہلیلہ زرد	ہنسراج	تخم دھتورہ
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
تخم ماکنگنی	کشتہ فولاد برنگ سرخ	افیون مصفی	تخم بھنگرہ
1 تولہ	3 تولہ	6 ماشہ	4 تولہ

ترکیب تیاری: سب کو جدا جدا کر کے پیس لیں ہمراہ شہد سحق کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔ تین ماہ کا کورس ہے۔ پرہیز ترشی سے کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ قبل از وقت بالوں کا سفید ہونا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ہیرا۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ ہیرا مقوی باہ و ممسک

ہیرا کو کشتہ کرنے کی ترکیب:

کھڑا ہیرا	آب ہاتھی سنڈی کلاں
1 سے 2 رتی	1 تولہ

ترکیب تیاری: کھڑا ہیرا کو 21 دن پلاسٹک کی بوتل میں بند کر کے رکھیں۔ گرمی کے دنوں میں پلاسٹک ہیرا کھڑا پانی سے نکال کر کھرل میں رکھیں اور اوپر سے 2 تولہ لیموں کا مقطر رس ڈال دیں۔ ایک، دو دن پڑا رہنے دیں۔ خشک ہونے پر پھر 2 تولہ لیموں کا رس ڈال دیں۔ جب لئی سی بن جائے تو کسی مٹی والی کجی میں ڈال کر گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پہلی ہی آگ میں شگفتہ کشتہ ہوگا۔ یہ میرا تجربہ شدہ عمل ہے۔ میں نے نکی مروت سے ہاتھی سنڈی لایا تھا اس سے میں نے یہ تجربہ خود اپنے ہاتھوں سے کیا ہے جو عمل میں نے کیا ویسا ہی لکھ دیا ہے۔ اس میں ذرہ بھر بھی فرق نہیں ہے۔

نوٹ! اصلی کھڑا ہیرا ہونا اولین شرط ہے۔ دوسری بات آب ہاتھی سنڈی کلاں کا اصل ہونا بھی ضروری ہے۔ پھر انشاء اللہ ضرور بضرور کشتہ شگفتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: دانہ خشخاش کے برابر ہمراہ دودھ گی دیں۔ صرف ۴، ۵ گھی خوراکیں کافی ہیں۔

خواص: مقوی باہ، ممسک اعلیٰ، قوت باہ کا سرتاج ہے۔ بوڑھے آدمی کا سہارا ہے۔ جس دوائی میں بھی ملائیں گے اس کی قوت دوگنا ہو جاتی ہے۔

۱) دوائے شوگر ایک رتی کشتہ ہیرا 1 تولہ مروارید ایک بوتل عرق گلاب میں دونوں کو

کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: شوگر کے مریض کو ایک سے دو چاول ہمراہ دودھ صبح منہ نہار دیں۔ ایک ماہ کا کورس کرنے کے بعد کسی بھی دوائی کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ یہ بھی میرا آزمودہ مجرب عمل ہے۔

۲) فشار الدم قوی کو نارمل رکھنے کے لئے چند یوم ایک چاول سے دو چاول ہمراہ دودھ دیں۔ فوراً بلڈ نارمل ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

کشته الماس

برائے شوگر

ھوالشافی:

جست	کھڑ الماس
5 تولہ	1 رتی

ترکیب تیاری: پہلے جست کا خاکہ نیم کے ڈنڈے سے کریں یعنی کہ جست کو آہنی کڑاہی میں آگ پر رکھ کر پگھلائیں پھر ڈنڈا نیم سے ہلاتے رہیں یہاں تک کہ خاکہ بن جانے پر پھر گھیکوار کے گودے سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں خشک ہونے پر گل حکمت کر کے پانچ کلو کی آگ دیں یہ پانچ بار گھیکوار سے کھرل کر کے ہر بار 5 کلو اوپلوں کی آگ دینی ہے۔ کشتہ بہترین ہو جائے گا۔ پھر مذکورہ کشتہ سے ۲ تولہ لے کر 4 ماشہ گندھک آملہ سار باہم کھرل کر کے 1 تولہ فاسفورس کو اس سے ڈھانپ دیں کہ فاسفورس اچھی طرح چھپ جائے۔ چند یوم میں ٹھنڈا ہو جائے گا اور دھواں نکلنا بھی بند ہو جائے گا۔ پھر الماس کھڑا ایک رتی لے کر اس پر ٹھنڈا فاسفورس کا ہلکا سے لیپ کر دیں اور ایک کوٹالی میں رکھ کر 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ چند بار آگ دینے پر

الماس شگفتہ کشتہ ہوگا۔

کشتہ الماس	مروارید	عرق گلاب
1 رتی	1 تولہ	1 بوتل

ترکیب تیاری: مروارید کو کوٹ کو اچھی طرح عرق گلاب میں کھرل کریں پھر کشتہ الماس بھی ڈال کر یہاں تک کھرل کرتے رہیں کہ عرق گلاب ختم ہو جائے۔ خشک ہونے پر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول کیپسول میں بھر کر مریض شوگر صبح منہ نہار ہمراہ دودھ دیں۔ ایک ماہ کا کورس ہے۔ اسکے بعد شائد ہی دوا کی ضرورت پیش ہو۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، ومقوی مسکن غدد ہے۔ شوگر، جریان، لیکوریا، سرعت انزال، جسمانی کمزوری کے لئے بھی مفید ہے۔

نوٹ! کشتہ الماس کھلانے سے پہلے شوگر کے مریض کو میری کتاب حصہ اوّل مفرد ادویہ کے مرکبات میں نسخہ انسولین کا نعم البدل پہلے پندرہ روز استعمال کرائیں۔ پھر کشتہ الماس دیں۔ انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆

آنکھ میں موتیا سفید کے لئے

کشتہ ہیرا	سرمہ سیاہ
ایک چاول	1 تولہ

ترکیب تیاری: سرمہ سیاہ میں کشتہ ہیرا کو اچھی طرح مثل غبار بنا کر محفوظ کریں۔

مواقع استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت ایک سے دو سلائی لگائیں۔ انشاء اللہ سفید موتیا دور ہو کر نظر بحال ہو جائیگی۔ اسکے علاوہ دھند، جالا کمزوری نظر کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات یاقوت۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ یاقوت برائے تقویت اعضاء

یاقوت	سرمہ انگوری (دتو کمپنی کوئٹہ)
1 تولہ	1 بوتل

ترکیب تیاری: یاقوت کو کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر آگ پر رکھ کر سرکہ کا چویا چار گھڑی تک رہنے دیں۔ اس کے بعد کوزہ میں لعاب گھیکوار ڈال کر گل حکمت کر کے دس کلو جنگلی لکڑیوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ اس کے بعد ایک ہفتہ تک گلاب میں کھرل کر کے خشک کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: نصف رتی سے 1 رتی تک ہمراہ دودھ یا مکھن کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ تقویت اعضائے رئیسہ، خفقان قلب، امراض دماغی، ونفث الدم، ونزف الدم، اسہال، دق سل کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات یشب۔ مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ یشب برائے خفقان قلب

یشب	برگ گاؤزبان
1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: برگ گاؤزبان کو عرق گلاب میں جوش دیں۔ بعدازاں پُن کر اس میں یشب کو آٹھ پہر (۲۴ گھنٹے) کھرل کر کے خشک کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی کشتہ خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مربع سیب میں ملا کر کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خفقان قلب، نفث الدم، نزف الدم، اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔ ایسے مریض جو خفقان قلب کے عارضہ میں کافی علاج معالجہ کرنے کے باوجود صحب یاب نہ ہو سکیں ہوں تو ان کے لئے یہ تیر بہدف کشتہ ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ یشب برائے سنگ گردہ و مثانہ

یشب	شیر مدار
1 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: یشب کو تین روز شیر مدار میں تر رکھیں بعدازاں کھرل کر کے خشک کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر شہد یا آب بسکھیرا میں کھرل کر کے 10 کلو

اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر گوداگھیگوار میں کھرل کرکے 10 کلواوپلوں کی آگ دیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان یا مربہ سیب یا مکھن کے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے، خفقان قلب، تقویت قلب، سنگ گردہ ومثانہ، سانپ کا زہر کا تریاق اور طاعون کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حضرت دوست محمد صابر ملتانی کے فارماکوپیا کے مرکبات و مجربات قلمبند کئے جاتے ہیں۔

مرکبات عضلاتی اعصابی فارماکوپیا

بمطابق قانون مفرد اعضاء

محرک عضلاتی اعصابی:

کرنجوہ	آملہ
5تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۳ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ عضلات و قلب کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے جس سے جسم میں خشکی بڑھنی شروع ہوجاتی ہے۔ اس لئے بلغمی امراض جیسے بلغمی دمہ، کھانسی، نزلہ، دردسر، جریان، چیچک، ملیریا، بخار، خسرہ، کالی کھانسی اور سلسل

بول کے لئے اور معین حمل کے لئے مفید ہے۔

۲) شدید عضلاتی اعصابی:

کرنجوہ	آملہ	پھٹکڑی بریاں
5تولہ	5تولہ	10تولہ

ترکیب تیاری: پھٹکڑی 20 تولہ لے کر بریاں کریں۔ 10 تولہ باقی رہ جائے گی۔ ادویہ میں شامل کرکے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جسم کی رطوبات کو فوراً خشک کردیتا ہے۔ اس لئے نزلہ، زکام، لیکوریا، موٹاپا، کھانسی، رقیق بلغم، سلسل بول، ذیابیطس، محرقہ بخار، ملیریا بخار کے لئے مفید ہے۔

۳) ملین عضلاتی اعصابی:

کرنجوہ	آملہ	پھٹکڑی بریاں	ہلیلہ سیاہ
5تولہ	5تولہ	10تولہ	20تولہ

ترکیب تیاری: پہلے ہلیلہ سیاہ کو دیسی گھی سے چرب کرکے آہنی کڑاہی میں ڈال کر بریاں کرلیں۔ پھر مذکورہ ادویہ کے سفوف میں ملاکر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ عضلات قلب کیمیاوی طور پر تحریک دے کر جسم میں بلغمی زیادتی، موٹاپا، لیکوریا، اسہال، نزلہ، زکام، دردسر اعصابہ، منہ کا ذائقہ، کھاری پن کے لئے مفید ہے۔ معین حمل بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

۴) مسہل عضلاتی اعصابی:

کرنجوہ	آملہ	پھٹکڑی بریاں	ہلیلہ سیاہ بریاں	جلاپہ ہرڑ
5تولہ	5تولہ	10تولہ	20تولہ	20تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خلط بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ موٹاپا، نزلہ زکام، بلغمی کھانسی، سلسل بول، ذیابیطس اعصابی، بستر پر پیشاب کرنا اور ملیریا بخار، دیگر اعصابی تحریک کی ہر علامت کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مقوی اطریفل برائے مقوی قلب

پوست ہلیلہ زرد	پوست بلیلہ	پوست ہلیلہ سیاہ	بسفائج
2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ
اسطوخودوس	کشمش	مویز منقی	کشتہ فولاد
2تولہ	2تولہ	2تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملالیں۔ پھر روغن بادام 10 تولہ میں ایک کلو چینی کا قوام تیار کر کے اس میں شامل کریں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ سے 1 تولہ صبح و شام پانی یا مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ جریان، اعصابی دمہ، بلغمی کھانسی، نزلہ زکام، بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانے کے لئے مفید ہے۔ پرانے دردسر کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

عضلاتی اعصابی اکسیر

سم الفا سفید	کشتہ چاندی
1ماشہ	2تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر کم از کم دو گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ دائمی نزلہ زکام، کھانسی، دمہ، جریان، مذی، رطوبتی امراض و علامات، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا، خون میں سرخ ذرات کے کم ہو جانے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

تریاق۔ عضلاتی اعصابی

سرمہ سیاہ	ریٹھے کا چھلکا
1تولہ	9تولہ

ترکیب تیاری: اوّل ریٹھے کے چھلکے کو باریک کر کے سرمہ ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ مثل غبار بن جانے پر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی یا نیم گرم پانی سے دیں۔

نوٹ! تریاقات کے متعلق ہمیشہ یہ بات مدنظر رکھیں کہ وقفہ دوا صبح وشام یا تین چار گھنٹے یا گھنٹہ دو گھنٹے کا رکھنا چاہئے۔ بلکہ پندرہ بیس منٹ یا نصف گھنٹہ کے بعد مریض پر اس کا اثر دیکھیں اگر مریض صحت کی طرف آرہا ہے تو جس قدر مناسب خیال کریں وقفہ بڑھا دیں لیکن اگر مریض کو تکلیف ہو تو دوسری اور تیسری خوراک بھی کم وقفہ پر دیں ایسی ادویات عموماً مریض کو موت کے منہ سے نکالنے والی ہوتی ہیں۔

افعال واثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ تمام رطوبتی امراض و علامات، لیکوریا، جریان، ہیضہ، سلسل بول، اٹھرا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن اور روح، عضلاتی اعصابی

روغن کنجد	روح روغن صندل
7تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ روغنیات کو ملا کر محفوظ کرلیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، ومسکن غدد ہے۔ بیرونی طور پر ورم، ریحی دردوں کے لئے بھی مفیدی ہے۔

☆☆☆☆☆

کحل، کاجل۔ عضلاتی اعصابی

سرمہ سیاہ	پھٹکڑی بریاں

دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت آنکھ میں سلائی سے لگایا کریں۔

فوائد: آنکھوں سے پانی آنا، جلن، روشنی کا برداشت نہ ہونا، رات کو دکھائی نہ دینا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اطریفل مقوی دماغ اور دافع جریان

ہرڑ	مربہ آملہ	بلیلہ	بہمن سرخ	بہمن سفید	چینی	پانی
1 کلو	1 کلو	1پاؤ	ڈیڑھ پاؤ	ڈیڑھ پاؤ	2 کلو	1 کلو

ترکیب تیاری: اوّل مربہ جات کو صاف کرکے باریک کرلیں۔ پھر خشک ادویات کا سفوف تیار کریں۔ مربہ جات اور ادویات کو باہم ملا کر چینی کے قوام میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 1تولہ سے 2تولہ صبح وشام ہمراہ پانی نیم گرم دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مقوی قلب، دائمی نزلہ زکام، ضعف دماغ واعصاب خفقان قلب، مادہ منویہ کی کمزوری، جریان، اسہال، قدری امساک کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر جریان

ہلیلہ سیاہ بریاں	ستاور
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1ماشہ سے 2ماشے تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ معدہ اسعاء، مثانہ کی کمزوری، دافع قبض، ضعف دماغ، دل ڈوبنا، لیکوریا، جریان، منی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن برائے ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے کیلئے

روغن کنجد	رتن جوت	کفور
1پاؤ	5تولہ	سوا تولہ

ترکیب تیاری: رتن جوت کو چوکوب کر کے 1پاؤ پانی نرم آگ پر جوش یہاں تک دیں کہ نصف رہ جانے پر پُن کر باقی پانی کو روغن کنجد میں ملا کر یہاں تک نرم آنچ پر جوش دیں کہ پانی جل جائے باقی صرف تیل رہ جانے پر کفور ملا کر پُن کر محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: مقام معاؤف پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑتا ہے۔ ریحی دردوں، چوٹ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

قطور آشوب چشم

پھٹکڑی	افیون	چھلکا ہڑزرد	عرق گلاب	نیلا تھوتھا
6ماشہ	4ماشہ	1تولہ	1بوتل	1رتی

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو مثل غبار باریک کر کے تھوڑے تھوڑے عرق سے کھرل کریں جب حل ہو جائیں تو باقی عرق ملا کر پُن چھان کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ڈراپر میں ڈال کر ایک سے دو قطرے ڈالیں۔ رات کو سوتے وقت یا بوقت ضرورت بھی ڈال سکتے ہیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ آنکھ دکھنا، نزول الماء، نظر کا کمزور ہونا، سرخی چشم ناخونہ، سوزش چشم، جلن، درد، روشنی کا برداشت نہ ہونا، اس کے علاوہ کان درد اور کان بہنے کے لئے بھی مفید ہے۔

علاج بالغذا

مندرجہ ذیل غذائیں اعصابی عضلاتی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی اعصابی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

☆مربہ آملہ۔ ☆مربہ ہرڑ۔ ☆مونگ پھلی۔ ☆ناریل۔ ☆دہی۔ ☆لسی۔ ☆قہوہ پتی۔ ☆دوپر۔ ☆آلو۔ ☆گوبھی۔ ☆بینگن۔ ☆مچھلی۔ ☆مکی۔ ☆باجرہ کی روٹی۔ رات کو دوپہر والی غذا پھل۔ ☆جامن۔ ☆آڑو۔ ☆فالسہ۔ ☆سیب۔ ☆مالٹا۔ ☆کنو۔ ☆بیر۔ ☆انار۔ ☆آلو بخارا۔ ☆املی۔ ☆آلوچہ۔ جو دل چاہتا ہو ان غذاؤں میں سے یا پھلوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔

عضلاتی غدی مرکبات و مجربات بمطابق فارماکوپیا

حضرت مجدد طب دوست محمد صابر ملتانی علیہ الرحمہ

عضلاتی غدی (خشک گرم):

تمام نسخہ جات دل و عضلات کو مشینی طور پر تحریک دینے میں خلط سودا اور ریاح پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ خارج بھی کرتے ہیں۔ عضلاتی غدی نسخہ جات کا مزاج خشک گرم ہوتا ہے۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر اور تریاق استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹ! تریاق کو اگر استعمال کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ہر دس، بیس منٹ کے بعد دوائی دیں۔ جب مرض سے افاقہ ہونا شروع ہو جائے تو وقفہ دوائی کا بڑھاتے جائیں پھر تین تین گھنٹے کے بعد دیں۔

علاج بالغذا

مندرجہ ذیل غذائیں عضلاتی اعصابی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی غدی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح: اخروٹ، پستہ، کشمش، انگور، انجیر، مربہ حنظل، انڈے۔

دوپہر: دال مسور، دال چنے، چنے سیاہ و سفید، انڈے، کریلے، ٹماٹر، کچنار، سرسوں کا ساگ، پالک، پیاز، لہسن، بڑا گوشت، کبوتر کا گوشت، پکوڑے، آم کا اچار، بیسن کی روٹی۔

رات: کو دوپہر والی غذا۔ پھلوں سے: انگور، انجیر، آم۔

ان تجویز کردہ غذاؤں میں سے جو غذائیں یا پھل مل جائیں استعمال کرائیں۔ علاج

بالغذا سے مرض کا علاج پچاس فیصد کھانے سے اور پچیس فیصد ماحول کی تبدیلی سے پچیس فیصد دوا کھانے سے ہوتا ہے۔

۱) محرک عضلاتی غدی:

لونگ	دارچینی
1تولہ	3تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۴رتی سے ۲ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ عضلات و قلب کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ مولد حرارت غریزی ہے۔ نمونیا، سردرد، بلغمی کھانسی، خشک کھانسی، اسہال، سنگرینی کے لئے بھی مفید ہے۔

۲) شدید عضلاتی غدی:

لونگ	دارچینی	جلوتری
1تولہ	3تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

نزلہ زکام، کالی کھانسی، خشک کھانسی، بخار، اسہال، لیکوریا، جریان کیلئے مفید ہے۔

۳) ملین عضلاتی غدی:

ھوالشافی:

لونگ	دارچینی	جلوتری	مصر
1تولہ	3تولہ	2تولہ	6تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کاسفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴رتی سے 1ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
فالج، لقوہ، ضعف قلب، نزلہ زکام، کھانسی، دمہ، شوگر کے لئے مفید ہے۔

۴) مسہل عضلاتی غدی:

لونگ	دارچینی	جلوتری	مصر	تمہ
1تولہ	3تولہ	2تولہ	6تولہ	4تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کاسفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرنے کے لئے مفید ہے۔ دمہ، کھانسی، سلسل بول، شوگر، موٹاپا، رسولی، بندش حیض وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مقوی عضلاتی غدی

کچلہ مدبر	دارچینی	لونگ	جلوتری
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

مغز جائفل	خولنجان	بالچھڑ	افسنتین
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کاسفوف بنا کر، شہد 3 پاؤ کا قوام تیار کر کے ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: 1ماشہ سے 3ماشہ۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
ضعف قلب، خوف، سلسل بول، نزل زکام، کمی اانتشار، جسمانی دردوں، کمزوری جسم، مقوی باہ ممسک، تمام رطوبتیں امراض وعلامات کے لئے مفید ہے۔

۱) اکسیر عضلاتی غدی:

شنگرف رومی	مرکی
1تولہ	3تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو مسلسل ایک گھنٹہ کھرل کریں۔

مقدار خوراک: 1رتی سے 1ماشہ تک یا حسب ضرورت دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
احتباس حیض، کثرت بول، کمر درد، وجع المفاصل، بلغمی کھانسی، دمہ، دیگر اعصابی درد، عضلاتی اعصابی امراض وعلامات کے ازالہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

تریاق: عضلاتی غدی

ھوالشافی: دیسی اجوائن کو حسب ضرورت لے کر کسی چینی کے برتن میں رکھ کر اوپر تیزاب گندھک اتنا ڈالیں جس سے ہلکی نمی پیدا ہو جائے پھر اس برتن کو کسی محفوظ جگہ پر بیس دن رکھیں اگر کچھ سختی ہو تو کچھ دن پڑا رہنے دیں۔ خشک ہونے پر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 2 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی نیم گرم دیں۔

نوٹ! اگر جلدی بنانا ہو تو اسے 3 گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ پھر ہاون دستہ سے اس قدر کوٹیں کہ مثل گولی بننے کے قابل ہو جائے۔ گولی بقدر نخود بنالیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی معدہ، تبخیر معدہ، پتھری گردہ، اعصابی یا عضلاتی اعصابی کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن اور روح (عضلاتی غدی)

ھوالشافی:

روغن تلخ	روغن دار چینی
14 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ روغنیات کو ملا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ وجع المفاصل، کان درد، بہرہ پن کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کحل، کاجل (عضلاتی غدی)

سادھا دھواں جو سرسوں کا تیل جلا کر تیار کیا گیا ہو جمع شدہ 9 حصہ، نیلا تھوتھا 1 حصہ۔

ترکیب تیاری: روغن تلخ میں کاجل بنالیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ پھولا چشم، نزول الماء، نظر کا کمزور ہونا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

عضلاتی غدی ادویات کے مرکبات

بادیان خطائی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ برائے تبخیر معدہ

بادیان خطائی	پودینہ	بڑی الائچی کلاں	دار چینی	پانی
3 ماشہ	3 ماشہ	1 عدد	3 ماشہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو رات کو پانی میں بھگودیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ پھر پُن کر کھانے کے بعد مریض کو صبح وشام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ شدت پیاس، ہیضہ، درد شکم، تبخیر معدہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بارہ سنگھا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن شاخ گوزن برائے وجع المفاصل

بارہ سنگھا حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: بارہ سنگھا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے پتال جنتر تیل کشید کریں۔

ہدایت: اوّل روغن سفید برآمد ہوگا۔ اسے الگ رکھیں۔ بعد میں سرخ روغن برآمد

ہوگا۔ اسے بھی الگ رکھیں۔ سفید روغن مالش کرنے کے کام آئے گا اور سرخ روغن میں سوئی کا سر ڈبو کر مویز منقی میں رکھ کر مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

وجع المفاصل، عرق النساء، ذات الجنب، ریحی دردوں، کے لئے مفید ہے۔

دوسری ترکیب: روغن سفید 1 حصہ۔ روغن زیتون 10 حصہ یا روغن کنجد میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مواقع استعمال: گوہاجنی یا کھچر الی پر ایک بار لگانا کافی ہے۔ دانت درد، اس کے علاوہ عصبی دردوں، فالج، لقوہ، تشنج میں کھلانا اور طلا کرنا بھی مفید ہے۔ مخلوق کے لئے 1 رتی خالص روغن مالش کرائیں اور اوپر برگ پانی باندھیں ایک ہفتہ کافی ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ بارہ سنگھا برائے نمونیہ

بارہ سنگھا	شیر مدار

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لے لیں۔

ترکیب تیاری: بارہ سنگھا کو کوٹ کر شیر مدار سے تر کر کے خشک ہونے کے بعد گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اس ترتیب سے تین بار عمل دہرائیں۔ بہترین کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: بچوں کے لئے نصف چاول، بڑوں کے لئے ایک سے دو چاول ہمراہ شہد دیں۔ نوزائیدہ بچوں کے لئے نصف چاول کا بھی نصف دیں۔

نوٹ! اگر درد شدید ہو تو ہر دس منٹ وقفہ کے بعد دیتے جائیں۔ جب درد کا وقفہ بڑھ جائے تو دوائی دینی موقوف کردیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

درد نمونیہ، ذبہ (پسلی چلن) کھانسی، ریشہ، وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے درد گردہ و مثانہ

کشتہ بارہ سنگھا	اجوائن	نمک خوردنی	دار چینی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے 4 رتی ہمراہ شہد یا قہوہ اجوائن، پودینہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

درد گردہ، مثانہ، درد معدہ، درد نمونیہ، مخرج بلغم غلیظ، پتھری گردہ و مثانہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بالچھڑ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے تبخیر معدہ

بالچھڑ	جڑپان	زنجبیل	مگاں	ہیرا ہنگ
پوست کریلا	عقرقرحا	دار چینی	لونگ	مغز جائفل

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر عرق لہسن سے تر کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

دردمعدہ، تبخیر معدہ وامعاء، ضعف قلب، ہیضہ، وجع المفاصل، مقوی باہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے فشار الدم قوی

چھوٹی چندن	بالچھڑ	سبز الائچی خورد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: صبح، دوپہر، شام ہمراہ الائچی سبز، زیرہ سفید کے قہوہ سے دیں۔

افعال و اثرات: میں اعصابی غدی ہے۔ محرک غدد، محلل عضلات، مسکن ومقوی اعصاب ہے۔ فشار الدم قوی، بوجہ تبخیر، سوزش غدد کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات برہم ڈنڈی ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مصفی خون

برہم ڈنڈی	چرائتہ	افسنتین	بابچی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

نوٹ! چونکہ سفوف بہت ہی کڑوا ہوتا ہے اس لئے اسے کیپسول 250 ملی گرام یا 500 ملی گرام میں بھرلیا جائے تو زیادہ بہتر ہے یا اس کی گولیاں بنائی جائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

جلدی امراض، پھوڑے، پھنسی کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت محافظ حافظہ

ھوالشافی:

برہم ڈنڈی	دارچینی	چینی
5 تولہ	5 تولہ	3 پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوفتہ بختہ کرکے رات کو پانی 3 پاؤ میں بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے پھر پُن کر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: بچوں کے لئے چائے والی چمچ صبح وشام۔ بڑوں کے لئے کھانے والا چمچ صبح وشام۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کند ذہن، نسیان، حافظ کی کمزوری دور کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔ مصفی خون ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بسفائج ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مسہل

ھوالشافی:

بسفائج	گندھک	مغز جمالگوٹہ
3 تولہ	3 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا باریک کرکے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: 1 حب صبح، شام ہمراہ نیم گرم پانی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
بے ضرر مسہل ہے۔ قبض دائمی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے وجع المفاصل

بسفائج	کشتہ ازراقی	افسنتین	مصبر
4تولہ	1تولہ	4تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
وجع المفاصل، ریحی دردوں، پھوڑے، پھنسیوں، چیچک، مقوی قلب وجسم ہے۔ بے ضرر مسہل ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بنفشہ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ برائے نزلہ زکام

گل بنفشہ	عناب	خوب کلاں	منقی
6ماشہ	9دانہ	6ماشہ	4دانہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پانی ڈیڑھ کپ بھگو کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر چھان کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے اس طرح جوشاندہ بنا کر صبح وشام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
دمہ کشی اعصابی، کھانسی بلغمی، بخار، نزلہ زکام کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

خمیرہ بنفشہ برائے نزلہ زکام

گل بنفشہ	سبوس گندم	مغز چہار	مغز پستہ	کوزہ مصری	پانی
5تولہ	15تولہ	4تولہ	3تولہ	10تولہ	ڈیڑھ پاؤ

ترکیب تیاری: گل بنفشہ، سبوس گندم کو پانی میں بھگو کر آٹھ گھنٹے پڑا رہنے کے بعد جوش یہاں تک دیں کہ پانی ڈیڑھ چھٹانک رہ جانے پر چھان کر مصری ملا کر مغزیات، پستہ ملا کر خمیرہ بنالیں۔

مقدار خوراک: 6ماشہ سے ایک تولہ صبح وشام۔

افعال و اثرات: میں اعصابی عضلاتی ہے۔ نزلہ بخار، اور دیگر غدی امراض و علامت کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بنیر بوٹی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

طلاشاہی

بیر بوٹی	سورنجان تلخ	کچلہ	برگ مہندی	روغن لونگ	روغن زیتون
2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ	1تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: ادویات کو چوکوب کر کے روغن زیتون اور روغن لونگ میں ملا کر بالوجنتر پوری رات مدھم آگ پر پکائیں کہ دھواں نکلنے نہ پائے۔ بعدازاں چھان کر محفوظ

کرلیں۔

مواقع استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر ہلکی ہلکی مالش کریں بعد ازاں شاپر باندھ کر پٹی لگا دیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اس طرح دو ہفتہ اس ترتیب سے رات کو عمل کیا کریں۔

فوائد: کجی، سستی، نامردی، عضو کو موٹا اور طوالت کے لئے مفید ہے۔ اس کے لگانے سے امساک بھی پیدا ہوتا ہے۔ یہ میرا مجرب عمل ہے۔

☆☆☆☆☆

طلاء محبت

بیر بوٹی	گائے کا گھی	روغن لونگ
1تولہ	5تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: پہلے بیر بوٹی کو اچھی طرح کھرل یہاں تک کریں کہ تیل بن جانے پر مذکورہ گھی اور روغن لونگ ملا کر محفوظ کرلیں۔

مواقع استعمال: عضو پر لگا کر چند منٹ کے بعد عضو کو کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں۔ بے حد ملذز ہے۔ طرفین کو خوب لذت پیدا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات بینگن۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن بینگن برائے برص

حوالشافی:

پیلا بینگن	نوشادر
1عدد	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ایک عدد پیلا بینگن لیں اور اس کو لمبائی کی طرف سے لمبے لمبے کٹ لگائیں اور نوشادر کو پیس کر اس میں بھر دیں اور اس کو لٹکا دیں اور نیچے برتن رکھ لیں اور ایک دو روز میں نوشادر اور بینگن کا پانی نیچے برتن میں اکٹھا ہو جائے گا اس کو محفوظ کرلیں۔

(۲) ICN کے نام سے ملتا ہے جو ایک امریکن کمپنی Oxsoralen Lotion ہے۔ ایلو پیتھک کا ایک لوشن ہے یہ ایک اونس پیکنگ میں ہوتا ہے۔ اس کا بیسک سالٹ استعمال کریں۔

(۳) ہائیڈرو کوٹائیل:

ترکیب تیاری: نمبر 1 کو 2 اونس دوا نمبر 2 میں شامل کریں اور آخر میں دوا نمبر 3 کا ایک اونس شامل کرلیں بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: برص والے مقام پر اس لوشن کو لگا کر سائے میں 10 منٹ تک بیٹھ کر تھوڑی دیر کے لئے دھوپ میں بیٹھ جائیں تاکہ اس مقام پر دھوپ لگے جب ہلکی سی جلن محسوس ہو تو دھوپ سے اُٹھ جائیں دوا لگی رہے اس کو صاف نہیں کرنا۔

احتیاط: دوا کے لگانے سے اگر اس جگہ پر سوزش یا چھالا پڑ جائے تو اسے ٹھیک ہونے تک دوبارہ استعمال نہ کریں۔ انشاءاللہ چند روز کے استعمال کے بعد وہ جگہ آپ کی جلد کے مطابق ہونے لگے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پارہ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

کجلی مقوی باہ

پارہ	گندھک آملہ
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو یک جان یہاں تک کریں۔ کجلی مثل سرمہ سیاہ بن جانے کے بعد محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ دودھ/گھی صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کمی انتشار، سرعت انزال، ودیگر اعصابی تحریک کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے یرقان

ھوالشافی

پارہ	قلعی	قلمی شورہ
1 تولہ	1 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: قلعی کو پگھلا کر پارہ کو کسی تھالی یا پیالی میں تھوڑا سا تیل سرسوں ڈال دیں پھر پگھلی ہوئی قلعی ڈال دیں فوراً گرہ بن جائے گی اس گرہ میں قلمی شورہ کھرل کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

نوٹ ! گل حکمت کریں مگر کجی کا منہ صرف کسی ڈھکنا سے بند کریں۔ اسے گل حکمت نہیں کرنا ہوگا۔ ٹھنڈا ہونے پر مذکورہ دوائی کی کسی پلاسٹک کے برتن یا لوہی کی بالٹی میں ڈال کر پانی ملا کر اچھی طرح ہلائیں تھوڑی دیر کے بعد پانی کو نتھار لیں۔ اسی طرح دو تین دفعہ یہ عمل کرین تا کہ شورہ نکل جائے پھر سفوف برآمد ہوا سے خشک کر کے محفوظ کرلیں یہ آپ کا کشتہ پارہ قلعی والا بن جائے گا۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ مکھن یا ملائی۔ صبح منہ نہار دیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں مقوی معدہ و امعاء، مسکن غدد، محرک عضلات، محلل اعصاب ہے۔ یرقان پیلا کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ جریان، مذی کیلئے بھی مفید ہے۔

دوائے خارش

پارہ	گندھک	نیلا تھوتھا
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: پہلے کجلی بنا کر پھر نیلا تھوتھا ملا کر خوب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: روغن سرسوں میں ملا کر مقام خارش پر استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆

حب سیماب

پارہ مصفا	دودھ گل چین
1 تولہ	1/2 پاؤ

ترکیب تیاری: پارہ کو صرف اکسل تھوڑی سی کسی شیشی میں صرف پانی ڈال کر حرکت دیں اس کے بعد پانی کو نتھار لیں۔ یہ عمل 6 تا 7 مرتبہ کریں تو پارہ مصفا ہو جائے۔ بعد ازاں گل چین کے دودھ میں حل کریں۔ گولی بن جانے کے بعد دھتورہ کے تیل میں تین روز تک رکھ کر ایک رات سرد پانی میں ڈال کر نکال لیں خوب سخت ہو جائے گی۔

ترکیب استعمال: وقت حاجت دودھ میں معلق لٹکا کر جوش دے کر پیا کریں۔ مقوی باہ اور امساک پیدا ہوگا۔ گولی استعمال کرنے کے بعد محفوظ کرلیں تا زندگی کام آوے گی۔

☆☆☆☆☆

کشتہ پارہ برائے اولاد نرینہ

حوالشافی:

نوشادر ڈنڈا	گندھک ڈنڈا	پارہ
5تولہ	5تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: ایک کوری ٹانڈی میں دونوں اشیاء کو کھرل کر کے ہانڈی مذکورہ میں ڈال کر منہ پر جالی رکھ دیں اور پر ململ کا کپڑا رکھ کر اور پارہ 2 تولہ ڈال کر اوپر چینی دے کر آٹا لگا دیں۔ نیچے آگ خوب تیز جلائیں۔ 2 گھنٹہ کے بعد سرد ہونے دیں۔ کشتہ برنگ سیاہی مائل ہوگا۔ نکال کر کھرل کر کے رکھیں سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ دودھ دیں۔ اولاد نرینہ کے لئے حاملہ کو دو ہفتے کے بعد دو ہفتہ کھلائیں کافی ہے۔ جریان، مذی، مقوی باہ کے لئے مفید ہے۔

کشتہ پارہ مذکورہ برائے نمونیہ

کشتہ پارہ مذکورہ	لونگ	الائچی سبز	جائفل	مصطلگی رومی
1ماشہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
دارچینی	زعفران	تخم کونچ	عقرقرحا	کباب چینی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
اجوائن دیسی	تخم تلمکھانہ	اجمود		
1تولہ	1تولہ	1تولہ		

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو کھرل کر کے سفوف بنا کر برابر وزن شہد ملا کر نخود گولیاں بنالیں۔ روزانہ دو گولیاں صبح ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: تمام امراض بلغمیہ، پھیپھڑوں کی سردی دور کرنے، دائمی نزلہ، تبخیرہ معدہ، کمی بھوک، تقویت، مقوی باہ، فالج، رعشہ، اعصاب کی تقویت کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ صاحب نسخہ نے اس مذکورہ نسخہ کو ایک ٹی بی کے لاعلاج مریض کا علاج تقریباً اڑھائی ماہ تک کیا وہ مکمل شفایاب ہوگیا۔

☆☆☆☆☆

کشتہ پارہ و تانبہ مقوی باہ

پارہ	نیلا سے نکلا ہوا تانبہ	آب ہرن کھری
1تولہ	1تولہ	7تولہ

ترکیب تیاری: پہلے نیلا تھوتھا کو تقریباً 2 تولہ لے کر سلور کی ایک کٹوری لے کر اس میں پہلے نمک 3 تولہ بچھا کر اور نیلا ڈلی 2 تولہ رکھ کر اوپر پھر 3 تولہ نمک کھانے والا ڈال دیں۔ آہستہ سے کٹوری کے ایک کنارے کی طرف سے پانی اتنا ڈالیں کہ کٹوری پانی سے بھر جاوے پھر رکھ دیں تقریباً ایک گھنٹے کے بعد اور پانی ڈال کر نتھار لیں احتیاط کریں کہ تانبہ نہ نکلنے پائے۔ دو تین مرتبہ پانی ڈال کر نتھار لیا کریں۔ کہ نمک اچھی طرح نکل جائے۔ باقی جو بچے یہی نیلا سے نکلا ہوا تانبہ ہے۔ خشک ہونے کے بعد سفوف بنا کر مذکورہ پارہ ملا کر خوب کھرل کریں یہاں تک کہ پارہ کی چمک نمودار نہ ہو۔ بعد ازاں ہرن کھری کا پانی ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ پانی ختم ہوجانے پر ٹکیہ بنا کر خشک ہونے کے بعد گل حکمت کر کے ایک کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

نوٹ! وزن کریں جتنا وزن کم ہوا اتنا پارہ ڈال کر پھر آب ہرن کھری سے کھرل کر کے مذکورہ عمل کی طرح آگ دیں۔ یہاں تک کہ وزن پورا ہوجانے کے بعد کشتہ تیار ہوجائے گا پیس کر محفوظ کرلیں۔ پھر کشتہ کو تیزاب شورہ یا سرکہ انگوری ڈال کر دیکھیں اگر رنگ دے تو کچا ہے۔ پھر وہی مذکورہ بالا عمل آب ہرن کھری سے کھرل کریں۔ یہاں تک کہ کشتہ پارہ رنگ نہ دے۔

مقدار خوراک: نصف چاول ہمراہ مکھن ایک چھٹانک یا دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی باہ و ممسک ہے۔ اس کے ساتھ مرغن غذائیں دیں۔ یہ کشتہ اعصابی تحریک کے لئے فائدہ مند ہے۔ اور عضلاتی غدی تحریک کے مریضوں، غدی تحریک کے مریضوں کے لئے نقصان دہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سرمہ چشم موتیا بند

سرمہ	پارہ	سرد چینی	ورق چاندی
1تولہ	1ماشہ	1ماشہ	3عدد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کھرل کریں پھر چنبہ کی کلیوں کے پانی سے کھرل کریں۔ خشک ہونے کے بعد محفوظ کر لیں۔

نوٹ! پانی تقریباً ایک چھٹانک ہونا چاہئے۔

ترکیب استعمال: رات کو سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: دھند، جالا، نزول الماء، کالا اور سفید موتیا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے قوت باہ و امساک

ھوالشافی:

سیماب	شیر بوہڑ
1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: سیماب میں شیر بوہڑ ڈال کر 3 گھنٹے روزانہ کھرل کریں۔ یہ عمل چالیس روز تک کریں۔

نوٹ! ہر روز شیر بوہڑ ڈالنا ہوگا۔

مقدار خوراک: حبوب بقدر نخود بنالیں۔ ایک حب روزانہ صبح ہمراہ دودھ دیں۔ سات روز کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ اور ممسک ہے۔ جریان، منی، مذی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے مقوی باہ ممسک

ھوالشافی:

سیماب	گندھک آملہ	کالی مصری
1تولہ	2تولہ	4تولہ

ترکیب تیاری: سیماب اور گندھک کو چار روز کھرل کریں کہ چمک نہ رہے پھر کالی مولی ملا کر خوب کھرل کریں۔ حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا گھی دیں۔

فوائد: قوت باہ اور امساک، جریان کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پت پاپڑا (شاہترہ)

مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ پت پاپڑا برائے شوگر

ھوالشافی:

پت پاپڑا	الائچی سبز	زیرہ سفید
1تولہ	2عدد	1ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ اشیاء کو چوکوب کر کے پانی ایک پاؤ میں بھگو کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن چھان کر محفوظ کر لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

مقدار خوراک: صبح وشام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: ایسے شوگر کے مریض جن کی ایڑھیاں درد کرتی ہوں ان کے لئے مفید ہے۔ ایک ہفتہ تک جاری رکھیں انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

شربت مصفی خون

شاہترہ	افسنتین	عناب	عشبہ	منڈی بوٹی	چینی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	3پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو چوکوب کر کے پانی 3 پاؤ میں رات کو بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر چھان کر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 چمچ صبح وشام پلائیں۔ بچوں کو حسب عمر پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ خارش نئی ہو یا پرانی کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ مصفی خون اعلیٰ درجہ ہے۔

نوٹ! خارش والے مریض کو اگر سفوف خارش غدی عضلاتی ملین سرسوں کے تیل میں ملا کر مالش کی جائے تو بہت ہی جلد مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ یہی سفوف کھانے کے لئے بھی 4 رتی کی مقدار سے صبح ودوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

☆☆☆☆☆

دوائے سوزاک

ھوالشافی:

پارہ	کمیلہ	قلمی شورہ
1تولہ	2تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: پارہ کے نیچے اوپر کمیلہ دے کر نرم آگ پر پکائیں۔ دونوں یک جان ہو جائیں گے پھر قلمی شورہ ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: تقطیر البول، سوزاک کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پپیتہ

مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب پپیتہ برائے سنگرھنی

ھوالشافی:

تخم پپیتہ	اجوائن دیسی	رائی	پودینہ	آب لیموں
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو باریک کر کے لیموں 6 ماشہ کے پانی میں ملا کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی دیں۔

افعال واثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ومقوی ہے۔ ہیضہ، بدہضمی، درد شکم، اسہال، سنگرھنی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے خارش

ھوالشافی:

تخم پپیتہ	تیل سرسوں

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لے لیں۔

ترکیب تیاری: تخم پپیتہ کو باریک کر کے سرسوں کے تیل میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

فوائد: درد، چنبل اور خارش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پرسارنی ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مسہل برائے وجع المفاصل

ھوالشافی:

پرسارنی	افسنتین	مصبر
8تولہ	2تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے حب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی، صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرنے، نمونیا، ریحی دردوں، وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن وجع المفاصل

پرسارنی	رتن جوت	لونگ	تیل سرسوں	روغن تارپین
اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	1تولہ	1/2پاؤ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوفتہ بیختہ کر کے ایک پاؤ پانی میں جوش یہاں تک دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن چھان کر روغن سرسوں میں ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب تیل باقی رہ جائے پھر اس میں روغن تارپین ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ وجع المفاصل، ریحی دردوں، تحجر مفاصل کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! اگر جوڑ زیادہ پتھر ہو چکے ہوں تو ان کے لئے اس روغن آٹھ حصہ میں ایک حصہ روغن جمالگوٹہ ملا کر مقام ماؤف پر مالش کریں۔ اگر پھنسیاں نکل آئیں تو ایک دو دن کے لئے روغن مالش بند کر دیں۔ پھر دوا کم مقدار میں مالش کریں۔ چند دنوں میں جوڑ کھل جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات پیاز ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مقوی باہ

آب پیاز	شہد	دیسی گھی	دیسی انڈا

ترکیب تیاری: آہنی کڑائی یا فرائی پان میں جملہ ادویہ ڈال کر نرم آگ پر یہاں تک پکائیں کہ آب پیاز جل جاوے ٹھنڈا کر کے استعمال کریں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ رات

کو ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

افعال و اثرات: مں مقوی باہ ہے۔ ایسے اشخاص جنہیں انتشار نہ ہوتا ہو ان کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ ہفتہ یا دو ہفتہ استعمال کرنے سے حق زوجیت کے قابل ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تالیس پتر

جوشاندہ برائے معدہ

ھو الشافی:

برگ تالیس پتر	ورق اجوائن	پودینہ
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو ڈیڑھ کپ پانی میں جوش یہاں تک دیں پانی ایک کپ رہ جانے پر چھان کر حسب ذائقہ چینی ملا کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔

فوائد: کمی بھوک، بدہضمی، درد شکم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تج۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے ممسک جوشاندہ

ھو الشافی:

تج	الائچی سبز
2ماشے	5عدد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر کے ڈیڑھ کپ پانی میں یہاں تک جوش دیں کہ پانی ایک کپ رہ جانے پر چھان کر حسب ذائقہ کوزہ مصری ملا کر نوش کریں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اس طرح صبح و شام بنا کر پلائیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون برائے نظر

تج	ہنگ	سنڈھ	سونف

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔ شہد سہ گنا لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شہد میں ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

فوائد: نظر کو تیز کرنے، نزول الماء، دھند، جالا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے قے و دست

تج	دار چینی	لونگ	طباشیر	گل انار

جملہ تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی سے 1ماشہ ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ قے، دست، رطوبتی امراض کے لئے مفید ہے۔

دوائے شوگر

ھوالشافی:

تج	تالمکھانہ	سمندر سوکھ

درج بالا چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تخم حیات (پنیر ڈوڈی)

مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے کیرا

ھوالشافی:

تخم حیات	دارچینی

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ تک صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

نزلہ جو دماغ سے حلق میں گرتا ہے اس کے لئے بھی مفید ہے۔ دیگر اعصابی تحریک کے علامات کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ترمس۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن برائے نمونیہ

ترمس	کچلہ مدبر	رتن جوت	لونگ	روغن کنجد
2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو چوکوب کر کے 1 پاؤ پانی میں جوش یہاں تک دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر روغن کنجد میں ملا کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی جل جائے تو روغن کو محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

وجع المفاصل، درد نمونیہ کے لئے سینہ پر مالش کرنے سے فوراً درد غائب ہو جاتا ہے۔ ریحی دردوں اور فالج کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات تل۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

معجون اعادہ شباب نسواں

کنجد سیاہ	گندھک مدبر
1 حصہ	2 حصہ

ترکیب تیاری: پہلے گندھک کو دودھ میں 21 مرتبہ بجھاؤ دیں گندھک مدبر ہو جائے گی بعد ازاں دونوں پیس کر شہد 3 گنا میں ملا کر محفوظ کر لیں۔ معجون اعادہ شباب تیار ہے۔

مقدار خوراک: روزانہ 1 ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: اختناس طمث، ہاتھ پاؤں پر ورم آنا، قبض، دائمی نزلہ، درد کمر، منہ کا مزا تلخ ہونے وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ عورت اگر اس معجون کو باقاعدگی سے استعمال کرے تو مرد کا اس عورت پر قابض ہونا مشکل ہو جاتا ہے۔

نوٹ! اختناس طمث کے لئے مریضہ کو شربت بزوری سے دیں۔

☆☆☆☆☆

دوائے کالی کھانسی

روغن کنجد	روغن ناریل	لونگ
3تولہ	3تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: اوّل لونگ باریک کر کے مذکورہ روغنوں کو ملا کر یہاں تک گرم کریں کہ لونگ جل جائیں بس دوا تیار ہے۔ اتار کو محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: چائے والی چمچ، صبح، دوپہر، شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کالی کھانسی، نزلہ زکام، یہ روغن بطور طلاء بھی کام کرے گا۔

☆☆☆☆☆

تریاق دمہ

کنجد سیاہ	ناریل	اخروٹ	بھلادہ	تخم پیاز	کلونجی

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے بھلاؤں کی ٹوپیاں دور کر کے احتیاط سے باریک کر کے مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا لیں پھر چھان کر حب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ قہوہ یا پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ پرانے سے پرانا دمہ، نزلہ ریشہ اور مقوی باہ وممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کقوھر۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مسہ

تھوہر کا دودھ	ہلدی سفوف
1تولہ	15تولہ

ترکیب تیاری: ہلدی کو دودھ میں کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام مسوں پر ہلکی سے دوائی لگائیں تقریباً ہفتہ سے دو ہفتہ میں مسے سکڑ جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

روغن برائے فالج عرق النساء

مرہم چنبل

ھوالشافی:

پوست تھوہر	روغن کنجد	کاربالک ایسڈ
5تولہ	10تولہ	1.5پونڈ

ترکیب تیاری: پوست کو روغن کنجد میں جلا لیں پھر تیل پُن کر کاربالک ایسڈ ملا کر محفوظ کر لیں۔

نوٹ! فضلا کو مقام چنبل پر لگائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جلوتری ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مقوی قلب

جلوتری	تج	دارچینی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 2 رتی سے 4 رتی ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مقوی قلب، خوف، جریان، احتلام کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے اکسیر باہ

جلوتری	دارچینی	سنڈھ	کچلہ مدبر
2 تولہ	2 تولہ	10 تولہ	5 تولہ
سورنجان شیریں	فلفل دراز	الائچی کلاں	زعفران
3 تولہ	ڈیڑھ تولہ	اڑھائی تولہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب۔ کچلہ کو ریت میں بھون کر پیس کر مذکورہ ادویہ میں ملا کر دیں۔

نوٹ! زعفران کو پہلے سٹیل کی پلیٹ میں ڈال کر نرم آگ پر بھون لیں۔ احتیاط کریں کہ جواں نہ اٹھنے پائے پھر پیس کر مذکورہ ادویہ میں ملا کر حب بقدر نخود بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ، مقوی اعصاب، وممسکن اور وجع المفاصل، ریحی دردوں کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے ہیضہ

جلوتری	لونگ	دارچینی	مرچ سرخ

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی قلب، خوف، احتلام، جریان، ہیضہ، اسہال، قے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جائفل ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مقوی باہ وممسک

مغز جائفل	دارچینی	افیون	مصطلگی	عقرقرحا	شنگرف	لونگ۔زعفران

درج بالا تمام چیزیں ایک ایک تولہ لیں۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا سفوف بنا کر ایک پاؤ ادرک کے رس میں یہاں تک کھرل کرتے رہیں جب تک ادرک ختم نہ ہو جاوے۔ پھر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ،ہمراہ دودھ دیں۔ وقتی امساک کے لئے دو گولی ایک گھنٹہ قبل از جماع پہلے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
مقوی باہ، ممسک ،سرعت انزال بجلوق کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب فلک سیر

جائفل	جلوتری	لونگ	دارچینی	عقرقرحا	خولنجاں	سنڈھ	الائچی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
عضلاتی اعصابی، اعصابی اور غدی اعصابی تحریکات کے لئے مفید ہے۔ مقوی باہ وممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی باہ و ممسک

مغز جائفل	شنگرف	دارچینی	لونگ	افیون
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
مصطگی	زعفران	عقرقرحا	روغن سم الفار	موتی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: روغن سم الفار بنانے کا طریقہ۔ سم الفار اور زعفران کو باہم ملا

کر 2 کلو دودھ میں جوش دے کر جمادیں پھر مکھن حاصل کریں۔ باقی مذکورہ اشیاء کا سفوف بنا کر مکھن اور شہد میں گولیاں بقدر رتی رتی کی بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح غذا کے آدھ گھنٹہ کے بعد ایک گھونٹ کاڈ رآئل سے استعمال کرائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔
مقوی باہ، ممسک، جریان، احتلام، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جست
مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سرمہ مقوی بصر

جست	کھریہ سفید	نیلا تھوتھا	برگ نم
1تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: کشتہ جست بنانے کی ترکیب۔ جست کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں۔ پھر قلمی شورہ 4 تولہ کو باری باری چٹکیاں دیں اور کسی آہنی دستہ سے حرکت دیتے رہیں یہاں تک کہ خاکہ بن جائے پھر مذکورہ اشیاء ڈال کر آہنی کڑاہی یا توا پر رکھ کر اس کے اوپر اوندھا پیالہ رکھ دیں تاکہ اس کا دھواں باہر نکلے۔ اور سب دوائیں مل جائیں۔ سرد ہونے کے بعد خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: وقت حاجت سلائی سے مثل سرمہ کے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: دھند، جالا، شب کوری، سبل، سلاق وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ جست برائے مقوی باہ

شنگرف	ہڑتال	سنکھیا زرد	گندھک
1تولہ	14تولہ	6تولہ	6تولہ

ترکیب تیاری: چاروں ادویہ کو باوضو اکیس روز کھرل کرلیں اس کے بعد چونسٹھ 64 پڑیاں بنائیں اور سب دواؤں کے ہم وزن جست لے کر گول ٹکیہ بنا کر ایک پڑیا کے لیموں کاغذی کے پانی میں خمیر کر کے قرص مذکورہ پر لیپ کریں اگر لیموں میسر نہ آئیں تو لعاب گھیکوار و ڈالیں اور چمٹہ سے قرص کو پکڑ کر کوئلہ کی آگ پر رکھیں جس طرح کباب بناتے ہیں۔

جب دوا کی پڑیا کا لیپ قرص مذکورہ میں جذب ہو جائے تو اسی ترکیب سے دوسری پڑیا کا لیپ کر کے آگ پر گرم کریں اسی طرح تمام پڑیاں قرص مذکورہ پرصرف کردیں۔ تاکہ تمام جست شگفتہ ہوجائے۔ اس قرص مذکورہ کو ایک شیشی میں رکھ کر ایک مہینہ تک زمین میں دفن کر کے نکالیں اس کے بعد پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے ایک رتی ہمراہ مکھن ایک چھٹانک میں رکھ کردیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جند بدستر۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب معین حمل

حوالشافی

جند بدستر	مصبر	مرکی

درج بالا تینوں چیزیں ایک ایک تولہ لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے جند بدستر کو قینچی سے کاٹ کر مذکورہ ادویہ کے سفوف میں ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔ حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ حیض سے پاک ہونے کے بعد حب کا استعمال کروائیں۔ ایک ہفتہ اگر پہلے مہینے سے حمل نہ ہو تو دوسرے یا تیسرے مہینہ حمل انشاء اللہ ہوجائے گا۔ اس کے علاوہ مدر حیض بھی ہے

☆☆☆☆☆

سفوف مغلظ

جند بدستر	موصلی سفید	ثعلب مصری	تخم ریحان
5تولہ	5تولہ	5تولہ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: ماسوائے تخم ریحان کے باقی ادویہ کا سفوف بنا کر ثابت ہی تخم ریحان ڈال دیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ سے 3 ماشہ تک صبح منہ نہار ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد، مقوی اعصاب ہے۔ مغلظ منی، سرعت انزال، مولد و مقوی جراثیم ہے۔

☆☆☆☆☆

حب جند ہزاری

جند بدستر	بیش سیاہ	کچلہ مدبر	شنگرف	ہڑتال ورقیہ
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	1تولہ
سہاگہ خام	دار چینی	بیر بوٹی	سم الفار سفید	
1تولہ	1تولہ	6ماشہ	3ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر آب گوار سے تین دن تک کھرل کریں۔ اور دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی غدی ہے۔ تمام امراض باطنی و ریحائی و دماغی امراض اور تقویت اعصاب کو اکسیر ہے۔ نیز تقویت باہ کے لئے بھی خاص دوا ہے۔

☆☆☆☆☆

اختناق الرحم

جند بدستر	کافور	کونین	افیون
1تولہ	1تولہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر دانہ ماش کے برابر حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک عضلات، محلل اعصاب مسکن غدد ہے۔ اختناق الرحم، احتباس حیض کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! احتباس حیض کے لئے ہمراہ جوشاندہ افتیمون کے ساتھ استعمال کروائیں۔ کھانے کے بعد سفوف ہاضم دیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات جنطیانہ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے کثرت حیض

ھوالشافی:

جنطیانہ	برگ حنا

جملہ دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: دونوں کو پانی میں گھول کر ہاتھ کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں پر لیپ کریں اور ایک گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں رہیں۔

فوائد: خون حیض روکنے کے لئے مفید و مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چاسکو۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب خنازیر

چاسکو	نارجیل دریائی	کنجد سیاہ	قند سیاہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	3تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر گڑ ملا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

فوائد: خنازیر، بواسیر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب عقر

چاسکو	دیسی اجوائن	فلفل سیاہ	برگ کرنجوہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر شہد میں ملا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب باسی پانی سے صبح روزانہ کھلائیں۔ ابتدائے حمل سے شروع کر کے دودھ چھڑانے تک کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں مصفی خون، جس عورت کے بچے پیدائش کے بعد یا چھ ماہ اور سال کے بعد مرجاتے ہیں اس کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مصفی خون

چاسکو	رسونت مصفی	منڈی بوٹی	برہم ڈنڈی	نیل کھنٹی
نیلوفر	سرپھوکہ	برادہ صندل سفید وسرخ	شاہترہ	برگ حنا خشک
جوانسہ	برگ نیب	برگ بکائن	کشنیز خشک	گل کچنال

درج بالا تمام ادویہ ایک ایک تولہ لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: 2 حب صبح وشام ہمراہ شربت عناب دیں۔ 6 ماہ کے بچوں کے لئے نصف حب۔ بڑے بچے کو ایک حب شیر مادر میں گھس کر دیں۔

افعال و اثرات: میں مصفی خون ہے۔ فساد خون کے لئے اکسیر اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ ہر قسم کے کینسر کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چرائتہ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

تولد جراثیم مردمی

ھوالشافی:

چرائتہ	پانی	معجون غدودی (اجمل کمپنی)
1تولہ	1 گلاس	100 گرام

ترکیب تیاری: خیساندہ چرائتہ کو رات کو پانی میں بھگودیں۔ صبح منہ نہار اس کے ہمراہ معجون غدودی چائے والی چمچ صبح وشام دیں۔ اس کے بعد سفوف مغلظ ہمراہ پانی دیں۔

مقدار خوراک: اکسیر جدید حب نخودی صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

نوٹ! یہ نسخہ ان حضرات کے لئے مفید ہے جن کے جراثیم صفر ہوں۔ پہلے مہینہ میں 5% تا 10% تک پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہ تین ماہ کا کورس ہے۔ انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔ دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ جسم کی ساخت میں سب سے پہلے نقطہ قلب پیدا ہوتا ہے۔ اس کے بعد باقی اعضاء پیدا ہوتے ہیں۔ جن اشخاص کے جراثیم بالکل پیدا ہی نہیں ہوتے ان کی تحریک عضلاتی پیدا کرنے سے یقیناً جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں۔ کثیر الحکماء اکرام سفوف مغلظ مریض کو تجویز کرتے ہیں جن کا مزاج اعصابی غدی ہوتا ہے۔ مگر سوائے رطوبات پیدا ہونے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ مریض پہلے سے بھی زیادہ پریشان ہو جاتا ہے۔ رزلٹ مہینہ کے بعد صفر ہی ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت دافع فساد خون

چرائتہ نیپالی	پوست نم	افسنتین	بسفائج	شاہترہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
بسفائج	عناب	چینی	پانی	
1تولہ	1تولہ	3پاؤ	3پاؤ	

ترکیب تیاری: پہلے تمام ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے 3 پاؤ پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح دو تین جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر چینی ملا کر شربت کا قوام بنالیں۔

مقدار خوراک: 2 تولہ سے 5 تولہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ یہ شربت قاتل دیدان، آتشک جزام، خارش، پھوڑے پھنسی، خاص کر بچوں کے لئے موسم برسات میں بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چلغوزہ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

معجون مقوی باہ ممسک

چلغوزہ	مغز اخروٹ	مغز پستہ	مغز بندق
5 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	1 تولہ
چہار مغز	ثعلب مصری	موصلی سفید	
4 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	

ترکیب تیاری: مغز بندق، ریٹھہ کی کالی گولی کو توڑ پھوڑ کر کے اندر سے مغز نکال لیں۔ پھر جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر 3 گنا شہد میں معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ ہمراہ دودھ، صبح و شام استعمال کریں۔

افعال واثرات: میں مقوی باہ و ممسک ہے۔ منی کے قوام کو گاڑھا کر کے لحات شب کو بڑھاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چنا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب چنا وجع المفاصل

چنے	آب حنظل
1 پاؤ	2 کلو

ترکیب تیاری: چنے 1 پاؤ نیم کوفتہ کر کے آب حنظل ڈال کر نرم آگ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی خشک ہو جائے۔ جب چنے خشک ہو جانے پر کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ حبوب نخودی بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی ہے۔ شوگر اعصابی، وجع المفاصل، تمام جسم میں دردوں کے لئے مفید ہے۔ حیاتین C کے لئے بھی مفید ہے۔ ایسے مریض جن کے چہرہ اور زبان کا رنگ سیاہی مائل ہو ان کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون مقوی باہ

ھوالشافی:

چنے سیاہ	آب پیاز سفید	آب ہالوں
1 کلو خام	حسب ضرورت	حسب ضرورت
خراطین مصفا	عروسک	شہد
2 تولہ	6 ماشہ	سہ گنا

ترکیب تیاری: چنے سیاہ کو آب پیاز میں چار مرتبہ تر و خشک کریں پھر سایہ میں خشک ہونے کے بعد آب ہالوں کے پانی میں چار دن تر و خشک کریں۔ پھر سایہ میں خشک ہونے کے بعد چنے خشک مذکورہ ادویہ میں ملا کر خوب کوٹیں کہ سفوف بن جانے کے بعد شہد ملا کر معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشے سے 1 تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ چند

یوم میں استعمال کرنے سے نامرد کامل مرد بن جاتا ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے شوگر

پھٹکوی سفید بریاں	گڑمار بوٹی	کریلا خشک	گٹھلی جامن
1 چھٹانک	1 چھٹانک	1 چھٹانک	1 چھٹانک
چنے سیاہ	آب حنظل	بڑی ہرڑ	کابلی ہرڑ
1/2 کلو	حسب ضرورت	1/2 کلو	1 چھٹانک

ترکیب تیاری: چنے کو آب حنظل میں اچھی طرح ڈال کر بھگو دیں جب چنے پھول جائیں تو نکال کر خشک کر لیں۔

نوٹ! اگر تازہ حنظل نہ ملیں تو ابلتے ہوئے پانی میں ایک ایک حنظل کو ڈالیں جب حنظل پھٹ جائیں تو فوراً نکال لیں ٹھنڈا ہونے پر نچوڑ لیں۔

مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر مذکورہ چنے کے سفوف میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: فل سائز کیپسول بھر لیں۔ ایک ایک کیپسول دن میں ۳ بار لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، و مقوی و مسکن غدد ہے۔ شوگر اور سلسل بول کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حلوہ مقوی باہ

چنے کا آٹا	انڈے	چھوہارے	منقی
1 کلو	16 عدد	1 پاؤ	1 پاؤ
مغز اخروٹ	مغز چلغوزہ	گھی	چینی
1 پاؤ	1/2 کلو	ڈیڑھ پاؤ	ڈیڑھ کلو

ترکیب تیاری: چنے کا آٹا دیسی گھی میں بھون لیں جب بھون کر خوشبو آنے لگے تو چینی اور انڈے ملا دیں پھر نرم آگ پر پکا ئیں کڑچھی یا چمچ بڑے سے ہلاتے رہیں۔ تاکہ برتن کے پیندے میں داغ نہ لگ جاوے۔ جب قوام گھی چھوڑ دے یعنی گھی پانی کی طرح نکل آئے تو حلوہ تیار سمجھیں۔ تیار ہونے پر چھوہارے اور منقی باقی مذکورہ مغزیات ملا دیں۔ بس نہایت اعلیٰ درجہ کا حلوہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک سے ڈیڑھ چھٹانک صبح منہ نہار ناشتہ کے طور پر کھائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مقوی باہ، سستی، نامردی کے لئے بھی بہت ہی مفید ہے۔ دافع جریان اور سیلان ہے۔ تولد جراثیم ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چوب چینی ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ برائے نزلہ زکام

چوب چینی	دار چینی
6 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے ڈیڑھ کپ پانی ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی ایک کپ رہ جائے پھر چھان کر پلائیں۔

افعال و اثرات: ہیں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی ہے۔ نزلہ زکام، دمہ کشی اعصابی بخار کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے چوب چینی برائے مقوی باہ

چوب چینی	لونگ	دارچینی	عقر قرحا رومی

جملہ تمام ادویہ ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر دانہ موٹھ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: ہیں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد و مقوی ہے۔ جریان، احتلام، ضعف، رحم، ضعف باہ، کمی انتشار، نزلہ زکام کہنہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات چھوہارا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب ممسک

نرچھوہارے	افیون	شیر بز (بوہڑ)

درج بالا تمام چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: چھوہارا کی گھٹلی نکال کر اس میں ایک رتی فی شوہارا افیون اور دودھ بوہڑ سے بھر کر دھاگہ سے بند کر دیں۔ پھر آٹا سے لیپ کر کے گرم بھوبل میں دبا دیں۔

سوکھ جانے پر خشک کر کے کوٹ لیں۔ حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔ وقت خاص کے لئے ایک حب رات کو قبل از وقت دو گھنٹے پہلے دیں۔

☆☆☆☆☆

معجون شباب آور (نرچھوہارے)

نرچھوہارے	لونگ	دارچینی	جاوتری	مغز جائفل	زعفران
1/2 پاؤ	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے
موچرس	کمرکس	تخم کونچ	کشتہ قلعی	الائچی خورد	تودری سفید
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1/2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
تودری سرخ	بہمن سفید	بہمن سرخ	سنگھاڑہ	اسگندناگوری	گوند کیکر
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1/2 پاؤ
گوند کتیرا	موصلی سفید	موصلی سیاہ	پھول مکھانہ	شہد بیری	
1 چھٹانک	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 کلو	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر زعفران کو علیحدہ پیس کر ملا کر شہد میں ملا کر معجون بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: صبح منہ نہار چائے والی چمچ ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: مغلظ منی، مولد منی، مقوی جراثیم، مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون آرد خرما

چھوہارے	سنگھاڑے	گوند کیکر بریاں		مغز چلغوزہ	مغز خندق
1/2 کلو	1/2 کلو	1/2 کلو		5 تولہ	5 تولہ
مغز پنبہ دانہ	جاوتری	لونگ	جائفل مغز	کشتہ قلعی	شہد
1 تولہ	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے	1 ماشہ	3 گنا

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شہد میں ملا کر معجون کو محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشے صبح نہار منہ ہمراہ دودھ دیں۔ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات خوب کلاں۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ برائے خسرہ و چیچک

خوب کلاں	گل بنفشہ	لونگ	عناب	انجیر	منقی
6 ماشے	6 ماشے	2 ماشے	15 عدد	2 عدد	10 عدد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوفتہ بیختہ کر کے 3 کپ پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی 2 کپ رہ جانے پر چھان کر ایک کپ صبح، شام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خسرہ،

چیچک، نزلہ زکام، زیادہ چھینکیں آنے، کم بخار کو زیادہ کر کے خسرہ جیسی علامت کو دور کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات دار چکنا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے امراض خبیثہ

منقی	دار چکنا	رسکپور	سم الفار
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو باریک کر کے مثل سرمہ بنالیں۔ پھر تھوڑا سا پانی ملا کر دو گھنٹے کھرل کرنے کے بعد مٹی کے کورے دو پیالے لے لیں ان کے کنارے گھساویں تا کہ ایک دوسرے میں پیوست ہو جائیں۔ پھر سفوف مذکورہ ڈال کر دوسرا پیالہ رکھ کر لبوں پر مٹی کا لیپ یا آٹا لگا دیں۔ خشک ہونے پر نرم آگ پر رکھیں۔ پیالہ کے اوپر کپڑا گیلا پانی سے کر کے رکھیں جب کپڑا خشک ہو جاوے پھر تر کریں۔ یہ عمل 1/2 گھنٹہ تک کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر اوپر والے پیالہ میں جوہر اتار کو محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف چاول منقہ یا کیپسول میں بھر کر کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ امراض خبیثہ، پرانے زخموں، آتشک، جزام، خارش داد چنبل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی باہ

دار چکنا	مین پھل
1 تولہ	1 عدد

ترکیب تیاری: دار چکنا کو ایک عدد مین پھل میں رکھ کر مین پھل پر اچھی طرح سے دھاگہ لپیٹ کر اس پر آٹا چڑھا کر ایک چھوٹا سا گیند بنالیں۔

(۲)

ھوالشافی:

ترپھلہ	پانی
1 پاؤ	4 کلو

ترکیب تیاری: ترپھلہ کو پانی میں رات کو بھگودیں۔

(۳) مین پھل والے گولے کو لے کر ایک ململ والے کپڑے میں باندھ کر ترپھلہ والے پانی میں لٹکا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی 1 پاؤ رہ جائے تو گولے کو نکال کر ٹھنڈا کریں اور دار چکنا مدبر نکال لیں۔

(۴)

دار چکنہ مدبر	زعفران	لونگ
10 گرام	10 گرام	120 گرام

ترکیب تیاری: پہلے دار چکنا کو پیس کر محفوظ کرلیں پھر زعفران کو ہلکی سی نرم آگ پر سٹیل کی پلیٹ کو گرم کر کے زعفران ڈال کر نمی خشک ہونے کے بعد پیس کر مذکورہ ادویہ کو ملا کر گولی بقدر دال ماش بنالیں۔

مقدار خوراک: 1 تا 2 گولی ہمراہ مکھن یا بالائی 1 چھٹانک سے دیں۔ سات روز تک کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ پہلی ہی خوراک سے انتشار قوی ہوگا۔ اعصابی مریض کے لئے بالخصوص مفید ہے۔ غدی تحریک کے مریض اس سے پرہیز کریں۔

حب آتشک

دار چکنا	رسکپور	مغز بندق	کافور	آب لیموں
ڈیڑھ ماشہ	ڈیڑھ ماشہ	1 تولہ	ڈیڑھ ماشہ	1 چھٹانک

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر آب لیموں سے کھرل کر کے حب بقدر دانہ ماش بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 حب حلوہ یا چوری میں رکھ کر کھلائیں۔ اوپر سے روغن گاؤ 1/2 پاؤ پلائیں۔

نوٹ! سب سے پہلے مریض کو حب السلاطین دے لیں۔ بعد ازاں مذکورہ حب دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ آتشک جزام، خارش، چنبل، داد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

جوہر دار چکنا۔ سفوف آتشک

دار چکنا	نیلا تھوتھا	رسکپور	شنگرف	مرداسنگ
6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے	6 ماشے

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا جوہر حاصل کریں۔ سابقہ صفحات میں جوہر نکالنے کا عمل درج ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن گائے ایک چھٹانک۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ آتشک، جزام، برص کے لئے مفید ہے۔ صرف چار روز ہی کافی ہے۔

مرکبات دار چینی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

معجون مقوی باہ

دار چینی	شہد
1 حصہ	3 حصہ

ترکیب تیاری: دار چینی کا سفوف بنا کر شہد میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ صبح ورات کو ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کمی انتشار کو دور کر انتشار قوی لاتی ہے۔ ممسک ہے، حرارت عزیزہ پیدا کرتی ہے۔ دمہ اعصابی وکھانسی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن دار چینی

برقی اثرات کی حامل دوا برائے درد

یہ ان لوگوں کے لئے خاص کر مفید ہے جو ہر وقت دردوں کے لئے دوائی ایلوپیتھی "پین کلر" استعمال کرتے ہیں۔ جس کا نتیجہ گردے فیل کی صورت میں ملتا ہے۔ یہ نسخہ دیکھنے میں معمولی سا ہے مگر افادیت کے لحاظ سے جہاں ایلوپیتھک ادویات کام نہیں کرتی ہیں مریض دن میں کئی بار انجکشن یا گولیوں کے پھکے مارتے ہیں یہ دوا بہت ہی مفید ہے۔ نسخہ حاضر خدمت ہے۔

مقدار خوراک: ایک قطرہ خالی کیپسول میں بھر کر گرین چائے کے ساتھ استعمال کریں مریض کی نوعیت کے مطابق دن میں کئی بار دے سکتے ہیں۔

فوائد: سر درد دائمی، کمر درد، عرق النساء، وجع المفاصل کیلئے مفید ہے۔

دوائے مقوی باہ

دار چینی	جوہر کچلہ	مصطگی رومی
5 تولہ	1 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: مصطگی رومی کو علیحدہ پیس کر جملہ ادویہ کے سفوف میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

دوسرا حصہ: شنگرف ڈلی ایک ایک تولہ کی مذکورہ ادویہ میں رکھ کر نرم آگ پر پکائیں۔

بلادر	تل	رتیاں سرخ یا سفید	تھوم
70 گرام	70 گرام	70 گرام	70 گرام
پیاز سفید	گھی	شہد	
70 گرام	1/2 پاؤ	1 پاؤ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر شہد اور گھی ملا کر گولا سا بنا کر بیچ میں شنگرف کی ڈلیاں دے کر آہنی کڑاہی میں رکھ کر نرم آگ پر جلائیں اگر کڑاہی کو آگ نہ لگے مزید آنچ تیز کر دیں تا کہ مذکورہ گولا کو آگ لگنے پر نیچے سے آگ بند کر دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر شنگرف کی ڈلیاں نکال کر پیس کر حصہ اوّل کے سفوف میں ایک تولہ مذکورہ شنگرف ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔ صبح کھانے کے بعد سات دن کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، ممسک، جوڑوں کے درد کے لئے مفید ہے۔

سفوف مقوی باہ ممسک

دارچینی	لونگ	جاوتری	رائی

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ ہم وزن لے کر ان کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ عصر کے وقت سفوف وقت شب کے لئے 4 رتی استعمال کریں۔ پھر خدا کی قدرت کا نظارہ کریں۔ محرک باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات رال۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

زرور برائے زخم

رال	کات	پوست درخت مدار
3 تولہ	4 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: خراب اور متعفن زخموں کو تیل سے تر کر کے زرور اس پر چھڑکیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ زخموں کو مندمل کرنے اور ان کو بڑھنے اور متعفن ہونے سے روکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم رال برائے قروح خبیثہ

رال	سندھور	گندہ بیروزہ	بلادر	روغن کنجد
4 تولہ	4 تولہ	4 تولہ	5 تولہ	10 تولہ

ترکیب تیاری: روغن کنجد میں بلادر کو جلا لیں۔ تیل پُن کر باقی مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر تیل میں اچھی طرح ملا کر گھوٹیں یہاں تک کہ مرہم بن جاوے اور محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مرہم مذکورہ کو پھاہیہ پر لگا کر زخم پر لگائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خراب اور متعفن زخم، قروح خبیثہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات رتن جوت۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن خارش

رتن جوت	کاربالک ایسڈ	روغن تل
2 تولہ	1/2 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: رتن جوت کو ایک پاؤ پانی میں جلا لیں۔ جب پانی ایک چھٹانک رہ جانے پر پُن کر تیل میں پانی کو جلا لیں۔ جب پانی خشک ہو جائے پھر نیچے اتار کر کاربالک ایسڈ ملا دیں۔ برتن کو ڈھانپ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کریں۔

مواقع استعمال: خارش، پھوڑے، پھنسی پر لگائیں۔

☆☆☆☆☆

روغن وجع المفاصل

رتن جوت	کفور	روغن تل
ایک چھٹانک	سواتولہ	1/2 پاؤ

ترکیب تیاری: رتن جوت کو ایک پاؤ پانی میں نرم آگ پر پکائیں جب پانی ایک چھٹانک رہ جائے پھر چھان کر روغن تل میں ملا کر نرم آگ پر پکائیں کہ پانی جل جائے۔ تیل باقی رہ جائے۔ پھر نیچے آگ سے اتار کر کفور ڈال دیں۔ برتن کو ڈھکنے سے بند کر دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں یہ روغن وجع المفاصل، نقرسی دردیں، خاص کر ہڈی ٹوٹ جانے پر ہڈی کو اپنے مقام پر صحیح طریقہ سے لگانے پر پٹی کو تیل سے تر کر دیں ہڈی صحیح معنوں میں جڑ جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات رسکپور۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سلوشن برائے آشوب چشم

رس کپور	ڈسٹلڈ واٹر
1 رتی	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: اول رسکپور کو پیس لیں پھر تھوڑا تھوڑا پانی ملاتے جائیں جب تمام حل ہو جائے محفوظ کر لیں۔

فوائد: آنکھوں کی اعصابی سوزش، آنکھوں سے پانی آنے کے لئے یہ سلوشن مفید ہے۔

حب آتشک

رسکپور	دارچکنا	سفید مرچ	کافور	رسونت مصفا	گوگل	گڑ پرانا
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو حسب دستور باریک کر کے گوگل میں ملا کر اس قدر کوٹیں حتیٰ کہ تیل چھوڑنے لگے تو حبوب بقدر دانہ مونگ بنا لیں۔

مقدار خوراک: کھانے کے دو گھنٹے کے بعد ہمراہ بالائی دودھ سے دیں۔ گولی کھانے کے بعد چوری ضرور کھلائیں بعد پھر دودھ پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ خارش، چنبل، داد، آتشک، سرخ باد، برص وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے آتشک

رسکپور	دارچکنا	سندھور	نمک لاہوری
10ماشہ	6ماشہ	4ماشہ	4ماشہ

جملہ اشیاء کو شیر بکری میں 24 گھنٹے کھرل کریں۔ سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول۔

نوٹ! دوائی کو کیپسول میں بھر کر استعمال کریں۔ یا مکھن میں لپیٹ کر یا کاغذ میں لپیٹ کر مکھن گائے کے ہمراہ (ایک چھٹانک) اوپر سے دودھ پلائیں۔ گھی اور مرغن غذائیں زیادہ استعمال کروائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

آتشک، جزام، دیگر جلدی امراض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب رسکپور

رسکپور	سفید مرچ	لونگ	شیر گاؤ یا بھیڑ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	10تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر دودھ میں اچھی طرح کھرل کر کے دانہ مونگ حبوب تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ منقی یا کیپسول میں بھر کر یا کاغذ میں لپیٹ کر کھلائیں ہمراہ مکھن یا بالائی ایک چھٹانک بعد ازاں دودھ پلائیں۔ گھی، دودھ بکثرت استعمال کرائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ آتشک، جزام، اگر اعضاء گلنے بھی شروع ہو گئے ہوں تو ان کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم رسکپور

رسکپور	بورک ایسڈ	مکھن گاؤ
6ماشہ	6ماشہ	5تولہ

ترکیب تیاری: دونوں اجزا کو خوب کھرل کر لیں۔ بعد ازاں مکھن گاؤ دھویا ہوا چالیس مرتبہ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔

افعال و اثرات: میں آتشک کے زخم تین دن میں خشک ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات روغن مالکنگی ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

طلاء خاص

روغن مالکنگی	روغن لونگ	روغن جمالگوٹہ	عروسک
5تولہ	1تولہ	1ماشہ	1تولہ
روغن ستیاناسی	روغن حنا	روغن چنبیلی	
1تولہ	1تولہ	1تولہ	

ترکیب تیاری: تمام روغنیات کو اچھی طرح ملا کر محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: عضو کو پہلے دیسی کپڑا سے اچھی طرح یہاں تک مسلیں کہ عضو سرخ ہو جائے۔ پھر روغن کی مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ عضو کی کجی۔ دبلا پن، چھوٹا پن کے لئے مفید ہے۔ اسکے علاوہ وجع المفاصل، چوٹ کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات روغن بلسان ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

مقوی باہ روغن بلسان

روغن بلسان	روغن دارچینی	روغن مالکنگی
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ روغنیات کو ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 5 بوند نیم گرم دودھ میں ملا کر پلائیں بوقت شب۔

☆☆☆☆☆

مرکبات روغن بابونہ کان درد

مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن بابونہ	روغن حنظل
1 تولہ	6 ماشہ

جملہ روغنیات کو باہم ملا کر محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: کان میں دو تا تین بوند ڈالیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ کان درد، کان میں آوازیں آنا، شائیں شائیں کرنا، کے لئے مفید ہے۔ دیگر کان بہنے کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ریگ ماہی۔ عضلاتی غدی (خشک گرم)

معجون مقوی باہ

ریگ ماہی	چوب چینی	تخم اٹنگن	ثعلب مصری
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
موصلی سفید	تخم کند	لونگ	شہد
1 تولہ	1 تولہ	6 عدد	3 گنا

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر شہد ملا کر معجون بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: روزانہ 6 ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ سات روز کھلانا کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ و ممسک اعلیٰ ہے۔

☆☆☆☆☆

قوت اور طاقت کے لئے ٹانک

ریگ ماہی	عقرقرحا	فلفل دراز	بیربوٹی	گھی
2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1/2 پاؤ

ترکیب تیاری: عقرقرحا اور فلفل دراز کو کوٹ کر اس میں تھوڑا سا پانی ڈال کر رکھ کر چھوڑ دیں تا کہ یہ نرم ہو جائیں۔ ایک روز پڑا رہنے دیں۔

نوٹ! پانی زیادہ نہ ہو صرف اتنا ڈالیں کہ پانی اس میں جذب ہو جائے پھر سب اشیاء کو نیم کوفتہ کر کے دوسرے روز ہانڈی روغنی میں پانی ڈال کر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے پھر اس کو ایک شیشی میں ڈال کر تین گھنٹے پکائیں اور شیشی نکال کر رکھ دیں جب اس کا رنگ سرخ ہو جائے تو اوپر سے گھی اتار لیں۔

مقدار خوراک: رات کو سوتے وقت 5 قطرے 1 پاؤ دودھ میں استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ اور طاقت کے لئے بہترین ٹانک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زراوند طویل ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مدر حیض

زراوند طویل	مرکی	شنگرف
9تولہ	9تولہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے شنگرف کو اچھی طرح کھرل یہاں تک کریں کہ چمک باقی نہ رہے۔ بعد ازاں مذکورہ ادویہ سفوف بنا کر شنگرف میں ملا کر خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ جوشاندہ لونگ دار چینی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔
مدر حیض کرم و درد رحم اخراج فضلات مقوی باہ ہے۔

مرکبات زرواند مدحرج ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب زراوند مدر حیض

زراوند مدحرج	زعفران	ہیرا کسیس	مصبر	افسنتین
3ماشہ	3ماشہ	2ماشہ	2ماشہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر مثل سرمہ کر لیں۔ بعد ازاں حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو حب آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔ صرف تین خوراک کافی ہیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔
درد پہلے ہی روز بند ہو کر حیض جاری ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ مقوی باہ بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زفت رومی ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

طلاء زفت

زفت رومی	روغن مالکنگنی	روغن لونگ	بیر بوٹی
1تولہ	2تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: روغنیات کو باہم ملا کر مذکورہ ادویہ اچھی طرح ملا کر محفوظ کر لیں۔

مواقع استعمال: رات کو عضو پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ کجی عضو، چھوٹا پن کے لئے مفید ہے۔ کمی انتشار کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

طلاء

زفت رومی، خراطین مصفا۔ ہم وزن لیں۔

ترکیب استعمال: قضیب پر لیپ کریں۔

فوائد: فربہ اور طویل کرتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات زوفا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

شربت برائے بلغمی کھانسی۔

زوفا	انجیر	عناب	لونگ
1 تولہ	1 تولہ	5 عدد	6 ماشے
دارچینی	ستی	گل بنفشہ	چینی
6 ماشے	3 عدد	1 تولہ	1/2 کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویات کو رات پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی کو جوش دے کر چھان کر چینی میں ملا کر شربت کے قوام بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو چمچ دن میں چار بار دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ بلغمی کھانسی کو خشک کر کے اخراج کرنے کے لئے مفید ہے۔ بلغمی دمہ، نمونیہ کے لئے بھی مفید ہے۔

نوٹ! عضلاتی اعصابی یا عضلاتی غدی ادویہ رقیق بلغم کو گاڑھا کر کے خارج کرتی ہے۔ اس کے برعکس غلیظ بلغم کو اعصابی غدی یا غدی اعصابی ادویہ رقیق کر کے خارج کرتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سلاجیت۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مقوی باہ و ممسک

سلاجیت	لونگ	دارچینی	مغز جائفل	عقر قرحا
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنا لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔ بلغمی کھانسی، بلغمی دمہ، کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سمندر پھل۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مقوی باہ و ممسک

سمندر پھل	کافور	دارچینی	الائچی سبز
50 گرام	15 گرام	20 گرام	20 گرام

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر گوند کیکر ملا کر گولی بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ چند دن متواتر استعمال کرنے سے فوائد حاصل ہوں گے۔

افعال و اثرات: میں مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سوما کلپاتا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

شربت برائے کھانسی

سوما کلپاتا	زوفا	کاکڑا سنگی	لونگ	دارچینی
1 تولہ	6 ماشہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے رات کو پانی 3 پاؤ میں بھگو دیں۔ جب

پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جانے پر چھان کر چینی ڈیڑھ پاؤ ملا کر شربت کے قوام بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ تا دو چمچ پلائیں۔ا

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

بلغمی کھانسی بلغمی دمہ، اعصابی تحریک کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات سندھور۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

اپریشن مرہم

روغن کنجد	کاربالک ایسڈ	صابن سن لائٹ	جمال گوٹہ	سندھور
10تولہ	3تولہ	1ٹکی	5تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: پہلے جمال گوٹہ کو نہایت زور سے رگڑیں کہ تیل ہو جائے پھر صابن کو باریک کر کے کوٹ کر سب ادویہ ملا دیں۔ مرہم اپریشن تیار ہے۔

مواقع استعمال: خارش، درد، چنبل، ناسور، بھگندر، بواسیری ہے اور گھمبیر ناسور چشم، پھوڑے پھنسی، گڑ کے لئے مفید ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

مذکورہ بالا علامات مرض میں مفید ہے۔

نوٹ ! مقعد کے اندر لگانے کے لئے جیسا کہ ناسور اور بواسیر ے کے لئے ہلکی مقدار میں لگائیں۔ یا روغن سرسوں یا مکھن یا ویاویزلین میں ملا کر لگائیں پھر زیادہ تکلیف نہیں ہوگی۔ یہ نسخہ مجربات استاذ محترم حکیم محمد یسین صاحب دنیاپوری کا ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن برائے بہتے کان

حوالشافی:

تیل کنجد	لہسن	سندھور
1چھٹانک	1 گنڈی	1تولہ

ترکیب تیاری: سندھور اور لہسن کو خوب کونڈے میں کھرل کریں۔ جب دونوں یکجان ہو جائیں تب تیل کو کسی آہنی برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور ادویہ مذکورہ کو ڈال دیں جب لہسن سیاہی مائل ہو جائے ٹھنڈا کر کے پُن کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: دو بوند نیم گرم ٹپکائیں۔

فوائد: کان درد، بہتے کان کے لئے مفید ہے۔

نوٹ ! کان میں پہلے سرکہ انگوری چند بوند ڈالیں پھر ذرا سا میٹھا سوڈا ڈال دیں جوش پیدا ہوگا میل وغیرہ صاف ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرہم برائے زخم

حوالشافی:

تیل کنجد	سفیدہ	موم سفید	سندھور
2 گنا		تین چیزیں ہم وزن لیں	

ترکیب تیاری: پہلے موم کو پگھلا کر پھر سندھور، سفیدہ ڈال دیں پھر تیل ڈال کر مرہم بنالیں۔

نوٹ ! تھوڑا سا نیچ نیلا تھوتھا کا لگائیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر لگائیں۔

فوائد: زخم کو بھرنے اور مندمل کرنے کے لئے مفید ہے۔

مرہم خارش

سندھور	گندھک	پارہ	فلفل سیاہ	نیلا تھوتھا	گندہ بروزہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: پہلے کجلی بنا کر مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر خوب کھرل کریں (تقریباً 5 گھنٹے)۔

ترکیب استعمال: سفوف 1 تولہ، مکھن گاؤ شستہ ایک سو ایک بار میں ملا کر مقام ماؤف پر مالش کریں۔ پھر دھوپ میں بیٹھ جائیں۔ بعدازاں بیسن سے نہلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ خارش، داد، چنبل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم دمل (گڑ)

سندھور	نیلا تھوتھا	رال	مازو	زرنباد
6ماشے	6ماشے	5تولہ	2عدد	1تولہ

ترکیب تیاری: سب اجزاء کو پیس کر رکھیں۔ مکھن گاؤ شستہ ایک سو ایک بار میں ملا کر دو یوم تک کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر کپڑے پر لگا کہ باندھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ دمل جڑوں والے پھوڑوں میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شاخ گوزن۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف برائے وات ریح (نمونیہ)

کشتہ بارہ سنگھا	مصبر	نمک	کشتہ کچلہ
2تولہ	2تولہ	2تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ اشیاء کو باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے دو رتی ہمراہ شہد۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ نمونیہ، ریحی دردوں، قبض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف قولنج۔

کشتہ بارہ سنگھا

ترکیب استعمال و مقدار خوراک: کشتہ بارہ سنگھا 6 ماشہ لے کر مریض کو کھلائیں دیکھتے ہی دیکھتے درد غائب ہو جاوے گا۔ تھوڑی دیر کے بعد پاخانہ بھی آجائے گا۔ اگر نصف گھنٹہ کے بعد آرام نہ آئے تو اس مقدار سے ایک خوراک اور دے دیں فائدہ ہو جائے گا کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات شنگرف۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

کشتہ شنگرف مقوی باہ

شنگرف	بھلاواں	تل	گونھگچی
1 تولہ	50 گرام	50 گرام	25 گرام
سفید پیاز کا پانی	ماسنگنی	شہد	گھی
1/2 پاؤ	50 گرام	1/2 پاؤ	1/2 پاؤ

کشتہ شنگرف کو بنانے کی ترکیب: جملہ ادویہ کو کوٹ کر درمیان میں شنگرف رکھ کر چینی کڑاہی میں گھی شہید ڈال کر مذکورہ ادویہ رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ آگ خود بخود لگ جائے گی۔ جب خاکستر ادویہ ہو جائیں تو ٹھنڈا ہونے پر ڈلی شنگرف نکال کر پیس کر محفوظ کر لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، اعصابی کمزوریوں کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف برائے فالج

ہوالشافی: ڈلی شنگرف۔ 1 تولہ۔ بکھ مور (1 چھٹانک)

کشتہ شنگرف بنانے کی ترکیب: بکھ مور کے نغدہ میں رکھ کر 1 پاؤ اوپلوں کی آگ دیں۔ نکال کر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ دودھ دیں۔ سات خوراک کافی ہیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

مقوی باہ، کمی انتشار، فالج لقوہ کے لئے مفید ہے۔ یہ اعصابی تحریک والے مریضوں کے لئے مفید ہے۔ میرے ذاتی تجربہ میں فالج اور لقوہ کے مریضوں کی اکثر تحریک عضلاتی غدی تا غدی عضلاتی ہوتی ہے میں کثرت سے اعصابی غدی ادویہ سے علاج کرتا ہوں اور غذائیں بھی اعصابی غدی تجویز کرتا ہوں اور مریض شفایاب ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف مقوی باہ

ڈلی شنگرف 1 تولہ۔ گل انار 1/2 پاؤ۔

ترکیب تیاری: ڈلی شنگرف کو 1/2 پاؤ نغدہ گل انار میں دے کر گل حکمت کر کے سوا کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔ دودھ، گھی خوب استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی باہ و ممسک

شنگرف	سم الفار	آب دھتورہ	آب ادرک
1 تولہ	1 تولہ	3 پاؤ	3 پاؤ

ترکیب تیاری: مذکورہ اشیاء کو کھرل کر کے مذکورہ آب میں باری باری کھرل کریں یہاں تک کہ پانی ختم ہو جائے۔ حب بقدر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مقوی و مسکن غدد ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مولد جراثیم

شنگرف	انگوزہ
1 تولہ	1 ماشہ

ترکیب تیاری: شنگرف کو اچھی طرح کھرل کریں کہ چمک ختم ہو جائے بعد ازاں انگوزہ ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: صبح منہ نہار ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ کمی جراثیم مولد جراثیم مقوی جراثیم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب زنجفر مقوی باہ

شنگرف رومی	لونگ	جوز بوا	افیون
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: اول شنگرف کو خوب حل بلیغ کریں پھر اس میں لونگ ایک ایک کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام لونگ ختم ہو جائیں تو بقیہ مذکورہ ادویہ ملا کر خوب کھرل کر کے حب بقدر شہد ملا کر مرچ سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ وجع المفاصل، فالج، لقوہ، امراض باردہ، مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے پرسوت

شنگرف	آب پودینہ جنگلی
1 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: آب پودینہ تھوڑا تھوڑا کر کے شنگرف میں کھرل کرتے جائیں کہ آب ختم ہو جاوے۔ خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ چاول ہمراہ مسکہ گاؤ دن میں ایک بار کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ حمانفاسیہ کے لئے مفید ہے۔ اعصابی تحریک کی دیگر علامات کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب قوت باہ

ھوالشافی:

شنگرف	سم الفار	کچی افیم	موم دیسی
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	4 تولہ

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو کوٹ کر ایک کوزے میں گل حکمت کر کے ایک اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پھر ایک اوپلہ کی آگ دیں اسی طرح ایک سوا ایک اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1رتی سے 2رتی ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔ اس کے علاوہ جریان، احتلام کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف برائے مقوی باہ

شنگرف	دیسی اجوائن	روغن گاؤ	آب بھنگرہ سبز
1تولہ	8تولہ	10تولہ	20تولہ

ترکیب تیاری: شنگرف کے نیچے اوپر دیسی اجوائن دے کر روغن گاؤ ڈال دیں پھر آب بھنگرہ اس طرح ڈالیں کہ اجوائن حرکت میں نہ آئے۔ شنگرف برہنہ نہ ہو بعد ازاں کڑاہی کے نیچے آگ جلائیں جب گھی اور اجوائن کو آگ لگ جاوے تو چولہے پر آگ بند کر دیں۔ شعلہ بند ہو جانے کے بعد کڑاہی کو نیچے اتاریں سرد ہونے پر شنگرف نکال کہ پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مکھن یا بالائی میں کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، اعصابی تحریک کی ہر علامت کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف برائے مولد جراثیم

ڈلی شنگرف	پوست بیضہ مرغ	شیر مدار
1تولہ	5تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ڈلی شنگرف کو پوست بیضہ مرغ میں اچھی طرح کھرل کریں۔

شیر مدار سے تر کر کے ٹکیہ بنالیں اور گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مثل غبار کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ بالائی یا مکھن میں رکھ کر دیں۔ گھی، دودھ بکثرت استعمال کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ مولد اولاد بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف مقوی باہ

شنگرف	سیماب	گندھک آملہ سار	سہاگہ خام	آب برگ گھیکوار
1تولہ	6ماشے	6ماشے	1تولہ	20تولہ

ترکیب تیاری: اوّل سیماب اور گندھک کو کھرل یہاں تک کریں کہ سیاہ رنگ کی کجلی بن جاوے پھر شنگرف کو ملا کر تحق کریں پھر سہاگہ خام کر تحق کریں اور آگ پر آب برگ گھیگوار ڈال کر تحق کریں تا آنکہ تمام پانی خشک ہو جاوے۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک ہونے کے بعد سکورہ گلی کے تلے 12 گھنٹے مسلسل آگ جلائیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: دو چاول بلائی یا مکھن ہمراہ دودھ دیں۔ بوقت صبح بعد از غدا۔ دودھ، گھی زیادہ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ قوت باہ، بارده کیلئے مفید ہے۔ مصفی خون اور ریحی دردوں کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت زنجفر

شنگرف	ست لیموں	ست الائچی	ست پودینہ	چینی
1 تولہ	1 تولہ	3 ماشے	ڈیڑھ ماشے	1 کلو

ترکیب تیاری: شنگرف کو ست لیموں کے ہمراہ 12 گھنٹے کھرل کریں۔ بعدازاں چینی کا قوام بنا کر سفوف ملا کر نیچے آگ سے اتارلیں بعدازاں ست ملا کر ڈھانپ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 2 تولہ شربت ہمراہ آب بعداز غذا دیں۔ گھی، دودھ کثرت سے استعمال کروائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، جریان منی، رقت منی، خون صالح پیدا کرتا ہے۔ اور رنگ نکھارتا ہے۔ چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ جسم میں قوت پیدا ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب شنگرفی

شنگرف	آب ادرک
1 تولہ	20 تولہ

ترکیب تیاری: شنگرف کا سفوف کر کے آب ادرک سے کھرل یہاں تک کرتے رہیں کہ آب ادرک ختم ہو جائے۔ حب بقدر رتی بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں میں مقوی باہ و ممسک ہے۔ نیز بلغمی بخار کے لئے بھی مفید

ہے۔

☆☆☆☆☆

حب شنگرفی مقوی باہ

شنگرف ڈلی	جمالگوٹہ	رائی	کچلہ مدبر	آب ادرک
1 تولہ	6 ماشہ	4 تولہ	2 تولہ	8 تولہ

ترکیب تیاری: شنگرف کو پہلے گلیسرین کو چینی کے کپ میں ڈال کر بالوجنتر پکائیں۔ نرم آگ پر تاکہ جوش پیدا نہ ہو دو دن کے بعد گلیسرین خشک ہو جائے گی۔ بعدازاں ڈلی نکال کر پیس کر مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملالیں۔ شہد مناسب ڈال کر گولی بقدر ماش بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب بوقت شب ہمراہ پان کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، دافع قبض، دیگر اعصابی امراض کے لئے مفید ہے۔ دردوں اور کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

صلایہ شنگرف برائے فالج

شنگرف	شیشہ نمک
1 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: پہلے شنگرف کو اچھی طرح کھرل کر کے پھر شیشہ نمک کو پیس کر دونوں کو ملا کر ایک ہفتہ بھر کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ دیں۔ 7 یوم کافی ہے

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ [illegible] مقوی باہ ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ شنگرف مقوی باہ

ھوالشافی: پارہ شنگرف سے نکالا ہوا [illegible] تولہ۔ [illegible] 1 تولہ۔

ترکیب تیاری: [illegible]

مقدار خوراک: ایک چاول [illegible] ہمراہ دودھ 1 کو [illegible]

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ [illegible]

☆☆☆☆☆

سفید کشتہ شنگرف مقوی باہ

دلی شنگرف	[illegible]
1 تولہ	[illegible]

ترکیب تیاری: دلی شنگرف کو [illegible] میں سوراخ کر کے داخل کریں۔

بعد ازاں اسی کے برادہ سے بند کر کے خربوزہ کو گل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ بہترین کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر محفوظ کر لیں۔ کشتہ کا رنگ سفید ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ دودھ یا پانی سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک باہ و ممسک ہے۔ اس کے علاوہ اعصابی تحریک کی علامات مرض میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات عشبہ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

شربت مصفی خون

عشبہ شاہترہ	منڈی بوٹی	افسنتین	بسفائج	عناب	چینی
5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	سوا دو کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے رات کو پانی اتنے میں بھگو دیں کہ ادویہ ڈوب جائیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے پر چھان کر چینی ملا کر شربت کا قوام بنا کر ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ تک ہمراہ پانی ملا کر دن میں تین بار دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مصفی خون، خارش اس کے علاوہ جلدی امراض کی ہر علامت کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

عرق مصفی خون

عشبہ ولایتی	منڈ بوٹی	سرپھوکہ	شاہترہ
5تولہ	5تولہ	10تولہ	20تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا حسب دستور تین بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: 5تولہ عرق روزانہ پلائیں صبح وشام۔ روغن گاؤ کثرت سے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ آتشک جزام، فساد خون، برص، پھوڑا، پھنسی، خارش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات عقیق۔مزاج عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

کشتہ عقیق مقوی قلب

عقیق	برہمی بوٹی (گھوڑسم)
1تولہ	1/2پاؤ

ترکیب تیاری: برہمی بوٹی تازہ کے نغدہ میں دے کرگل حکمت کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر ایک آگ میں نہ ہو تو دوسری آگ میں ہو جائے گا۔ پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ بھولی بسری باتیں یاد دلاتا ہے۔ مزاج باردہ کی ہر علامت مرض کیلئے مفید ہے۔

سفوف عقیق نزف الدم

عقیق	عرق گلاب	عرق بیدمشک	طباشیر
1تولہ	حسب ضرورت	حسب ضرورت	3تولہ
دانہ الائچی	دم الخوین	کتیرا	
3تولہ	3تالہ	3تولہ	

ترکیب تیاری: عقیق کو کوٹ کر سفوف بنا کر عرق گلاب میں 12 گھنٹے کھرل کریں۔ بعدازاں عرق بیدمشک میں 12 گھنٹے کھرل کریں۔ بعدازاں خشک ہونے پر مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر عقیق کو ایک تا2 گھنٹے خوب کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲رتی سے ۴رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ تکسیر، ہر قسم کے جریان خون، لیکوریا، مذی کے لئے مفید ہے۔ گھبراہٹ دل، گرمی جگر کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ عقیق مقوی قلب

عقیق	کنول کٹہ	نیلوفر	پھلی ببول
1تولہ	4ماشہ	4ماشہ	4ماشہ

نوٹ! اگر مذکورہ ادویہ تازہ دستیاب نہ ہوں تو مذکورہ ادویہ کو پانی کی نمی لگا کر نغدہ بنا کر عقیق درمیان میں دے کرگل حکمت کر کے 20 کلو جنگلی لکڑیوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ۲رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک قلب، محلل اعصاب،، مسکن غدد ہے۔ مقوی قلب، تسکین جگر ہے۔ استحاضہ، لیکوریا، جریان، مذی، سرعت کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات عناب۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

جوشاندہ کھانسی

عناب	انجیر	خوب کلاں	گل بنفشہ
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کرکے ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر پُن کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک کپ صبح، دوپہر، شام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ نزلہ، بلغمی کھانسی، خسرہ، چیچک، لاکڑا کاکڑا کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت مصفین (عناب)

عناب	شاہترہ	چرائتہ	منڈی بوٹی	افسنتین
3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ
تخم پاپڑی	ہلیلہ زرد	ہلیلہ سیاہ	برگ نم	گلو سبز
3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ

گل نیلوفر	برگ گاؤزبان	گل سرخ ایرانی	صندل سفید	صندل سرخ
3تولہ	2تولہ	2تولہ	1تولہ	1تولہ
سرپھوکہ	برگ حنا	کشنیز		
3تولہ	2تولہ	2تولہ		

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ بختہ کرکے پانی چار کلو میں بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر چینی حسب ضرورت ملا کر شربت کے قوام کے مطابق بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

فوائد: تر خشک خارش، کھجلی، خون کے گاڑھے پن کے لئے، ہیپاٹائٹس بی اور سی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت مصفی خون

عناب	افسنتین	چرائتہ	شاہترہ	بسفائج	چینی
20عدد	2تولہ	3تولے	5تولہ	3تولہ	3پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کرکے پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر پن کر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: 5تولہ صبح و شام پانی میں ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ خارش فساد خون، نزلہ زکام اعصابی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت مرکب مصفی خون

عناب	شاہترہ	منڈی بوٹی	چرائتہ	سرپھوکہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
بلیلہ سیاہ	صندل سفید	پوست نم	برگ نم	
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	
ہربمڈنڈی	نیل کنٹھی	برگ شیشم	برگ حنا	
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر پُن کر چینی ڈیڑھ کلو ملا کر شربت کا قوام بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲تولہ تا ۴تولہ ہمراہ عرق شاہترہ دیں۔

افعال واثرات: میں مصفی خون ہے۔ ہر قسم کی جلدی امراض کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات عنبر۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب عنبر۔ مقوی اعضائے رئیسہ مقوی قلب

عنبر	جدوار خطائی	زعفران

درج بالا اشیا ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے ایک سٹیل کی پلیٹ آگ پر گرم کر کے چولہے سے نیچے اتار کر رکھیں اس پر زعفران ڈال دیں۔ زعفران سوختہ ہو جائے گا آسانی سے پس جائیگا اسے پیس

کر مذکورہ ادویہ میں ملا کر خوب کھرل کریں۔

نوٹ! عنبر کو بھی نرم آگ پر سوختہ کر کے پیس لیں جدوار کو الگ پیس کر اب سب ادویہ کو ملا لیں۔ شہد حسب ضرورت ڈال کر حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔ تھوڑا سا اس مرکب میں زیتون کا تیل بھی ڈال دیں۔ تاکہ آسانی کے ساتھ گولیاں بن سکیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

مقوی باہ، مقوی قلب، واعضاء رئیسہ ہے بندش شریان کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب عنبری مقوی باہ و ممسک

عنبر	ریگ ماہی	زعفران	عقرقرحا
3ماشہ	1تولہ	6ماشہ	1تولہ
جڑپان	اذراقی مدبر	افیون	
1تولہ	6ماشہ	3ماشہ	

ترکیب تیاری: ہر ایک ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر رکھیں۔ بعد ازاں سب کو یک جان کر کے گولیاں بقدر مرچ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب رات کو ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

مقوی باہ وممسک ہے۔ مقوی اعصاب، نمونیہ، ریحی دردوں کیلئے بھی مفید ہے

☆☆☆☆☆

مرکبات عود صلیب۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مرگی

عود صلیب۔ حسب ضرورت

ترکیب تیاری: عود صلیب کو کوٹ کر باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی بوقت صبح خمیرہ گاؤزبان چائے والی چمچ کے ساتھ دیں۔ ہمراہ عرق گاؤزبان و عرق گلاب۔

نوٹ! عرق گاؤزبان 1 بوتل۔ عرق گلاب 2 بوتل۔ کو باہم ملا کر محفوظ کرلیں۔ صبح و شام نصف کپ پلائیں۔ اس ترتیب سے مریض مرگی کو ایک ماہ تک تسلسل سے علاج جاری رکھیں۔ بفضل اللہ تعالیٰ مریض کو صحت کلی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

حب عود صلیب برائے اختناق الرحم

عودصلیب	جند بیدستر	ہینگ	زعفران	جدوار خطائی
6ماشہ	2ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مقوی غدد ہے۔ اختناق الرحم و بندش حیض ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مرگی

عودصلیب	دارچینی	حنظل	جدوار خطائی
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ
جند بیدستر	فلفل دراز	اسگندھ ناگوری	
6ماشے	6ماشے	6ماشے	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام بوقت مناسبہ سے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ اختناق الرحم، مرگی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات غاریقون۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب قبض کشائی

غاریقون	مصبر	حنظل	رائی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر آپس میں اچھی طرح ملالیں گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

قبض کشائی کے لئے مفید ہے۔اعصابی تحریک کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کچلہ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

کچلہ کو قابل استعمال بنانے کی آسان ترکیب:

ایک لوہے کی کڑاہی میں 1/2 کلو ریٹ ڈال کر آگ پر گرم کریں جب تیز گرم ہو جائے تو ایک پاؤ کچلہ ثابت ڈال کر کڑچھی سے ہلاتے رہیں جب کچلے پھول کر بتاشے کی مانند ہو جائیں تو دھواں نکلنے لگے تو فوراً نیچے اتار لیں۔اور باریک مثل سرمہ کر کے محفوظ کر لیں۔یہی کشتہ کچلہ ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی خاص،مقوی باہ

کچلہ مدبر	مرچ سرخ	رائی	فولاد	سم الفار
3تولہ	12تولہ	12تولہ	4تولہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو باریک کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح،دوپہر شام ہمراہ آب دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات،محلل اعصاب،مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ،تریاق ہیضہ ہے۔تین چار خوراک ہی میں افاقہ ہو جاتا ہے۔ٹھنڈے جسم کو فوراً گرم کرتا ہے۔لقوہ،فالج عصبی ریاحی،دردیں،قے،دمہ کشی اعصابی ایسے مریض جو بولنا بند ہو گئے ہیں ان کے تریاق ہے۔اس کا زبان پر ملنا اور کھلانا مفید ہے۔اعصابی شوگر کے لئے بھی مفید ہے۔

حب اذاراقی وجع المفاصل

اذراقی مدبر	سنڈھ	دارچینی	فلفل سیاہ
1تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ
سہاگہ	فلفل دراز	اسگندناگوری	
2تولہ	2تولہ	2تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح،دوپہر،شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد،محلل عضلات،ومسکن اعصاب ہے۔ ریحی دردوں،وجع المفاصل،عرق النساء،دائیں طرف کیلئے مفید ہے۔مقوی باہ بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب اذراقی مرکب برائے فالج

اذراقی مدبر	زعفران	سلاجیت	کشتہ فولاد	فلفل سیاہ
2تولہ	1تولہ	2تولہ	4تولہ	4تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ فالج،لقوہ،وجع المفاصل،مقوی باہ ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کریر ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف محلل اعظم

پوست کریر	رائی	تخم مولی	گوگل	اشق

درج بالا اشیاء ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴رتی سے ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ عظم طحال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کریلا ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے شوگر

سونف	چھلکا اسپغول	آب کریلا تازہ	چنے سیاہ
1 پاؤ	1 پاؤ	1 کلو	1 پاؤ

ترکیب تیاری: سونف کا سفوف بنا کر چھلکا اسپغول ملا دیں۔ بعدازاں آب کریلا ملا دیں سایہ میں خشک کریں۔ بعدازاں 500 ملی گرام کیپسول میں بھر کر محفوظ کرلیں۔ یا حب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں شوگر اعصابی اور غدی کے لئے مفید ہے۔ ایک ماہ کی

مسلسل کھانے سے شوگر نارمل ہو جاتی ہے۔ پھر کبھی کبھی کھالیا کریں۔ اس کے ساتھ چینی یا میٹھے میوہ جات ضرور کھائیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف کریلا برائے شوگر

پوست کریلا خشک	مغز تخم جامن	باچھڑ
3 تولہ	3 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال واثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ اعصابی شوگر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کشمش ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے مقوی بدن

کشمش	بادام گری
20 عدد	7 عدد

ترکیب تیاری: بادام گری کو کوٹ کر کشمش میں ملا دیں۔

یہ ایک خوراک روزانہ منہ نہار ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں مولد خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ اگر حاملہ اسے تسلسل کے ساتھ بچہ پیدا ہونے تک استعمال کریں تو بچہ صحت مند و توانا پیدا ہوگا۔ زچہ کی بھی صحت بہتر سے

بہتر ہوگی۔ یہ نسخہ میرا ذاتی مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کلونجی۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے شوگر

کلونجی	تمہ بغیر بیج	تخم سرس	گوند کیکر

جملہ تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

اعصابی شوگر کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے شوگر

تخم میتھرے	کلونجی	تارامیرا	ہالوں

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴رتی سے ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: مین محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

اعصابی شوگر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے دم کشی

کلونجی	چھوٹی چندن	سومکلپا
6ماشہ	3ماشہ	5تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا۲ حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: دمہ، غدی اور اعصابی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے عرق استسقاء

افسنتین	کلونجی	سربھوکہ	پودینہ خشک	برنجاسف
3ماشہ	2ماشہ	3ماشہ	9ماشہ	9ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ بخنہ کر کے پانی 1 کلو میں ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی 1 پاؤ رہ جانے پر ٹھنڈا کر کے ادویہ کو خوب مسلیں اور پھر دو کپ عرق مکوہ اور ایک کپ عرق کاسنی ڈال دیں، دوائیں اس میں پڑی رہیں۔

مقدار خوراک: یہ عرق تین حصہ کر کے صبح، دوپہر، شام پلائیں۔ اسی طرح ہر روز نئی دوائیں ڈال کر کریں۔ یہ عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔

فوائد: تلی کے بڑھنے اور پیٹ میں پانی پڑنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کمیلا۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب برائے کدو دانے

کمیلہ	باؤبڑنگ	ریونت	نرکچور
3 ماشہ	1 ماشہ	1/2 ماشہ	1 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔ یہ ایک خوراک ہے وقت میں ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ کدو دانے کے لئے بھی مفید ہے۔

ضماد برائے گنج پن

کمیلہ	مردا سنگ	نیلا تھوتھا	مغز بادام سوختہ	برگ حنا	فلفل سیاہ
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: سرکہ انگوری حسب ضرورت۔ تمام اجزاء کو مثل غبار بنا کر سرکہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ مرہم بن جائے گی اس میں قدرے روغن گل ملا لیں۔

ترکیب استعمال: اول سر کو استرے سے منڈوائیں پھر اس پر دوائی لگائیں۔

افعال و اخواص: بالخصوص گنج پن میں مفید ہے۔ 7 یوم میں بال اُگنے شروع ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کپاس۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

شربت مفید النساء برائے مدر حیض

کپاس کی خشک ڈوڈی	بندال ڈوڈہ (گھگہ ویل)	مجیٹھ	سوئے
5 تولہ	1 تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ
اجوائن دیسی	میتھے	چینی	
اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	1 کلو	

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوفتہ بختہ کر کے ڈیڑھ کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ پھر نرم آگ پر گرم کریں جب پانی نصف رہ جانے پر چھن کر چینی ملا کر شربت کے قوام کے مطابق بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 5 تولہ دن میں تین بار ہمراہ پانی دیں۔ یا حسب ضرورت گھی میں تڑکا لگا کر پی لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مدر حیض میں اکسیر ہے۔ بانجھ پن کی وجہ سے محرومی اولاد کی نعمت سے مالا مال کرتا ہے۔

نوٹ! حیض شروع ہونے سے پہلے ایک دو دن شروع کرا دیں۔ حاملہ کو ہرگز نہ دیں اسقاط حمل ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کندر۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب کندر برائے ام الصبیان

کندر	جند بدستر	ربوند عصارہ
3ماشہ	3ماشہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ کرلیں ہمراہ عرق بادیان حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب حسب عمر شیر مادر یا آب تازہ میں حل کر کے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ ام الصبیان (پسلی چلنا)، کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کے علاوہ محرک باہ بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف کندر برائے سلسل بول

کندر	مصطگی رومی	سعد کوفی	کنجد سیاہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	3تولہ
سنگھاڑہ خشک	نخود بریاں	شکر سرخ	
3تولہ	3تولہ	5تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے 6 ماشہ ہمراہ پانی دیں یا قہوہ لونگ، دارچینی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

سلسل بول، بول فی الفراش، ضعف مثانہ، کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف حابس البول

کندر	گوند کیکر	جفت بلوط	گل ارمنی	گل انار
3تولہ	ڈیڑھ تولہ	3تولہ	ڈیڑھ تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ سلسل بول، بول بستری کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب سلسل بول

کندر	سعد کوفی	جاوتری	گڑ سیاہ کہنہ
2ماشے	2ماشے	1ماشہ	6ماشہ

سب ادویہ کو پیس کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ سلسل البول، بول فی الفراش، ضعف مثانہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اکسیر شوگر

کندر	مغز جامن	طباشیر کبود	الائچی خورد
4ماشہ	4ماشہ	4ماشہ	4ماشہ
کشتہ بیضہ مرغ	کشتہ فولاد	ورق نقرہ	
4ماشہ	4ماشہ	1دفتری	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملا کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ آب جامن سے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ شوگر اعصابی کے لئے مفید ہے اس کے علاوہ سلسل بول کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات کیچوے خراطین۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف خراطین

کیچوے مصفا	آب تلسی یا نیازبو
حسب ضرورت	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: کیچوے کو مصفا کرنے کی ترکیب۔ کیچوے، چھاچھ نمکین (لسی) میں ڈال دیں۔ کیچوے مصفا ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ان کو خشک کر کے سفوف بنا کر آب تلسی یا آب نیازبو میں اچھی طرح کھرل کر کے قرص بنا کر خشک ہونے کے بعد 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ۲رتی ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کمی انتشار، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

طلا معظم قضیب

خراطین مصفا	بھیڑ کا دودھ
3تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: خراطین کا سفوف بنا کر پھر بھیڑ کا دودھ تھوڑا تھوڑا کر کے کھرل کریں جب دودھ خشک ہو جائے تو دودھ اور ڈال دیں اس طرح ۳،۴ گھنٹے کھرل کرتے رہیں بس طلا معظم قضیب تیار ہے۔ محفوظ کرلیں۔

مواقع استعمال: پہلے قضیب کو اچھی طرح صابن سے دھو کر دیسی کپڑا سے خوب رگڑیں کہ قضیب کی جلد سرخ ہو جانے پر رات کو لیپ کر دیں۔ چوبیس گھنٹے لیپ لگا رہے ایک دن کا وقفہ دے کر پھر لیپ کریں۔ اس طرح یہ عمل دو، تین ہفتے جاری رکھیں۔ انشاء اللہ عضو ایک، دو، انگل بڑھ جائے گا سخت بھی ہوگا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گندہ بیروزہ

مرہم برائے آتشک

زنگار، تانبہ	گندہ بیروزہ	چربی	موم سفید	روغن کنجد

روغن کنجد کے علاوہ تمام ادویہ ایک وزن کے برابر لیں اور روغن کنجد سب ادویہ کے

برابر لیں۔

ترکیب تیاری: اول، موم اور چربی کو پگھلا کر بوقت ضرورت آتشک کے زخموں پر لگائیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے اندر زخم مندمل ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

سفوف افزائش کرم تولید

خراطین مصفا	اجوائن خراسانی	کشتہ چاندی	کشتہ قلعی
5 تولہ	5 تولہ	3 ماشہ	3 ماشہ
کشتہ سکہ	مازو سبز	بیر بوٹی	
3 ماشہ	1 تولہ	16 عدد	

ترکیب تیاری: کل ادویہ باریک کر کے سفوف بنائیں پھر اس قدر پرانا گڑ ملائیں کہ حبوب بننے کے قابل ہو جائیں۔ حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کرم تولید کی افزائش بڑھانے، کرم کمزور کو طاقت ور کرنے، صفر کرم تولید پیدا ہو جاتے ہیں۔ قوت مردی کی کمزوری، سرعت انزال، کے لئے مفید ہے۔ بے اولاد کو صاحب اولاد کرتا ہے۔ وہ خواتین جو لڑکیاں ہی لڑکیاں جنتی ہیں اگر وہ بھی استعمال کریں تو اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

نوٹ! اگر صرف خراطین خشک مصفا سفوف بنا کر دونوں وقت سالن پر چھڑک کر 3 ماشہ کی مقدار میں روزانہ کھائیں تو چالیس دن استعمال سے منی کثرت سے پیدا ہوتی ہے اور مردہ کرم تولید طاقت ور پیدا ہو جاتے ہیں۔ اگر کرم نہ ہوں تو پیدا ہو جاتے ہیں جس سے ہر قسم کی کمزوری

دور ہو کر صاحب اولاد ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

طلاء برائے گنج

خراطین	سرسوں کا تیل

جملہ اشیاء حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: خراطین کو جلا کر راکھ بنا کر تیل میں ملا کر سر پر لگائیں۔ بال پیدا ہو جائیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف مقوی باہ

خراطین خشک مصفی	ثعلب مصری	بیر بوٹی	دار چینی
3 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	1 تولہ
جائفل مغز	جلوتری	زعفران	
1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کھرل کر کے سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے ایک ماشہ۔ صبح وشام ہمراہ پانی یا 1/2 پاؤ سرغن حلوہ میں لپیٹ کر کھلائیں اوپر سے 1 کلو دودھ پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ جریان، لیکوریا، سلسل بول کے لئے بھی مفید ہے۔

مرہم بیروزہ

بیروزہ	زنگار تانبہ	رال سفید	توتیا اخضر
1 پاؤ	1 تولہ	5 تولہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے بیروزہ کو گرم پانی سے سو بار دھوئیں تاکہ مصفا ہو جائے۔ بعد ازاں مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر بیروزہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ مرہم تیار ہو جائے گی پھر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: پہلے زخموں کو برگ نم پانی میں جوش دے کر پُن کر دھوئیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بہنے والی رطوبت اور بدبودار زخم، جلدی زخم کو بھرنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گوشت کبوتر۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

گوشت کبوتر حسب ضرورت پکا کر کھانے سے لقوہ اعصابی تحریک سے جو لاحق ہو جاتا ہے۔ اس کا گوشت بھون کر کھانے سے دور ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ ہیرا مدبر یعنی پسک برائے دمہ

ترکیب تیاری: کشتہ ہیرا جو کسی بھی تدبیر سے پسک ہو تقریباً ایک رتی دوائی لے کر جنگلی کبوتر ایک عدد کو اندر سے پیٹ چاک کر کے غلاظت سے صاف کر کے بمعہ گوشت پوست پر میں ہیرا کھڑ پیک کو رکھ کر سلائی کر کے مٹی کے برتن میں ڈال کر گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر سب کو پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے نصف چاول حسب عمر کے لحاظ سے کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ ہمراہ مکھن یا بالائی روزانہ ایک مرتبہ دیں۔ سات یوم کافی ہوگا۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ دمہ کشی اعصابی، عضلاتی اعصابی، مقوی باہ، فالج، لقوہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گوگل۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب دافع عظم طحال

مقل ارزق مصفا	ست لیموں	تنکار خام	نوشادر	خردل	مصبر
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: مقل کو بریاں کر لیں۔ بعد ازاں سفوف بنا کر مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر آب افتیمون سبز ملا کر 12 گھنٹے کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ صبح، دوپہر، شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ عظم طحال، عظم جگر، دیگر اعصابی اور عضلاتی اعصابی تحریکات کی علامات کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن مقل برائے قرح احلیل

مقل ارزق مصفا	رال سفید	موم سفید خالص	گندہ بیروزہ
5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر گولی بندر کنار دشتی بنا کر خشک ہونے

پر معروف طریقہ کے مطابق پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال: 2 بوند روغن کو بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں اوپر سے عرق بادیان 5 تولہ پلائیں۔ صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ سوزاک کی وجہ سے احلیل میں زخم ہونے کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ دیگر طلاء کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقل برائے سوزش جگر

گوگل مصفا	خرما
5تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: خرما کا تغدہ بنا کر مقل درمیان میں رکھ کر اوپر آٹا لیپ کر سمپٹ کر کے 5 کلو کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ صبح وشام، عرق مکو، عرق کاسنی ملا کر ایک کپ استعمال کرائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد و محلل عضلات، مسکن ومقوی اعصاب ہے۔ سوزش جگر، ریحی دردوں، وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مقل برائے وجع المفاصل

گوگل مصفا	ارزاقی مدبر	جلوتری	سنڈھ	فلفل سیاہ	لونگ	شہد
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	15تولہ

ترکیب تیاری: گوگل کے سوا باقی مذکورہ ادویہ کو پہلے آب گھیکوار سے ایک دن کھرل کریں پھر آب ادرک سے ایک دن کھرل کریں بعد ازاں گوگل سوختہ کر کے سفوف بنا کر مذکورہ سفوف میں ملا کر شہد ملا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ وجع المفاصل، عرق النساء، نقرسی دردوں کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

ضماد برائے درد

مقل ارزق	تخم ترب	توتیا اخضر
1تولہ	1تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: اجزاء کو پیس کر آب ترب میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: دوائی آب ترب یا پانی کے ساتھ گھس کر مقام درد پر لگائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گھونگچی

مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے ضبط تولید

گھونگچی سفید	شیر گاؤ
1 عدد	نصف کلو

ترکیب استعمال: گھونگچی سفید کو پیس کر کیپسول میں بھر کر ہمراہ دودھ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

ہفتہ میں صرف ایک بار کھلائیں حیض سے پاک ہونے کے بعد اسی طرح ہر ہفتہ کے بعد ۳ تا ۴ بار کھلائیں۔ ایک سال تک حمل نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

دوائے ضبط تولید

گھونگچی سرخ	تخم بادیجان دشتی	حب النیل	تخم کاکنج
3 ماشہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
مروارید ناسفتہ	طباشیر کبود	تخم اجوائن	بیخ ستیاناسی
پانچ ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	4 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

اس سے ۲ ہفتہ کھانے سے ایک سال تک حمل نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات گھیگوار۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب شری

لعاب گھیگوار	نمک لاہور	موم خالص
2 تولہ	1 تولہ	3 تولہ

ترکیب تیاری: ادویہ کو کوٹ کر ہمراہ لعاب گھیگوار کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح وشام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے تپ دق

گودا گھیگوار	سفید پھٹکڑی	شنگرف
20 تولہ	10 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: ہر دو اشیاء کو پیس کر گودا گھیگوار میں خوب کھرل کر کے آہنی کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں راکھ ہونے پر اتار لیں اور پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی سے 3 رتی ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

تپ دق اور کہنہ سے کہنہ بخار کے لئے مفید ہے۔

حلوہ گھیگوار برائے کمر درد

کوار گھیگوار	شیرگاؤ	خرما	پستہ
1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	1/2 پاؤ
مغز چلغوزہ	سفید مرچ	سورنجان شیریں	الائچی کلاں
1/2 پاؤ	2 تولہ	5 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: 1 کلو چینی لے کر حسب دستور حلوہ بنالیں۔

مقدار خوراک: 2 تولہ تا 5 تولہ روزانہ کھلائیں۔

افعال و اثرات: غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد، محلل عضلات، مسکن اعصاب ہے۔ وجع المفاصل عضلاتی، کمر درد، نقرس، عرق النساء، وجع القطن میں مفید ہے۔

نوٹ! گھیگوار میں ہر دھات کا کشتہ ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لاکھ مغسول ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

معجون مھزل (برائے موٹاپا)

لاکھ مغسول	ہڑ سیاہ	اجوائن خراسانی

درج بالا تینوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر سہ گنا شہد ملا کر معجون بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: پہلے ہفتہ منہ نہار چنے کے برابر ہمراہ پانی دیں۔ دوسرے ہفتہ

منہ نہار چائے والی چمچ دیں۔ اسی طرح ہر ہفتہ مقدار خوراک بڑھاتے جائیں۔ یہاں تک مقدار خوراک ایک تولہ تک ہو جائے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ اعصابی موٹاپا اور غدی موٹاپا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لونگ ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

برائے خشک کھانسی

لونگ	چینی
1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں باہم ملا کر کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی منہ میں ڈال کر چوسیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

خشک کھانسی کے لئے بھی مفید ہے۔ اسی وقت چوسنے سے آرام آ جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن برائے زخم کے نشان مٹانے کیلئے

لونگ	گندھک آملہ سار	روغن کنجد
1 تولہ	10 گرام	1 کلو

ترکیب تیاری: روغن کنجد میں گندھک کو ایک کر کے ملا کر نرم آگ پر پکائیں

کسی آہنی سلاخ سے ہلاتے رہیں یہاں تک کہ تیل میں گندھک حل ہو جائے نیچے اتار کر لونگ کا سفوف بنا کر تیل میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔ چند یوم لگانے سے زخم کا نشان مٹ جائے گا۔ (نوٹ! تازہ زخم کے نشان مٹانے کے لئے مفید ہے)

☆☆☆☆☆

سفوف برائے اسہال

لونگ حسب ضرورت لے لیں۔

ترکیب تیاری: لونگ کو سوختہ کر کے پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے دو رتی حسب عمر بچوں کو دیں۔ ہمراہ بوتل فانٹا/ مرنڈا/ یا ٹینگ بازاری لے کر چینی سے میٹھا کر کے دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ اسہال، قے کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف نمونیہ اطفال

لونگ	مصبر	سوہاگہ بریاں
6ماشہ	6ماشہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲رتی تا ۴رتی ہمراہ شیر مادر میں ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

نمونیہ کے لئے بچوں کو مقدار خوراک دے کر لحاف میں لپیٹ دیں۔ 1/2 گھنٹہ تک رکھیں تا کہ جسم گرم ہو جائے ایک ہی خوراک سے آرام آ جائے گا۔ ضرورت کے پیش نظر دوسری خوراک بھی دے سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

روغن اوجاع ۔ برائے وجع المفاصل

لونگ	دارچینی	لہسن	پیاز	پوست بیخ بیدانجیر
6ماشہ	1تولہ	2تولہ	2تولہ	5تولہ
	سنڈھ	اسپند	روغن کنجد	زردی بیضہ مرغ
	1تولہ	1تولہ	20تولہ	2عدد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے نصف کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش یہاں تک دیں کہ پانی 1 پاؤ رہ جائے۔ پھر پُن کر روغن کنجد میں ملا کر نرم آگ پر پکائیں کہ پانی جل جائے تیل رہ جانے پر زردی بیضہ مرغ جلائیں آگ سے اتار کر سرد کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ وجع المفاصل، پٹھوں کے تشنج کے لئے مفید ہے۔ یہ روغن مقوی باہ بھی ہے چند بوند دودھ میں ملا کر دیں۔

☆☆☆☆☆

حب مقوی اعصاب

لونگ	کچلہ	فلفل دراز	چھوہارے
اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو کھرل کر کے حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام بعد از غذا ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، مقوی اعصاب فالج، لقوہ، رعشہ وجع المفاصل، گنٹھیا کے لئے مفید ہے۔ خاص کر اعصابی امراض میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات لہسن۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب دافع اختناق الرحم

لہسن مقشر	ہنگ خالص	ست پودینہ	نمک سیاہ
۲تولہ	۲تولہ	۱تولہ	۳تولہ
نوشادر	سنڈھ	سہاگہ بریاں	آب پیاز
۳تولہ	۴تولہ	۲تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: پہلے دونوں اشیاء کو پیس لیں پھر باقی مذکورہ اشیاء کو پیس کر ملا کر آب پیاز میں ۴یوم کھرل کر کے حبوب بقدر ۲رتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲حب ہمراہ آب یا عرق بادیان صبح وشام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد، محلل عضلات، مسکن اعصاب ہے۔ اختناق

الرحم، باؤ گولہ، بندش حیض کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مال کنگنی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب برائے مقوی باہ

مال کنگنی	پوست خشخاش
4تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: اول پوست خشخاش کو رات پانی 1 کلو میں بھگو کر صبح جوش دیں کہ پانی ایک پاؤ رہنے پر آگ سے اتار کر مل چھان کر اس جوشاندہ کو دوبارہ آگ پر رکھیں تا کہ قوام غلیظ ہو جائے پھر مال کنگنی کا سفوف بنا کر ملا لیں۔ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: مقدار خوراک ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم چائے صبح وشام کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ وممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن مال کنگنی برائے مقوی باہ

(ا) روغن مال کنگنی نکالنے کی ترکیب: ایک ہانڈی میں نصف تک پانی بھر دیں۔ منہ پر باریک اور مضبوط کپڑا باندھ دیں۔ پھر مالکنگنی پسی ہوئی ہانڈی کے منہ پر لپٹے ہوئے کپڑے پر اتنی ڈالیں کہ وہ آسانی سے کپڑے پر رہ سکے پھر ہانڈی کے نیچے آگ جلائیں۔ جب مال کنگنی کا سفوف گیلا ہو جائے تو اسے اسی کپڑے میں نچوڑیں جس پر وہ رکھی ہوئی ہے۔ انشاء اللہ بہترین تیل نکلے

گا۔ یہ عمل دو تین بار کرنے سے تیل نکل آئے گا۔

۲) لوہے کے ایک مضبوط پترے میں سوراخ کریں اس پر بغیر پسی ہوئی اتنی مال کنگنی ڈالیں کہ وہ کسی دوسرے پترے سے دبائی جا سکے۔ اب اس چھلنی کو کسی سٹینڈ پر رکھ دیں اور نیچے پیالہ رکھ دیں تا کہ اس میں تیل پڑ سکے۔ اب مال کنگنی پر ایک پترا رکھ کر اس پر کوئلے جلائیں جوں ہی مال کنگنی پر حرارت کا اثر ہوگا فوراً روغن نکل کر نیچے گرنا شروع ہو جائے گا۔ اگر کسی سلاخ سے کوئلوں والی پلیٹ کو ذرا سا دبا دیں تو اور بھی جلدی تیل نکل آئے گا۔ یہ مال کنگنی کا خالص تیل ہوگا اس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہیں ہوگی۔

مقدار خوراک: چند بوند دودھ میں ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ، دادو چنبل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مصبر۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے موٹاپا

حوالشافی:	مصبر	رسونت	کندر	ریوندعصارہ

درج بالا ادویات ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔ مذکورہ بالا پاؤڈر سے 1 چھٹانک لے کر 3 پاؤ پانی میں یہاں تک پکائیں کہ پانی ایک پاؤ رہ جانے پر چینی 3 پاؤ ملا کر شربت کے قوام کے مطابق بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ٹیبل سپون صبح، دوپہر، شام دیں۔

فوائد: موٹاپے کے لئے بہترین دوا ہے۔

نوٹ! اگر موشن زیادہ آنے لگیں تو دوا کے وزن میں کمی کر دیں۔ مگر دوا کو جاری رکھیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف مھزل (موٹاپا)

تخم تمہ	مصبر	سنڈھ	نمک سیاہ	مغز بادام
فلفل سیاہ	مگاں	سورنجان تلخ	ہلیلہ زرد	سورنجان شیریں

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: (نوٹ) تمہ کے اندر کا گودا بغیر بیج کے استعمال کرنا ہے۔ جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے دو ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد، محلل عضلات، مسکن اعصاب ہے۔ عضلاتی اور غدی عضلاتی، موٹاپا کے لئے مفید ہے۔ وجع المفاصل اور نقرسی دردوں کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مجیٹھ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف عرق النساء

مجیٹھ۔ حسب ضرورت

ترکیب تیاری: مجیٹھ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: رتی سے 1 ماشہ ہمراہ شہد یا سرکہ میں ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ عرق النساء کو فی الفور درد سے نجات دلاتا ہے۔

مجیٹھ (اُبٹن برائے چہرہ)

مجیٹھ	لودھ پٹھانی	ریش برگد	برگ برگد
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
ہلدی	برگ چنبیلی	عود خام	روغن چنبیلی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	16تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر (بمثل سرمہ) پھر روغن چنبیلی ملا کر کھرل کر کے محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت چہرہ پر لگایا کریں۔ صبح کو چہرہ نیم گرم پانی سے دھولیا کریں۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ چہرہ کے سیاہ داغ دھبے، چھائیاں کے لئے مفید ہے۔ مصنوعی کریموں سے بہتر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مریضہ کی تشخیص کر کے دوائی بھی ضرور کھلائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مرداسنگ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

خضاب برائے بال سیاہ

مرداسنگ۔ ان بجھ چونا۔ گل ملتانی۔ ہم وزن

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر پانی ملا کر لیپ بنالیں۔

ترکیب استعمال: بالوں پر لیپ کر کے پھر برگ ارنڈ باندھ دیں۔ زیادہ سے زیادہ وقت صرف تین گھنٹہ کے بعد بالوں کو صاف پانی سے دھو ڈالیں۔ زیادہ دیر لگا رہنے سے بال

گرنے کا خطرہ ہے۔ چونکہ ان بجھ چونا بالوں کو گراتا ہے۔ اس لئے احتیاط ضروری ہے۔

فوائد: بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے مفید ہے۔ اس کے بعد بالوں کو تیل سرسوں سے لگائیں۔

☆☆☆☆☆

مرہم آتشک

مرداسنگ	زنگار	رال	گندہ بیروزہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
سندھور	روغن کنجد	موم سفید	
6ماشہ	10تولہ	2تولہ	

ترکیب تیاری: روغن کو آگ پر گرم کریں۔ اچھی طرح جوش آنے پر پہلے کر موم اور بیروزہ حل کریں۔ بعد ازاں باقی مذکورہ اشیاء کا سفوف ڈال دیں پھر کھرل خوب کریں کہ مرہم بن جائے۔

ترکیب استعمال: اول مقام ماؤف کو حقہ کے پانی سے دھوئیں پھر مرہم لگائیں۔

فوائد: زخم آتشک کے لئے مفید ہے۔ آتشک، خارش، چنبل کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم قروح

مرداسنگ	سنگجراحت	شب یمانی	سندھور
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ
خرمہرہ زرد	فوفل	نیلا تھوتھا	

1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال: مذکورہ سفوف ایک ماشہ ویزلین 5 تولہ میں ملا کر زخم پر لگائیں پھایہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ گلے سڑے خراب قسم کے زخموں، آتشک، ناسور خواہ کتنا ہی پیچیدہ زخم ہو چند دن میں مندمل ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مرمکی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

حب مرمکی برائے بانجھ پن

مرمکی	نوشادر

دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر ایک رتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ آب تازہ دوران حیض کھلائیں اور بعد از فراغت حیض جماع میں مشغول ہوں۔

افعال و اثرات: میں معین حمل اور دافع بانجھ پن ہے۔

☆☆☆☆☆

حب حیض کشا

ہیرا ہنگ	زعفران	مرمکی	مصبر	کشتہ فولاد
6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ کلونجی، بادیان، ہر ایک 2 تولہ، گڑ پرانا ایک چھٹانک، پانی 1 کلو میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔ اس قہوہ کے ساتھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب و مسکن و مقوی غدد ہے۔ حیض کے ادرار کرنے، اور مقوی باہ بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مدر حیض

مرمکی	مصبر زرد	مصطگی رومی	زعفران کشمیری
5تولہ	5تولہ	5تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ چار یوم قبل از وقت حیض کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن مقوی غدد ہے۔ احتباس طمث کے لئے مفید ہے۔ اعصابی اور عضلاتی اعصابی تحریکات کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔ مقوی باہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مرمکی مدر حیض

مرمکی	شورہ قلمی	جوکھار	زعفران	سفید زیرہ
1تولہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کریں۔

افعال و اثرات: مدر حیض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شیاف برائے ادرار حیض

مرمکی	مصبر	تخم حنظل	نوشادر

تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف مثل غبار بنا کر پانی کی مدد سے، 2انچ لمبی، چوتھائی انچ موٹی بتیاں بنالیں۔ ان کا سرا نوکدار پتلا اور دوسرا موٹا ہونا چاہئے۔ بوقت ضرورت بندش حیض کی صورت میں رحم میں وہ شیاف روزانہ رکھوائیں۔ چند دنوں کے اندر حیض جاری ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکبات منڈ بوٹی ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

خیساندہ برائے کنٹھ مالا

منڈی بوٹی 3 تولہ لیں

ترکیب تیاری: منڈی بوٹی کو نیم کوفتہ کر کے پانی ایک گلاس میں رات کو بھگوئیں صبح چھان کر روزانہ ایک ماہ تک تسلسل کے ساتھ پلائیں۔

افعال و اثرات: محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ کنٹھ مالا، گلٹیاں، رسولی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف منڈی بوٹی برائے مقوی بدن

منڈی بوٹی	شہد، گھی
حسب ضرورت	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: منڈی بوٹی کا سفوف بنا کر شہد اور گھی ملا کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک: ۲ماشہ روزانہ ہمراہ پانی کھلائیں۔

افعال و اثرات: محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی بدن، اگر اس کے سفوف کو چالیس دن تک متواتر استعمال میں لایا جائے تو بہت ہی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ یعنی کہ جوانوں جیسی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ نوٹ جب تک اس میں پھل نہ آیا ہو اس پیس کر محفوظ کرلیا جائے تو پھر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اگر اس کا سفوف ایک بوڑھا آدمی ایک سال بھر استعمال کرے تو اسی نوجوان جیسی قوت پیدا ہو جائے گی (قدیم اطباء کرام کا قول ہے)

☆☆☆☆☆

شربت مصفی خون

منڈ بوٹی	شاہترہ	عناب	برگ حنا	برگ نم	گل نیلوفر
3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ	3تولہ	2تولہ
صندل سفید	خس	صندل سرخ	گل سرخ	چینی	
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	ڈیڑھ کلو	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے پانی 3 کلو میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش یہاں تک دیں کہ پانی نصف رہ جائے پر پن کر چینی ملا کر شربت کا قوام بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ تا ۲ چمچ کھانے کے بعد لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ خارش اور مصفی خون کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات منثل۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

روغن برائے گنج

منسل حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: منسل کو پیس کر روغن سرسوں میں ملا کر مرہم سی بنالیں۔

ترکیب استعمال: مقام معاؤف پر لگائیں۔ مقام معاؤف کو پہلے استرے سے مصفا کرلیں۔ پھر مقام معاؤف کو دیسی کپڑے سے خوب رگڑیں کہ جگہ سرخ ہو جائے پھر اس روغن کی مالش کریں۔ چند یوم میں بال اُگ آئیں گے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ خارش، پھوڑے، پھنسی، جوئیں مارنے اور گنج کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے خارش

منسل	غدی عضلاتی مسہل
1 حصہ	20 حصہ

ترکیب تیاری: دونوں کو تیل سرسوں میں حل کر محفوظ کرلیں۔

فوائد: خارش، تر و خشک کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم نارو

هوالشافی:

منثل	زنک آکسائیڈ	گندھک آملہ	ویزلین
1 تولہ	50 گرام	50 گرام	1/2 کلو

ترکیب تیاری: منثل کا علیحدہ سفوف بنائیں اور گندھک کا علیحدہ بنا کر ویزلین میں ملا کر پھر زنک آکسائیڈ ملا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: مقام معاؤف کو پہلے برگ نم پانی میں جوش دے کر دھوئیں پھر مرہم لگائیں۔

فوائد: پاؤں یا ہاتھ کی انگلیوں کے ناخنوں میں ریشہ پڑ جاتا ہے جس کی وجہ سے درد شدید ہوتی ہے۔ اس مرہم کو چند دن لگانے سے درد اور ناخن خود بخود نکل جاتا ہے۔ زخموں کو مصفا کرنے کے لئے یہ مرہم بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات منقیٰ۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے یرقان

منقی	سرکہ
15 عدد	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: منقیٰ کو بیج سے صاف کر کے رات کو سرکہ انگوری دتو کمپنی میں ایک کپ میں بھگو دیں۔ اتنا سرکہ ڈالیں تاکہ منقیٰ ڈوب جائے۔ صبح منہ نہار، منقہ کو کھائیں سات روز کھانا کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں یرقان اسود کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے منقیٰ

(مٹی چھڑانے کے لئے)

انبہ ہلدی	منقیٰ

دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: انبہ ہلدی کو باریک کر کے مٹی کے برتن میں نرم آگ پر بریاں کر لیں۔ آگ سے نیچے اتار کر رکھیں پھر منقیٰ بغیر بیج کے ڈال کر خوب کوٹیں کہ گولی بن جانے کے قابل ہو جائے۔ گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ بخار کے لئے کسی مناسب عرق سے دیں۔ مٹی کھانے والے مریض کو روغن زرد، دودھ گائے میں ڈال کر دیں۔

☆☆☆☆☆

خیساندہ برائے عطاش اطفال

منقیٰ	زرشک شیریں	پودینہ	گل نیلوفر	گاؤزبان	بادیان
7عدد	7ماشے	1ماشے	7ماشے	5ماشے	5ماشے

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے رات کو پانی میں بھگو دیں زلال۔

حاصل کر کے چینی ملا کر پلائیں۔ موسم سرما میں جوش دے کر پلائیں۔ صبح و شام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک اعصاب، محلل غدد و مسکن عضلات ہے۔ بچوں کو بار بار پیاس لگنے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات مین پھل۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف برائے مقوی باہ

مین پھل	سمندر پھل	خولنجاں	الائچی سبز	اجوائن خراسانی	دارچینی
3تولہ	3تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4رتی ہمراہ دودھ وقت شب کھلائیں۔ چند یوم کھلانا کافی ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ مقوی باہ اعصابی کے لئے مفید ہے۔ ممسک بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ناریل دریائی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف برائے عطاش اطفال

ناریل دریائی	الائچی خورد	طباشیر کبود	زہر مہرہ خطائی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی عرق گاؤزبان یا عرق بادیان کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ پیاس اطفال میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب دق الاطفال

ناریل دریائی	دانہ الائچی خورد	زرورد	جل نم تازہ	اسرول
6ماشہ	6ماشہ	10ماشہ	10ماشہ	10ماشہ
کہربا شمعی	طباشیر کبود	زہر مہرہ خطائی	ست گلو	
4ماشہ	4ماشہ	4ماشہ	2ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب آب تازہ یا شیر مادر میں گھس کر بچہ کو کھلائیں۔ صبح و شام دیں۔

افعال و اثرات: میں اعصابی غدی ہے۔ محرک اعصاب، محلل غدد، مسکن عضلات ہے۔ دق الاطفال کے لئے مفید ہے۔ بڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف دق

ناریل دریائی	ہیل خورد	کاکڑا سنگی	زہر مہرہ خطائی
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

فلفل دراز	صدف مروارید ی	ست گلو
1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا دو رتی آب تازہ یا شیر مادر میں گھس کر دیں۔

افعال و اثرات: میں اسہال، سوہضم، قبض، بخار، کھانسی، دق الاطفال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ناگ پھنی۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف مقوی باہ وممسک

ناگ پھنی	سم الفار
1پاؤ	1تولہ

ترکیب تیاری: ناگ پھنی کو کوٹ کر نغدہ بنا کر بیچ میں سم الفار دے کر گل حکمت کر کے اڑھائی کلو کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

نسخہ شونیدن برائے ناگ پھنی

ناگ پھنی کا کانٹا ایک عدد لے کر جس عورت کے پستان میں گلٹی نمودار ہو جائے تو گلٹی

پر کانٹا اندر داخل کریں اسی طرح ہر روز ایک دو دن یہ عمل ایک بار ضرور کریں۔ گلٹی ختم ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکبات نکچھکنی ۔مزاج عضلات غدی (خشک گرم)

دوائے ہرنیاں

نکچھکنی	پرانا گڑ
10 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: دونوں کو یک جان کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو حب ہمراہ تازہ پانی صبح دوپہر، شام دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ فتق اترنا۔ مقوی باہ بھی ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف ہاضم برائے فتق

نکچھکنی	سنڈھ

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ ہمراہ پانی دیں (صبح وشام)

نوٹ! محرک باہ کے لئے ہمراہ دودھ مصری ملا کر دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ فتق اترنا، مقوی باہ بھی اور گیس وریاح کے لئے بھی مفید ہے۔

مرکبات نیلا تھوتھا ۔مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

املشن برائے خارش (خشک)

نیلا تھوتھا	شیرمدار	ہلدی	تیل سرسوں
20 گرام	حسب ضرورت	50 گرام	1/2 کلو

ترکیب تیاری: پہلے روئی کو شیر مدار سے تر کر کے اس میں طوطیا کو لپیٹ کر بشل گول سا بنا کر (ایک لیموں کے برابر) اس کو گولے کو سلگتے ہوئے کوئلوں پر رکھ کر روئی کو جلالیں۔ طوطیا سفید رنگ برآمد ہوگا۔ پھر 10 گرام طوطیا مدبر اور ہلدی پسی ہوئی 50 گرام پہلے تیل سرسوں کو گرم کریں پھر اس میں طوطیا کی چٹکی دیں اس کے ختم ہونے کے بعد ہلدی کی چٹکی دیں ختم ہونے پر ٹھنڈا ہونے کے بعد تیل کو چھان لیں۔ بعد ازاں ایک پاؤ چونے میں 2 کلو پانی ڈال کر رکھ دیں۔ دوسرے روز احتیاط سے اوپر سے آب چونا حاصل کرلیں اگر پانی ایک کلو ہو تو اس میں 20 گرام گندھک ڈال کر پکائیں جب پانی سنہری ہو جائے تو اتار کر اس پانی اور طوطیا کا املشن بنا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت سارے جسم پر لگائیں اور صبح اٹھ کر غسل کرلیں یہ عمل ہر روز کریں انشاء اللہ تین چار روز میں برسوں کی خارش سے نجات ہوگی۔

نوٹ! رات کو لگاتے وقت تیل کو ہلا لیا کریں۔

☆☆☆☆☆

روح طوطیا برائے مصفی خون

نیلا تھوتھا	جست

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے جست کو مصفا کریں پھر نیلا تھوتھا کو باریک کر کے پانی میں ڈال دیں۔ جست کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ملا دیں۔ 3 تا 4 دن تک پڑا رہنے دیں۔ ہر روز صبح و شام ہلاتے رہیں۔ پھر اس کا مقطر لیں۔ اس مقطر کو سٹیل کے برتن میں ڈال کر نرم آگ پر خشک کریں۔ بس روح طوطیا تیار ہے اسے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک چاول سے دو چاول مرض کی نوعیت کے مطابق کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

نوٹ! اگر پانی کی جگہ عرق گلاب لیا جائے تو بہتر روح طوطیا تیار ہوگا۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ خارش، چنبل، داد، بواسیری بادی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

منجن برائے درد دانت

پھکٹکری بریاں	نیلا تھوتھا
1 تولہ	4 رتی

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: نیلا تھوتھا دانتوں پر برش یا شہادت کی انگلی سے لگائیں۔

فوائد: گرم یا ٹھنڈا لگنے سے دانتوں کو درد شدید ہوتا ہے۔ بعض اوقات منہ کھلنے سے بھی درد ہوتا ہے۔ ماخورہ اور دانت درد کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے دمہ

نیلا تھوتھا	آب لیموں

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: نیلا تھوتھا کو باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: نیلا تھوتھا 4 رتی آب لیموں میں حل کر کے پلائیں۔ اس سے قے اور دست شروع ہو جائیں گے۔ جمی ہوئی بلغم بذریعہ قے اور اسہال خارج ہوگی۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ دمہ بلغمی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ توتیا برائے مصفی خون

طوطیا اخضر	پوست بندق
1 تولہ	10 تولہ

ترکیب تیاری: پوست بندق کو باریک کر کے نغدہ بنا کر طوطیا کو درمیان میں رکھ کر کوزہ گل میں رکھ کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی کشتہ ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی دودھ دیں۔ روزانہ صبح کھانے کے بعد دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ آتشک، بواسیر بادی، خارش، داد چنبل، بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

کشتہ توتیا برائے آتشک

توتیا	کفور
1تولہ	اڑھائی تولہ

ترکیب تیاری: توتیا ڈلی کو کفور میں رکھ کر گل حکمت کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول مسکہ گاؤ میں ایک بار روزانہ، بعداز غذا دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ خنازیر، آتشک، بواسیر بادی، جذام کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

ضماد درد

توتیا	گوگل	تخم ترب
6ماشہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام درد پر آب تازہ میں گوندھ کر لگائیں۔

خواص: داد، چنبل، خارش کے لئے مفید ہے۔ خارش کے لئے تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں۔ صرف تین دن میں شفا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

روغن توتیا اخضر برائے چنبل

توتیا	مرداسنگ	گندھک آملہ سار	سہاگہ	کمیلہ	بابچی
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا بذریعہ پاتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال: پھر روئی سے داد چنبل پر لگائیں۔

افعال وا ثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ درد، چنبل، خارش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب مصفی خون

توتیا اخضر	دارچکنا	دانہ الائچی	بل کھہ	زنگار	عرق گلاب دو آتشہ
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1/2بوتل

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو باریک کر کے عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں کہ عرق گلاب ختم ہو جانے پر خشک کر کے حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ بعدازاں روغن گاؤ 5تولہ کی چوری کھلائیں۔ گھی، دودھ زیادہ استعمال کریں۔

افعال و اثرات : میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ درد چنبل، خارش، آتشک، جذام کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ توتیا برائے حمی (بخار)

توتیا اخضر	شب یمانی	نوشادر	شورہ قلمی
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف رتی تا 1 رتی مویز منقیٰ میں رکھ کر ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں تپ دق، حمی کہنہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے ذات الریہ (نمونیہ)

توتیا اخضر بریاں	تنکار بریاں
6 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر نرم آگ پر بریاں کر لیں یا علیحدہ علیحدہ بریاں کر لیں۔ بعد ازاں شیر بکری میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک حب بچہ کو شیر مادر میں گھس کر یا آب میں حل کر کے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ نمونیہ، کھانسی، درد شش کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرہم دمل

طوطیا سبز	اجوائن خراسانی	دیسی اجوائن	تخم کرفس
1 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ
تنکار	چوک	جوتے کا پرانا چمڑا	روغن سرسوں
9 ماشہ	1 تولہ	2 تولہ	ساڑھے سات تولہ

ترکیب تیاری: اول روغن سرسوں کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر اس میں چمڑا ڈالیں اور نیچے آگ جلائیں کوئلہ ہونے پر آگ سے اتار کر اسے خوب پیس لیں پھر باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے خوب گھوٹیں کہ مانند مرہم ہو جائے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: پھوڑے، پھنسی پر لگائیں۔ چھ سات روز لگائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ ناک کی درد خواہ کتنی پرانی ہو۔ لاہوی پھوڑا یا وہ پھوڑے جو جوڑوں پر ہوتے ہیں، سر پر جو پھوڑے ہوتے ہیں خواہ کتنے ہی پرانے ہوں اس مرہم کے استعمال سے نہیں رہیں گے۔ انشاء اللہ

☆☆☆☆☆

مرکبات ورج وج۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

دوائے لقوہ

کالی زیری	سنڈھ	وج ترکی

درج بالا تینوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ تا دو ماشہ ہمراہ شہد دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

فالج، لقوہ، اعصابی یا عضلاتی اعصابی تحریک کی وجہ سے لاحق ہونے کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مقوی معدہ

وج	سنڈھ	کندر
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ
شونیز	کشنیز خشک	کوزہ مصری
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

مقوی معدہ ودماغ، مانع بخارات، بطرف دماغ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ہالوں۔ مزاج عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف جنگلی ہالوں برائے بواسیر بادی

جنگلی ہالوں۔ حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: جنگلی ہالوں یہ عام بوٹی ہر جگہ دستیاب ہوتی ہے۔ اسے چھاؤں میں خشک کر کے سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔

بواسیر بادی کی درد شدید کے لئے تیر بہدف دوائی ہے۔ اسے بار بار آزمودہ پایا گیا ہے۔ اسے بطور چٹنی بھی شدید درد کی صورت میں مفید پایا گیا ہے۔ فی الفور درد سے نجات مل جاتی ہے۔ میں اسے اکثر ایسے ہی بطور چٹنی استعمال کرواتا ہوں۔

☆☆☆☆☆

منجن برائے دانت

ہالوں کی جڑ کا چھلکا	کیکر کی چھال

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: برش یا شہادت کی انگلی سے لگائیں۔

فوائد: دانتوں کے ہلنے، درد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے کان درد

ہالوں سبز	سرسوں کا تیل
حسب ضرورت	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ہالوں سبز کا پانی نکال کر سرسوں میں ملا کر نرم آگ پر رکھیں یہاں تک کہ پانی خشک ہونے پر سرد کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: کان میں دو بوند ٹپکائیں۔

فوائد: کان بہنے، درد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکبات ہینگ۔ عضلاتی غدی (خشک گرم)

سفوف برائے اختناق الرحم

ہنگ	نمک لاہوری	قلمی شورہ	سنڈھ	فلفل دراز	نمک سیاہ
2تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 2ماشہ ہمراہ پانی دن میں تین بار دیں۔

فوائد: اختناق الرحم باؤ گولہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے احتباس حیض

ہنگ	مصبر	مرکی	نمک لاہوری	کشتہ فولاد
6ماشہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا 2حب ہمراہ آب بعد از ناشتہ کھلائیں۔ ایام حیض شروع ہونے سے پہلے دو یا تین دن پہلے کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔

☆☆☆☆☆

حب احتلام

ہنگ	عقرقرحا	سنڈھ	دارچینی

جملہ چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن و مقوی غدد ہے۔ احتلام بوجہ تبخیر کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ جریان، ودی، ہاضمہ کی اصلاح کر کے گیس و تبخیر کا خاتمہ کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

محلول حلتینی برائے درد گردہ

ہنگ	نوشادر	نمک سیاہ	آب لیموں	سرکہ انگوری
1تولہ	1تولہ	1تولہ	10تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: پہلے تینوں اشیاء کو خوب کھرل کر کے آب لیموں اور سرکہ میں ڈال کر کسی بوتل میں ڈال دیں۔ مضبوط کارک لگا کر تین دن دھوپ میں رکھیں۔

مقدار خوراک: تین چمچ چائے شدید درد میں پلائیں یہ ایک خوراک ہے۔ بعد ازاں آرام کی صورت میں ایک چمچ چائے والا صبح، دوپہر، شام پلائیں۔

افعال و اثرات: میں مقوی ہاضمہ ہے۔ درد گردہ، پتہ کے لئے مفید ہے۔ صرف تین دن کے استعمال کرنے سے ان عوارضات سے نجات حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆

محلول برائے ورم جگر

ہنگ	نوشادر	نمک سیاہ	نمک لاہوری	عرق بادیان
6ماشہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	3پاؤ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پیس کر عرق بادیان کو گرم کر کے تھوڑا تھوڑا کر کے ادویہ میں کھرل کرتے جائیں۔ حل ہونے پر موٹے کپڑے سے چھان کر بوتل میں بھرلیں۔ محلول

دودھ کی مانند سفید ہوگا۔

مقدار خوراک: اڑھائی تولہ محلول ہمراہ آب گرم 5 تولہ دن میں دو یا تین بار پلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد، محلل عضلات، مسکن ومقوی اعصاب ہے۔ ورم جگر، اختناق الرحم، سوء ہضم، درد گردہ، کمی بھوک، قولنج، متلی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب قبض کشائی

ہینگ	سہاگہ خام	سنڈھ	نمک سیاہ	آب سہانجنا
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب سہانجنا میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ نیم گرم پانی رات کو کھلائیں۔

افعال واثرات: میں محرک غدد، محلل عضلات، مسکن ومقوی اعصاب ہے۔ قبض کشاء، مقوی معدہ، دافع نفخ شکم ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف ہاضم

ہینگ	زیرہ سفید	نمک سیاہ	سہاگہ	نوشادر	سنڈھ
2 تولہ	10 تولہ	اڑھائی تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ
الائچی سبز	فلفل سیاہ	زرنباد	بادیان	ہلیلہ کابلی	
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	1 پاؤ	10 تولہ	

ترکیب تیاری: پہلے ہینگ کو روغن زرد میں بریاں کرلیں۔ بعدازاں زیرہ سفید، بادیانی، ہلیلہ کابلی کو بھی علیحدہ علیحدہ بریاں کرلیں۔ باقی تمام اشیاء کا سفوف کر کے اور بریاں ادویہ کے سفوف میں ملا کردیں۔

مقدار خوراک: 2 ماشہ ہمراہ نیم گرم آب صبح وشام کھانے کے بعد کھلائیں۔

افعال و اثرات: میں محرک غدد، محلل عضلات، مسکن ومقوی اعصاب ہے۔ ہضم، تبخیر، مقوی معدہ وامعاء ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے ام الصبیان

ہینگ	کتھہ سفید	گول سفید مرچ	نیم کے پتے خشک	افیون	گھی گائے
1 تولہ	9 ماشہ	4 ماشہ	15 عدد	4 ماشہ	ڈیڑھ تولہ

ترکیب تیاری: پہلے ہینگ کو گھی میں بریاں کرلیں۔ باقی ادویات کا سفوف بنا کر ہینگ بھی ملا کر خوب کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے نصف چاول والدہ کے دودھ میں حل کر کے دیں۔ بوقت ضرورت دو دفعہ بھی دیا جاسکتا ہے۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ ڈبہ، درد پسلیوں، بخار، نمونیہ، سبز، زرد رنگ کے دستوں، دانت نکلنے کی تکلیف، دودھ قے کردینے، اور بار بار الٹیاں کرنے کے لئے اکسیر الاثر ہے۔

نوٹ! اس دوا میں افیون ہے اس لئے مقدار خوراک کم مقدار سے دیں۔ احتیاط بہت ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆

متفرق قرابادینی نسخہ جات

سرعت انزال کا غذائی علاج

مغز بادام	مربہ ادرک	سیب	چہار مغز	گائے کا گھی	شہد
1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	1 پاؤ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ہر ایک کو الگ الگ پیس کر باہم ملالیں اور گھی کے ساتھ بریاں کر کے شہد سے حسب ذائقہ میٹھا کر کے معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک روزانہ ہمراہ دودھ ایک پاؤ دیں۔

افعال و خواص: قدرتی دائمی امساک پیدا ہوگا۔ سرعت انزال کے مریضوں کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سرعت انزال کا غذائی علاج

تازہ بادام گری	مکھن یا بالائی	دیسی اجوائن
7 عدد	1 چھٹانک	1 ماشہ

ترکیب تیاری: بادام ثابت سے رات کو گری نکال کر پانی میں ڈال دیں۔ اجوائن کو رات کو پانی میں بھگودیں۔ بادام گری کو گرینڈر یا ڈنڈا کونڈی میں گھوٹ کر اجوائن کو بھی پانی سے نکال کر ہمراہ بادام خوب گھوٹیں کہ یک جان ہو جانے پر ایک گلاس دودھ میں ملا کر نوش

کریں۔ بعدازاں مکھن یا بالائی کھالیں۔ صبح منہ نہار ہر روز نیا عمل کریں۔ چالیس دن کافی ہے۔

افعال و خواص: مفرح قلب، محلل جگر، محرک اعصاب ہے۔ معدہ وجگر کی اصلاح کر کے خون صالح پیدا ہو کر پیدائش منی اور مغلظ منی کو گاڑھا کر کے لمحات شب کر بڑھانے کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مقوی اعصاب و دماغ

بیضہ مرغ	پانی	سم الفار سفید
101 عدد	10 کلو	1 تولہ

ترکیب تیاری: سم الفار اور بیضہ مرغ کو پانی میں ڈال کر پکائیں۔ یہاں تک کہ انڈا اچھی طرح پک جانے پر ٹھنڈا کر کے انڈوں کی زردی حاصل کر کے محفوظ کر لیں۔ باقی چھلکا اور سفیدی کو دفن کر دیں۔ پھر مذکورہ زردی کو اچھی طرح مسل کر کے اس میں دیسی گھی ڈال کر بریاں کر لیں۔ پھر مغزیات ڈال کر حلوہ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن ومقوی غدد ہے۔ مقوی باہ اور ممسک ہے۔

نوٹ! گرمی اور تلخی کی صورت میں مقدار خوراک کم کر دیں۔ گھی اور دودھ کا استعمال زیادہ کریں۔

☆☆☆☆☆

برائے کھانسی

کاکڑاسنگی	فلفل سیاہ	اصل السوس	سنڈھ	کندر
1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ	1تولہ

ترکیب تیاری: پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

☆☆☆☆

برائے بول الفشار

سکہ۔حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: سکہ کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر پگھلا کر پانی بادنجان دشتی میں گیارہ مرتبہ غوطہ دیں بعد میں کڑاہی میں رکھ کر تیز آنچ میں جلائیں۔سبز لکڑی جامن سے رگڑتے جائیں اور چٹکی قلمی شورہ دیتے رہیں یہاں تک کہ کشتہ ہوجائے کشتہ کا رنگ سونا جیسا ہوگا۔پیس کر محفوظ کرلیں۔پھر

کشتہ مذکورہ	کندر	کمرکس	رال سفید
2تولہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا پیس کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ کیلے کے پانی سے شام۔ایک حب شام کو مکھن کے ساتھ دیں۔

افعال و خواص: سلسل بول،شوگر،اسہال کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت برائے کھانسی ہر قسم

اسطوخودوس	برگ گاؤزبان	عناب	سرخ گل پشاوری
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ
ملٹھی	زوفہ	برگ بانسہ	چینی
5تولہ	5تولہ	5تولہ	ڈیڑھ کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوفتہ کرکے پانی دو کلو میں رات کو بھگودیں۔صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی ایک کلورہ جانے پر پُن کر چینی ملا کر شربت کے قوام کے مطابق بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: حسب ضرورت دیں۔

افعال و خواص: کھانسی،دمہ کشی،نزلہ،کیرا

نوٹ! بلغم کے اخراج کے لئے نیم گرم پانی میں شربت 3 تولہ ملا کر دیں۔مریض کو سکھ کی نیند آئے گی۔

☆☆☆☆☆

اولاد نرینہ

بانجی	نوشادٹھیکری	ہلدی	پوست کیکر	گڑ	پانی
250 گرام	250 گرام	250 گرام	2 کلو	5 کلو	20 کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کرکے کسی ڈرم میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔سردیوں میں ایک ماہ اور گرمیوں میں 15 دن تک دھوپ میں رکھیں۔پھر اس کو چھان کر 750 گرام کی بوتلوں میں بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ دن میں صرف ایک بار لیں۔

افعال و خواص: اولاد نرینہ کے لئے دو بوتل کافی ہیں۔ حمل کا علم ہوتے ہی اس کو شروع کر دیں انشاء اللہ اولاد نرینہ کی دولت نصیب ہوگی۔ دمہ کے لئے ۴ بوتل کافی ہیں۔

☆☆☆☆☆

حب برائے شوگر

دیسی کریلا بمع بیج چھلکا	بھنے کالے چنے	رسونت
1 کلو	1 کلو	1 پاؤ

ترکیب تیاری: کریلا کو چھاؤں میں خشک کر کے بھنے چنے ملا کر سفوف بنالیں پھر رسونت کو پانی میں گھول کر مذکورہ سفوف میں ملا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: 2 حب منہ نہار ہمراہ باسی پانی دیں۔

افعال و خواص: شوگر، بواسیر بادی کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے قوت باہ و ممسک

زعفران	زنجبیل	دارچینی	مگاں	جائفل	جلوتری
1ماشہ	2ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ	1ماشہ
افیون	اسگندنا گوری	مشک	قرنفل	کچلہ مدبر	عنبر
1ماشہ	4ماشہ	1ماشہ	3ماشہ	1ماشہ	1ماشہ
شنگرف	شقاقل	مروارید	عقرقرحا		
1ماشہ	6ماشہ	1ماشہ	1ماشہ		

ترکیب تیاری: پہلے زعفران، مشک، عنبر، افیون، مروارید کو روح بید مشک میں حل کریں باقی مذکورہ ادویہ کو پیس کر ملالیں۔ حب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: روزانہ ایک حب تا ۲ حب ہمراہ روغن ماہی کے ساتھ استعمال کریں۔

افعال و خواص: محرک باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

پتھری گردہ و مثانہ

بھکوا	مکئی کے بال	چھلکا	خربوزہ	پانی
1چھٹانک	1چھٹانک	1چھٹانک	1چھٹانک	2 کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے پانی میں ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی ڈیڑھ کلو رہ جانے پر پُن کر اس میں ایک گرام سوڈیم بنزوایٹ ڈال کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۳ تولہ پانی میں ڈال کر پلائیں۔ دن میں تین بار پلائیں۔

افعال و خواص: پتھری گردہ و مثانہ، حالبین، پتہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے درد

تخم دھتورہ	ریوند چینی	سنڈھ	گوند ببول
1تولہ	8ماشہ	4ماشہ	4ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک حب صبح، دوپہر، شام دیں

افعال و خواص: وقتی طور پر درد کے لئے مسکن ہے۔ وجع المفاصل، سردرد، افیون کی عادت چھڑانے، نزلہ زکام، دمہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے قوت باہ

پارہ مصفیٰ	گندھک	کھتہ سرخ	قرنفل
20ماشہ	20ماشہ	20ماشہ	20ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے پارہ کو مصفا کرنے کا طریقہ۔ پارہ کو رائی 1 تا 2 تولہ کے سفوف میں کھرل کریں پھر مٹی کا تیل یا پٹرول ڈال کر آگ لگا دیں۔ پارہ مصفا ہو جائیگا۔ پارہ مصفا اور گندھک کی کجلی بنا کر مذکورہ ادویہ کے سفوف میں ملا کر پھر شہد اور زردی بیضہ مرغ تقریباً 2 عدد ملا کر خوب کھرل کریں۔ گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و خواص: مقوی باہ و ممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے موٹاپا

گائے کا پتہ	رسونت	بھوسی اسپغول
1/2 پاؤ	ایک چھٹانک	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: رسونت کو باریک کر کے پتہ کا پانی ملا کر خوب کھرل کریں بعد ازاں اسپغول ڈال کر گولی بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی رات کو ہمراہ پانی دیں۔

افعال و خواص: 15 دن کھلانے سے رزلٹ ملتا ہے۔ موٹاپا، بواسیری کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت برائے اصلاح جگر

گل نیلوفر	کاسنی	کاہو	خرفہ	صندل سفید و سرخ	دھنیا
آلو بخارا	زرشک شریں	خار خسک	خس	مغز کنولگٹھہ	مکوخشک
سونف	جڑ سونف	جڑ کاسنی			

درج بالا تمام چیز ہم وزن اڑھائی تولہ کے حساب سے لیں، چینی ڈیڑھ کلو

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے پانی ۲ کلو میں رات کو بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر چینی ملا کر شربت کے قوام کے مطابق بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

افعال واثرات: میں مفرح قلب، جگر، مثانہ، گردوں کی تسکین کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! بلڈ پریشر کے مریضوں کے لئے عرق کیوڑہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، عرق گاؤ زبان، ہر ایک ایک چھٹانک لے کر شربت سے میٹھا کر کے صبح وشام پلائیں۔ گھبراہٹ قلب، یرقان، حاملہ عورت کو اگر یرقان ہو جائے تو اس کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب برائے قوت باہ

برگ زرد بوٹر	پانی

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: برگ زرد کو صاف کر کے پانی میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ رُب بن جانے پر ٹھنڈا کر کے شہد ملا کر حب بقدر نخود بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 حب صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و خواص: رقت منی، مغلظ منی، سرعت انزال، مقوی باہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے بچے کا سینہ بند ہونا

ملٹھی	ہلیلہ زرد	فلفل دراز	کاکڑا سنگی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔

افعال و خواص: کھانسی، سینہ کا بند ہونا بوجہ بلغم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف منوم

خشخاش بریاں	تخم کونچ بریاں	دھنیا بریاں	تخم کاھو
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ

مغز بادام شیریں	صندل سفید	طباشیر	
2 تولہ	1 تولہ	9 ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

افعال و خواص: جسے نیند نہ آتی ہو اس کے استعمال کرنے سے مریض سکھ کی نیند سوئے گا۔

☆☆☆☆☆

مرہم برائے بواسیری موھکے

گٹھلی کھجور	گٹھلی چھوٹی املی	برادہ سکہ
12 عدد	12 عدد	1 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں گٹھلی کو کوٹ کر کپڑے سے چھان کر کے محفوظ کر لیں۔ بعد ازاں برادہ سکہ میں پانی ڈال دیں حل ہونے پر مذکورہ سفوف ملا کر مرہم بنا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: پہلے مقام موہکوں کو کپڑے سے صاف کریں۔ پھر مرہم لگائیں چند یوم لگانے سے آرام ہوگا۔

☆☆☆☆☆

دانت مضبوط

کنڈیاری	کیکر کی اندر کی سفید چھال

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو نیم کوفتہ کر کے پانی 1 کلو میں جوش یہاں تک

دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر پُن کر اس پانی سے غرارے کریں۔ دانت مضبوط ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

دوائے موٹاپا

آب باتھو	سالٹ مگنیشیا	میٹھا سوڈا
3 پاؤ	1/2 پاؤ	1 تولہ

ترکیب تیاری: آب باتھو میں جملہ ادویہ کو ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: دن میں 3 بار کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ۲ تولہ دیں۔

افعال و خواص: موٹاپا، قبض، گیس کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! اگر دست زیادہ آئیں تو دوا کو ایک بار کر دیں۔ رات کو خوراک لازمی دینی ہے۔

☆☆☆☆☆

حلوہ برائے کمردرد

کچا بھکوا	کچے کوکن بیر

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: انکو سایہ میں خشک کریں۔ خشک ہونے کے بعد سفوف بنا کر دیسی گُڑ کو حسب ضرورت ملا کر دیسی گھی میں بریاں کر کے حلوہ بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

افعال و خواص: کمردرد، جوڑوں کے درد کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف مولد خون

(چہرہ کو سرخ کرنے والا)

ھوالشافی:

زعفران	سونف	زوفا	دیسی چینی
1 تولہ	1/2 پاؤ	1/2 پاؤ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو کوٹ کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب دیں۔

افعال و خواص: مولد خون پیدا ہو کر چہرہ کا رنگ مثل سرخ سیب کرنے کے لئے مفید ہے۔ چند یوم مین آپ تبدیلی محسوس کریں گے۔

☆☆☆☆☆

مغلظ برائے مقوی اعصاب

موصلی سفید (انڈیا)	ثعلب پنجہ	ثعلب دانہ	ثعلب مصری	کالی مرچ
5 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ
چھلکا اسپغول	تخم بادام	چہار مغز	تالمکھانہ	کوزہ مصری
5 تولہ	10 تولہ	10	2 تولہ	1/2 کلو
بیج سلیارہ	تخم ریحان	بھوپھلی	کیکر پھلی	سنگھاڑہ
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ ماسوائے تخم ریحان اور چھلکا اسپغول کو ثابت ہی مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا دیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ ہمراہ دودھ منہ نہار دیں۔

خواص: مغلظ منی، مولد منی، مقوی جراثیم، سرعت انزال، مقوی اعصاب ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے قوت باہ

ھوالشافی:

شاخ مرجان	جز مرجان	مروارید	ورق نقرہ
6ماشہ	6ماشہ	1تولہ	6ماشہ
ورق طلا	مشک خالص	کہربا شمعی	
1ماشہ	1ماشہ	6ماشہ	

ترکیب تیاری: جواہرات کو کوٹ کر عرق گلاب سے خوب کھرل کریں تقریباً ۲ دن۔ اس کے بعد مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر جواہرات ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعدازاں ورق ایک ایک ڈال کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ وہ تمام ورق ختم ہو جائیں اور محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔ دودھ، گھی خوب استعمال کریں۔

افعال و خواص: مقوی باہ، ممسک، جریان، مذی، سرعت انزال، مقوی اعصاب ہے۔

☆☆☆☆☆

روغن برائے مالش وجع المفاصل

ھوالشافی:

آب دھتورہ	آب مدار	گندیاری	آب ارنڈ	مالکنگنی
1 کلو	1 کلو	1 کلو	1 کلو	2 چھٹانک
جائفل	تج	کٹھ تلخ	سنڈھ	ستاور
2 چھٹانک	2 چھٹانک	2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ

مٹھا تیلیہ	شنگرف	لونگ	بیر بوٹی	
1تولہ	1تولہ	5تولہ	6ماشہ	

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو باریک کر کے 4 کلو پانی میں پکائیں جب پانی 1 کلو رہ جائے تو پُن لیں۔ بعدازاں اس پانی کو پُن کر 1 کلو روغن تل میں ملا کر نرم آگ پر یہاں تک پکائیں کہ پانی کے جل جانے پر تیل کو محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

فوائد: وجع المفاصل، نقرس، دردیں، گھنٹیا وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے چنبل، داد

ھوالشافی:

کنڈیالا چوہا	ناخن گھوڑا	نیلا تھوتھا	تیل سرسوں
1عدد	1چھٹانک	1/2تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: ان سب اشیاء کو تیل میں جلا لیں۔ تیل کو پُن کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر لگائیں۔ (نوٹ) پہلے مقام ماؤف کو اچھی طرح ڈیٹول سے دھو لیں۔ پھر دوائی لگائیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف ادرار پیشاب

ھوالشافی:

قلمی شورہ	جوکھار	لونا جی	سہاگہ بریاں	پھٹکری بریاں
2تولہ	2تولہ	1تولہ	1تولہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۳ماشہ سے 6ماشہ ہمراہ شربت بزوری 5 تولہ صبح وشام دیں۔

افعال و خواص: تقطیرالبول، جلن پیشاب، بندش پیشاب، سوزاک کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر معدہ

ھوالشافی:

سونف	بڑی الائچی دانہ	پودینہ خشک
1تولہ	1تولہ	1تولہ
زیرہ سفید	نمک لاہوری	سوڈا بائیکارب
6ماشہ	2تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ٹی سپون (چائے والا چمچ) پانی میں حل کرکے کھانے کے 15 منٹ کے بعد لیں۔

خواص: تبخیر معدہ، گیس ریاحی گردہ، شکم درد، ورم معدہ، ورم جگر، کھایا پیا جسے ہضم نہ ہوتا ہو کے لئے مفید ہے۔ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

☆☆☆☆☆

دوائے بواسیری

ھوالشافی:

تماں	گری بادام	منقہ	گڑ پرانا
1 کلو	2 چھٹانک	4 چھٹانک	4 چھٹانک

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

خواص: بواسیری بادی خونی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب ممسک

ھوالشافی:

تخم حرمل بریاں	پوست کوکنار	تل سیاہ	گڑ پرانا

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: مقوی باہ وممسک ہے۔

☆☆☆☆☆

بواسیری مسے

ھوالشافی:

نغدہ بھنگ	رسونت
5تولہ	1ماشہ

ترکیب تیاری: دونوں کو کوٹ کر ٹکی بنالیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ٹکی کو مقام موکہ پر باندھ کر لنگوٹ کس دیں۔ ۳یوم کافی ہے۔

☆☆☆☆☆

چورن برائے ہاضم

چار نمک	سونف	سنا	ملٹھی	نوشادر	سہاگہ
4تولہ	10تولہ	10تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ
چوکھار	کچور	دھنیا	پپلا مول	مرچ سیاہ	زیرہ سفید
5تولہ	5تولہ	5تولہ	2تولہ	5تولہ	5تولہ
سنڈھ	ہلیلہ سیاہ	سبز ہرڑ	بیڑے	آملہ	گل سرخ
5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ
پودینہ خشک	الائچی سبز	ست پودینہ	ست اجوائن	ست لیموں	
5تولہ	1تولہ	6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر ست ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ صبح وشام کھانے کے بعد دیں۔

افعال و خواص: تبخیر معدہ، کھٹی ڈکاریں آنا، گیس و ریاح، قے، ابکائی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے ہرنیاں

ھوالشافی: ڈنڈا تھوہر۔ حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: ڈنڈا تھوہر کو جلا کر نمک بنا لیں۔ نمک بنانے کی ترکیب: کسی بھی چیز کا نمک حاصل کرنا ہو اس چیز کو جلا کو جو سوا حاصل ہو اس کو پانی میں ڈال کر ہر روز کی ڈنڈا سے ہلاتے رہیں۔ چار روز کے بعد اس کا مقطر بنائیں۔ اس مقطر کو سٹیل کے برتن میں ڈال کر

درمیانی آگ پر پکائیں۔ پانی خشک ہونے کے بعد سفید رنگ کا نمک حاصل ہوگا۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کا کیپسول دیں ہمراہ پانی صبح وشام۔

فوائد: ہرنیاں، گیس تبخیر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے گلے

گلے میں خرابی محسوس ہو تو فوراً ٹنچر وگلیسرین گلے میں لگائیں۔ دن میں دو تین بار ایسا کرنے سے تکلیف رفع ہوگی۔ اگر تکلیف زیادہ ہوگئی ہو تو کھانے والا نمک گلے میں انگلی سے لگائیں دو تین بار ایسا کرنے سے فوراً تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے گلھڑ

ھوالشافی:

گائے کے گلی کی نچلی گلٹیاں	مرچ سیاہ	گڑ پرانا سیاہ
1پاؤ	2تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ادویہ کو کوٹ کر گڑ ملا کر گولیاں بقدر بیر کو کن بنا کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ گائے دیں۔

افعال و خواص: گلھڑ، گلے پڑ جانا، (نوٹ) گلھڑ اگر پرانا ہو اس کے لئے تیر بہدف ہے۔ 40 دن میں شفا کلی ہوگی۔ اس کے ساتھ ٹنکچر آیوڈین کے چند بوند پانی میں کبھی کبھار استعمال کرواتے رہیں۔

☆☆☆☆☆

حوالشافی:

سرمہ سیاہ	بسکھپرا

ترکیب تیاری: سرمہ سیاہ کو بسکھپرا کے پانی میں بھگو دیں اور 40 دن کھرل کر کے محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال: سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: نظر کو تیز کرنے، دھند، جالا کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے بالچر

شیر مدار حسب ضرورت لیں۔

ترکیب استعمال: مقام بال چر کو پہلے خوب دیسی کپڑا سے رگڑیں تاکہ یہ جگہ سرخ ہو جائے۔ پھر چند بوندھ آک کی دودھ کی لگائیں۔ دو، تین ہفتہ میں بال پیدا ہو کر بالچر ختم ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

سر کی جوئیں مارنا

حوالشافی:

پارہ	گھی

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: پارہ ۳ ماشہ لے کر گھی قوسہ میں ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: سر پر لگائیں۔ چند دن لگانے سے اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ اس مرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کا بہترین حل ہے۔ صاف ستھرے ماحول میں

رہنا، بالوں کو اچھی طرح صاف رکھنا، ایسے شیمپوں جو ناقص میٹریل سے تیار کئے جاتے ہیں ان کی وجہ سے بھی جوئیں پڑ جاتی ہیں۔ ان کے استعمال سے پرہیز کیا جائے۔ خرابی خون کی وجہ سے بھی جوئیں زیادہ پڑ جاتی ہیں۔ اس کے لئے مصفی خون ادویہ کا استعمال کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر اولاد نرینہ

حوالشافی:

قلب الحجر	طباشیر	مویز منقی
1 رتی	1 ماشہ	4 عدد

ترکیب تیاری: پہلے منقی سے بیج نکال کر جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

ترکیب استعمال: حمل معلوم ہو جانے پر ہر چاند کی پہلی اور پندرہ تاریخ کو ایک ایک گولی کھلائیں۔ ساڑھے چار ماہ تک کل نو بار یہ دوائی کھلانی ہے۔ (نوٹ!) زیادہ نہ کھلائیں وگرنہ زچہ کو ولادت کے وقت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ انشاءاللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

☆☆☆☆☆

کالی مرہم اکسیر برائے زخم

حوالشافی:

برگ نم سبز	روغن کنجد	سندھور	موم
1 چھٹانک	1/2 پاؤ	6 ماشہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: برگ نم کو کونڈی ڈنڈے میں خوب گھوٹ کر ٹکیہ کو روغن کنجد میں جلالیں۔ جب جل کر سیاہ ہو جائے تو آگ نرم کر کے موم اور سندھور ملا کر قوام پر آنے پر اتار کر

محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: کسی صاف کپڑے پر زخم کے مطابق لگا کر آگ کے سامنے سینک کر زخم پر لگائیں۔ دوسرے دن پھر بدل دیں۔ اسی طرح دو تین بار عمل کرنے سے زخم اچھا ہو جائے گا۔

افعال و خواص: تمام بہنے والے زخموں کے لئے اکسیر ہے۔ ایک، دو بار لگانے سے زخم اچھا اور مندمل ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے ضعف ہاضمہ

ھوالشافی

دانہ الائچی خورد	صندل سفید	دانہ الائچی کلاں	ناگ کیسر
1 ماشہ	1 تولہ	1 ماشہ	1 ماشہ
دار چینی، لونگ	کالی مرچ	کوزہ مصری	
1 ماشہ	6 ماشہ	2 تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ حسب عمر و مزاج مریض کو استعمال کروائیں۔

افعال و خواص: اسہال بلغمی، ضعف ہاضمہ، قلت اشتہا، برودت معدہ، رطوبت قلب، ضعف اعصاب، جمی میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف پیچش خون

اسپغول سالم	تخم کنوچہ	تخم بارتنگ	تخم ریحان	گوند ببول
3 تولہ	3 تولہ	3 تولہ	3 تولہ	1 تولہ
نشاستہ بریاں	کھریا مٹی	طباشیر	گیری	
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	3 ماشہ	

ترکیب تیاری: چاروں تخموں کو ثابت ہی مذکورہ ادویہ کے سفوف میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ۔

افعال و خواص: اسہال خونی، پیچش اس کے علاوہ مغلظ منی، مولد منی، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

نرم کھچڑی یا چاول کی پیچھ استعمال کرائیں۔ چلنے پھرنے اور روٹی سے پرہیز کریں۔

☆☆☆☆☆

دوائے بلغمی دمہ

ھوالشافی

تخم دھتورہ	نوشادر	فلفل دراز	ہرمچی
1 تولہ	4 تولہ	4 تولہ	4 تولہ

ترکیب تیاری: تخم دھتورہ کو بریاں کر کے مذکورہ ادویہ میں ملا کر کپڑے سے چھان کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی سے ۲ رتی ہمراہ پانی دیں۔

افعال و خواص: بخارا لرزاں، ریحی دردوں، ذات الجنب درد، دافع ضیق

انفس بلغمی، بلغمی کھانسی، ہضم کی خرابی، اسہال، نزلہ زکام۔ اسے بطور منجن دانتوں کی تقویت اور درد کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے سوکھا مسان

ھوالشافی:

مروارید	زہرہ مہرہ خطائی	حجر الیہود	ناریل دریائی
4 رتی	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ

پوست ہلیلہ زرد	کنول گٹہ	طباشیر	دانہ الائچی خورد	گل سرخ
6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر عرق گلاب سے ۲ دن کھرل کر کے بقدر نصف رتی بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف رتی ہمراہ دودھ والدہ 1 ماہ سے 6 ماہ کے بچہ کو شیر مادر میں گھس کر دیں۔

افعال و خواص: رنگ برنگ کے پاخانہ آنا، بچہ کو سوکھ جانا، دن بدن جسم کمزور ہو جانا، رنگ زردی مائل ہو جانا، اسہال، اس کے استعمال کرنے سے بچہ تمام عوارضات معدہ و امعاء سے محفوظ رہے گا انشاءاللہ۔

☆☆☆☆☆

دوائے شوگر

ھوالشافی:

کشتہ ابرک سیاہ	کشتہ بیضہ مرغ	کشتہ نقرہ	کشتہ شاخ مرجان
2 تولہ	2 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: سب کشتہ جات کو ملا کر افیتموں سبز میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک:

ایک رتی کشتہ ہمراہ مکھن گائے ایک چھٹانک کے ساتھ دیں۔

افعال و خواص: شوگر، مقوی اعصاب، جریان، سلسل بول، سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ ساق بز

ترکیب تیاری: چاروں پائے بکری کے لے کر گوشت (کھال) وغیرہ سے بالکل صاف کر دیں۔ صرف ہڈیاں باقی رہ جائیں تو پھر انہیں کچل کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں یا کوئلہ پتھر کی بھٹی میں رکھ کر پھونک دیں۔ خاکستر برنگ سفید ہوگی۔ اگر کوئی ہڈی کا ٹکڑا خام رہ جائے تو نکال کر پھینک دیں اور باقی کو باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا 2 رتی ہمراہ نیم گرم دودھ صبح نہار منہ کھلائیں۔

افعال و خواص: شوگر، کمی کیلشیم کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے دافع أم الصبیان

ھوالشافی:

پودینہ خشک	تربد مجوف و مقشر	پوست ہلیلہ زرد
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: چھوٹے بچوں کے لئے (ایک سال) ایک ماشہ دو سالہ بچہ کے لئے 2 ماشہ۔ بچوں کی عمر کی مطابق کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ ہمراہ عرق بادیان دیں۔

افعال و خواص:

ڈبہ، امراض معدہ، وسینہ، سر درد، مرگی، قبض کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! مریض کی قبض کا خاص خیال رکھیں قبض نہ ہونے دیں۔

☆☆☆☆☆

قرص جلاپا

ھوالشافی:

جلاپا	سنڈھ	ایلوا	سقمونیا
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم پانی یا نیم گرم دودھ سے کھالیں۔

افعال و خواص: دائمی قبض کے لئے نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف دافع قولنج

ھوالشافی:

سورنجان شیریں	سناکی	تربد سفید مجوف	نوشادر
2 تولہ	2 تولہ	2 تولہ	1 تولہ
سقمونیا ولایتی	زعفران	نبات سفید	
1 تولہ	3 ماشہ	1 تولہ	

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ضرورت کے پیش نظر 6 ماشہ تک بھی دے سکتے ہیں۔ ہمراہ آب گرم دیں۔

افعال و خواص: بلغمی اور ریحی قولنج کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے قاتل دیدان امعاء

ھوالشافی:

روغن بیدانجیر	مرداسنگ
2 تولہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو خوب کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی سے 1 ماشہ

افعال و خواص: تین دن استعمال کرنے سے سب کدو دانے مردہ ہو کر خارج ہو جاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

جوشاندہ برائے کدو دانے

ھوالشافی:

پوست بیخ انار	پانی
1 تولہ	1 پاؤ

ترکیب تیاری: پانی میں پوست انار ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ پانی نصف رہ جانے پر چھان کر مریض کو پلائیں۔

مقدار خوراک: جوشاندہ مذکورہ کو گڑ سے میٹھا کر کے پلائیں۔ صبح و شام منہ نہار

پلائیں۔

افعال و خواص: کدو دانے بڑے، چھوٹے سب خارج ہو جائیں گے۔

نوٹ! غذا کے طور پر ناریل (کھوپرا) کے سوا کوئی چیز کھانے کو نہ دیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف اسہال

حوالشافی:

گل دھاوا	اندر جو شیریں	خس	سفر جل ہندی

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1ماشہ ہمراہ لسی دہی کے ساتھ دیں۔

افعال و خواص: اسہال اور زحیر کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے زحیر

حوالشافی:

کمون ابیض	بادیان	کشنیز	ہیل خورد	گل قند
6ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	3ماشہ	2تولہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کا پانی میں شیرہ تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: مریض کو شیرہ 15 تولہ صبح و شام پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

افعال و خواص: ہر قسم کے پیچش اور اسہال کیلئے مزمن حالت میں نہایت مفید ہے۔ چند خوراکوں سے صحت ہو جاتی ہے۔ معدہ امعاء کیلئے بھی مفید ہے۔

حب حمل دافع بانجھ پن

حوالشافی:

کستوری	افیون	جائفل	زعفران
2رتی	1رتی	1عدد	1ماشہ
بھنگ	گڑ پرانا	سپاری	لونگ
پونے دو ماشہ	ساڑھے پانچ ماشہ	۳عدد	4عدد

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر گڑ میں ملا کر حبوب بقدر ۳،۳ رتی کی بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایام ماہواری کے غسل کے بعد ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں چوتھے روز مباشرت کریں۔

نوٹ! اگر ایام ماہوار میں نقص ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کروائیں۔

☆☆☆☆☆

اکسیر دافع نقائص طمث و معین حمل

سقوینا ولایتی	ریوند چینی	مصبر	کرفس	جوکھار	قلمی شورہ
6ماشہ	1تولہ	1تولہ	2تولہ	1تولہ	1تولہ
اسارون	چھڑیلا	مرکی	نوشادر	بیخ سوسن	قند سیاہ
6ماشے	6ماشے	6ماشے	6ماشے	6ماشے	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویات کو باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیں اور ورق چاندی لپیٹ کر محفوظ کر لیں اور حیض آنے سے 4دن پہلے ایک ایک گولی عرق سونف سے دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: بندش حیض، درد طمث، کمی خون، بے قاعدگی حیض وغیرہ کو دور کر کے رطوبت فاسدہ ہے۔ رحم کو پاک کر کے قابل اولاد بناتی ہے۔ اس کے بعد حب حمل استعمال کرائیں۔

☆☆☆☆☆

شربت یرقان

ھوالشافی:

برادہ صندل	مویز منقی	زرشک شریں	تخم کاسنی
8تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ	اڑھائی تولہ
تخم خیارین	گل سرخ	الائچی کلاں	چینی
اڑھائی تولہ	15ماشہ	15ماشہ	ڈیڑھ کلو

ترکیب تیاری: حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2تولہ تا 4تولہ شربت ہمراہ عرق بادیان 6تولہ اور عرق کاسنی 6تولہ صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص: یرقان، حرارت قلب، ضعف کبد میں مؤثر ہے۔

☆☆☆☆☆

شربت مولی

مولی بمعہ برگ۔ حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: مولی کو بمع برگ کوٹ کر پانی حاصل کریں۔ اس پانی میں 2 پاؤ چینی ڈال کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2تولہ شربت ہمراہ عرق کاسنی 5تولہ، عرق مکو 5تولہ دن میں

دو بار پلائیں۔

افعال و خواص: یرقان، یتوج واماس کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے یرقان

ھوالشافی:

زاج ابیض بریاں	گل سرخ
1تولہ	2تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں

مقدار خوراک: 2 رتی سفوف ہمراہ عرق کاسنی 5تولہ، عرق مکوہ 5تولہ صبح و شام دیں۔

افعال و خواص: یرقان کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

عرق برائے انرجی

فرائی سلفاس	فرائی ایٹ کونین سائٹراس	سلفیورک ایسڈ	میگنیشیا خالص
3ماشے	ساڑھے چار ماشے	30 قطرے	15تولہ

ترکیب تیاری: درج بالا تمام چیزیں پانی یا عرق سونف یا عرق چرائتہ 1 بوتل میں حل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 چھٹانک روزانہ دوپہر کے بعد پلائیں۔

افعال و خواص: کمی خون، عظم الطحال، عظم جگر، اور دائمی قبض اور عورتوں میں بانجھ پن اور ملیریا بخار کے لئے مفید ہے۔

سفوف سرعت

حوالشافی:

تالمکھانہ	کتیرا	لاکھ مغسول	گوند کیکر

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 4 ماشہ صبح منہ نہار ہمراہ پانی دیں۔

افعال و خواص: جریان، سرعت انزال، کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے فالج

حوالشافی:

ہڑتال ورقیہ	جائفل	جلوتری	دانہ الائچی	دانہ الائچی کلاں
1 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ

دارچینی	کالی مرچ	اجوائن	کستوری	لونگ	زعفران
3 ماشہ	3 ماشہ	3 ماشہ	1 ماشہ	ڈیڑھ ماشہ	6 ماشہ

ترکیب تیاری: 36 گھنٹے کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 2 چاول ہمراہ جالینوس میں رکھ کر کھلا دیں اور بطور نسوار استعمال کرائیں۔

افعال و خواص: فالج، زبان بند ہو جانا، مقوی اعصاب، مقوی باہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف برائے اختناق الرحم

حوالشافی:

جند بدستر	کونین	کافور	افیون
1 تولہ	6 ماشہ	1 تولہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی سے 2 رتی ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

افعال و خواص: اختناق الرحم، اگر احتباس طمث کا عارضہ ہو تو افیتمون جوشاندہ کے ہمراہ استعمال کرائیں اور کھانے کے بعد سوڈامنٹ گولیاں 2 عدد کھلائیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف دوائے معدہ

حوالشافی:

پوست ہلیلہ زرد	پوست آملہ	شیطرج ہندی	کالی مرچ	نمک سیاہ

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و خواص: مقوی معدہ اور دافع ریاح شکم، درد معدہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

اکسیر ضعف دماغ

حوالشافی:

کشتہ طلا	مشک خالص	عنبر	زعفران کشمیری
2 رتی	1 رتی	1 رتی	6 رتی

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا بھی رکھ کر کھلائیں۔

افعال و خواص: ضعف دماغ، ضعف قلب، اعضا رئیسہ کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب اکسیر دماغ

حوالشافی:

موميائی	کشتہ فولاد	کشتہ بیضہ مرغ	کشتہ شاخ مرجان	مشک خالص	ورق نقرہ
1 تولہ	1 تولہ	6 ماشہ	6 ماشہ	1 ماشہ	3 ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو اچھی طرح کھرل کر کے شہد ڈال کر حبوب بقدر بوزن ایک رتی بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: مقوی دماغ، مولد خون ہے۔

☆☆☆☆☆

منجن برائے دندان

حوالشافی:

کالی مرچ	لونگ	عقرقرحا	چولہے کی مٹی سرخ
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ

الائچی خورد	نمک	تمباکو خوردنی	پھٹکڑی بریاں	کوئلہ
1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	1 تولہ	پوست بادام (۸ تولہ)

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔

افعال و خواص: دانتوں کی جملہ امراض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سرمہ مقوی بصر

سرمہ سیاہ...... حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: سرمہ سیاہ ڈلی کو چوبیس گھنٹے پانی میں بھگو دیں۔ پھر صاف کر کے کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔ پھر اس میں مندرجہ ذیل ادویات شامل کر کے تحق بلیغ کر کے سرمہ بنالیں۔

سفید پھٹکڑی شگفتہ	زنک سلفاس	اوکسائیڈ آف مرکری
1 رتی	1 رتی	1 رتی
نیلا تھوتھا	موتی	ہیرا
1 رتی	1 رتی	1 رتی

ترکیب تیاری: تمام چیزیں سرمہ کی طرح باریک کرلیں۔

افعال و خواص: اس سرمہ کا ہمیشہ استعمال کرنے سے امراض چشم سے محفوظ رہیں گے۔ ککروں کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف قلاع

شورہ قلمی	کتھہ	گل سرخ	کافور	نیلا تھوتھا بریاں
2 ماشہ	2 ماشہ	2 ماشہ	1 ماشہ	6 رتی

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: پھنسیوں پر چھڑکیں۔

افعال و خواص: منہ کی پھنسیوں پر سفوف چھڑکیں۔

☆☆☆☆☆

حب ہسٹریا یا اختناق الرحم

جند بدستر	ہینگ	جدوار	افیون	کافور	کونین ہاورڈ
3ماشہ	6ماشہ	6ماشہ	2ماشہ	2ماشہ	6ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حب بقدر ایک ایک کی بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ مریضہ کو سوتے وقت معجون نجاح کی ایک خوراک بھی دیا کریں۔

نوٹ! اگر مریضہ کو بندش حیض ہو تو پہلے وہ رفع کریں پھر دوائی استعمال کرائیں۔

☆☆☆☆☆

حب تریاق اٹھرا

ھوالشافی:

طباشیر	برگ شہندیوی	تخم دھتورہ	برگ تلسی
4ماشہ	4تولہ	111عدد	2تولہ

جاوتری	زعفران	زیرہ گلاب	کستوری	گوند کیکر یا شہد
2تولہ	4ماشہ	4ماشہ	1ماشہ	1تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر رتی رتی کی گولیاں بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر، شام کھلائیں۔

ترکیب استعمال: ابتدائے حمل میں ایک ہفتہ پہلے ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی کھلائیں۔ پھر چالیس روز تک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔ پھر بچہ پیدا ہونے تک ایک گولی روزانہ کسی وقت پانی سے دیں۔

افعال و خواص: ہر قسم کے اٹھرا کے لئے مفید ہے۔

نوٹ! اگر مریضہ کا مزاج گرم ہو تو اس کے ساتھ حب صندلین کا استعمال بھی کرائیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی دوائی ایک گولی جاری رکھیں بچہ کے دودھ چھڑانے تک۔ اسی طرح نومولود بچہ کو بھی دانہ باجرہ کے برابر دوائی ماں کے دودھ یا پانی میں گھس کر دیں۔ دودھ چھڑانے تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔ انشاء اللہ بچہ اور زچہ اس مرض سے محفوظ رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

حب مرگی

ھوالشافی:

جو کا آٹا	خون سنگ پشت

درج بالا دونوں چیزیں حسب ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری: جَو کا آٹا کو خون سنگ پشت میں بھگو کر خشک ہونے کے بعد حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب روزانہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال و خواص: 7دن میں مرض جاتا رہے گا۔ مرگی، اُم الصبیان کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب اُم الصبیان

حوالشافی:

لونگ	ہنگ	مغز جائفل
1ماشہ	1ماشہ	2ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ پانی، بہتر یہ ہے کہ عرق بادیان کے ساتھ کھلائی جائیں۔

افعال و خواص: اُم الصبیان، مرگی، تشنج کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے سگ دیوانہ

مغز جمال گوٹہ ایک عدد لیں۔

ترکیب استعمال: سگ دیوانہ کے کاٹنے پر دس بارہ روز کے اندر اندر جمال گوٹہ کو پتھر پر گھس کر سلائی کے ذریعہ سے دونوں آنکھوں میں لگائیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ جو مواد آنکھ، ناک اور منہ سے خارج ہو اسے صاف کرتا رہے۔ ایک گھنٹہ بعد مریض کی آنکھیں لسی شیر گاؤ سے دھوتے رہیں۔ اور یہ خیال رہے کہ دوا آنکھ میں بالکل نہ رہے۔ دس گھنٹہ کے بعد مریض کی آنکھوں پر بالائی شیر یا مسکہ گاؤ کا پھایہ باندھیں۔ صبح کو اگر آنکھوں میں کوئی تکلیف باقی ہو تو پھایہ دوبارہ باندھیں۔ تیسرے روز مریض کو مسہل حب السلاطین دیں۔

نوٹ! چالیس روز تک زخم سگ گزیدہ کو مندمل نہ ہونے دیں اس لئے لہسن یا مرچ سرخ کی پٹی باندھیں۔ (۲) مریض کو پانی اور سورج کی چمک سے بچائیں۔ مریض پانی کا استعمال مٹی کے برتن میں کرے۔

افعال و خواص: سگ دیوانہ کے کاٹے پر مؤثر ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے مارگزیدہ

حوالشافی:

صدف مرواریدی	شیر مدار
5تولہ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: صدف کے ٹکڑے کرکے پیالہ روغنی میں رکھ کر شیر مدار اتنا ڈالیں کہ صدف اس میں ڈوبا رہے۔ گیارہ دن تک محفوظ جگہ پر رکھیں اور گرد وغبار سے بچائیں۔ اس دودھ پر جو جالا جمع ہوتا ہے اسے اتارتے رہیں۔ بارھویں دن صاف کرکے صدف کے ٹکڑے نکال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے 25 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی گندم کی روٹی کے ایک نوالہ میں لپیٹ کر مریض کو کھلائیں۔ اور اس کے اوپر نیچے لحاف اوڑھا کر سلادیں۔ ایک گھنٹہ بعد دیکھیں گے کہ وہ پسینہ سے تر بتر ہوگا۔ اور زہر خارج ہوجائے گا۔ ایک ہی دن میں شفا ہوجائے گی۔

نوٹ! احتیاطاً دوسری خوراک کھلانی ہو تو تقریباً 12 گھنٹے بعد وزن کم کرکے کھلائیں۔ ایک رتی یا 2 رتی دیں۔ کوئی حرج نہیں اگر مریض کو پیاس لگی ہو تو دوا کھلانے سے پہلے مریض کو پانی پلا لیا جائے۔

افعال و خواص: مارگزیدہ کو ایک ہی روز میں مکمل شفا ہوجاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے عقرب

حوالشافی:

آکھ آب نارسیدہ	کالانمک	شیرعشر	گلیسرین
4ماشہ	6ماشہ	2تولہ	3ماشہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کھرل کر کے گلیسرین میں ملا کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت 4 رتی مقام معاؤف پر مالش کریں فوراً آرام ہوگا۔

افعال و خواص: عقرب گزیدہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

روحانی عمل برائے عقرب

وَاِذَا بَتَشْطُمُ بَتَشْطُمُ جَبَّارِیْنَ ۔دل میں 7 مرتبہ پڑھیں اور پھونک ماریں۔ اسی وقت شفا ہوگی۔

اس کے ساتھ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر لعاب دہن ڈنگ کی جگہ پر لگائیں فی الفور شفا ہوگی۔

ہر خاص وعام کو اس عمل کی اجازت دیتا ہوں۔ سگ مدینہ حکیم صوفی رفاقت علی چشتی۔

☆☆☆☆☆

دوائے استسقاء

حوالشافی:

مصطلگی رومی	سنامکی	سنڈھ	پوست ہلیلہ زرد	اجوائن دیسی
6ماشہ	2تولہ	2تولہ	2تولہ	3تولہ

ترکیب تیاری: مصطلگی رومی کو بریاں کر کے مذکورہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و خواص: استسقاء کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

معجون برائے قبض کشائی

سقمونیا	برگ سنامکی	پوست ہلیلہ کابلی	جلاپا
اڑھائی تولہ	5تولہ	5تولہ	5تولہ
مغز بادام شیریں	گودا ملتاس	روغن بادام	گل قند
اڑھائی تولہ	5تولہ	2تولہ	1کلو

ترکیب تیاری: پوست ہلیلہ اور جلاپا کو کوٹ کر روغن بادام میں چرب کر لیں۔ بعد ازاں جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر گلقند میں ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے 2 ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ یا پانی کھلائیں۔

افعال و خواص: دائمی قبض کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ حجر الیہود برائے پتھری گردہ

حجر الیہود	شیر عشر	برگ کیلا سبز
2تولہ	10تولہ	1پاؤ

ترکیب تیاری: حجر الیہود کو شیر عشر میں خوب کھرل کر کے قرص بنالیں اور

خشک ہونے پر برگ کیلا سبز کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ میں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 رتی ہمراہ خیساندہ یا جوشاندہ

اجزا جوشاندہ (سردی کے موسم میں)

خارخسک	پوست خرپزہ
1 تولہ	2 تولہ

ترکیب تیاری: 2 کپ پانی میں رات کو ادویہ بھگو دیں۔ صبح یہاں تک جوش دیں کہ پانی 1 کپ رہ جانے پر پُن کر استعمال کریں۔

خیساندہ (گرمی کے موسم میں)

مذکورہ ادویہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اسی پانی کو پُن کر استعمال کریں۔

افعال و خواص: میں پتھری گردہ، مثانہ، پتہ کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

سفوف اکسیر جگر شیریں

مصطلگی رومی	پودینہ	انیسوں	بادیان	فلفل سیاہ	الائچی سفید	چینی
5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	5 تولہ	3 تولہ	3 تولہ	1 کلو

ترکیب تیاری: پہلے مصطلگی رومی کو آہنی توے پر ہلکی آگ پر بریاں کرلیں تاکہ آسانی سے پیس کر مذکورہ ادویہ میں ملا کر اور چینی ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: چائے والی چمچ صبح وشام کھانے کے بعد دیں۔

افعال و اثرات: میں غدی اعصابی ہے۔ محرک غدد، محلل عضلات، مسکن اعصاب ہے۔ ورم جگر، ورم معدہ، گیس وتبخیر کے لئے موزوں ہے۔

حب برائے ٹانسلز گلا

جدوار خطائی	کالی زیری	اسطوخودوس
1 تولہ	5 تولہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ جوشاندہ سونف دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ گلے کا بڑھ جانا، مقوی دماغ، نزلہ زکام کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

مولد سفوف جراثیم

تخم اوٹنگن	تخم لاجونتی	تمر ہندی	کوزہ مصری

درج بالا چاروں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چائے والی چمچ صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ مولد جراثیم، مقوی جراثیم، کمی جراثیم، مغلظ منی، مولد منی ہے۔ سرعت انزال کے لئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

حب بواسیری

مصطلگی رومی	رسونت	مغز نیم	تخم بکائن	بلیلہ سیاہ	گوگل	فلفل سیاہ	گوند کیکر

درج بالا تمام چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: پہلے مصطلگی رومی کو بریاں کر کے سفوف بنا کر مذکورہ ادویہ

کے سفوف میں ملا کر محفوظ کر کے حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک حب صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات: میں محرک عضلات، محلل اعصاب، مسکن غدد ہے۔ بواسیر بادی خونی کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

دوائے جراثیم

مصطلگی رومی	الائچی خورد

درج بالا دونوں چیزیں ہم وزن لیں۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 ماشہ صبح منہ نہار ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: مولد جراثیم، مقوی جراثیم ہے۔

☆☆☆☆☆

تمباکو نوشی سے نجات

بادام شیریں	تخم بادیان
5عدد	3ماشہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

افعال و خواص: کھانسی، مٹی کی عادت چھڑانے، بخار، تمباکو نوشی کی عادت رفع کرنے کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک: مذکورہ ادویہ یہ ایک خوراک ہے۔ ہمراہ پانی دیں۔

☆☆☆☆☆

فہرست عضلاتی اعصابی تا عضلاتی غدی
مرکبات فارما کوپیا صابر ملتانیؒ

اشاریہ امراض

فہرست قرابادینی نسخہ جات

حکیم صوفی رفاقت علی سالکی چشتی

کی دیگر کتب زیر طبع ہیں

نور حکمت	مطب عملی
امراض مردانہ	امراض چشم
امراض کان	کتاب المخفی سوالاً جواباً
سپر گائیڈ	علاج باالغربا
علاج باالمائع	کتاب المرکبات

عون و عدن برادران پبلشرز

C-157 ڈی بلاک گلشن راوی لاہور

0306-4376396